"کوثر و گنگا کو اک مرکز پہ لانے کے لیے ایک نیا سنگم بناؤں گا زمانے کے لیے"

سچ کی آواز

SACH ki AWAZ • सच की आवाज़

@sachkiawazdaily @sachkiawazdaily

Published from New Delhi

www.sachkiawaz.com

نئی دہلی • جلد: 1 • شمارہ: 125 • قیمت: 3.00 ₹ منگل، 18 دسمبر 2018 مطابق 10 ربیع الثانی 1440ھ • بے باک صحافت کا علمبردار •

₹3.00 • Pages 12 New Delhi • Vol.:1 • Issue: 125 (City) TUESDAY 18 DECEMBER 2018

امپائر کا غلط فیصلہ، ٹیم انڈیا مشکل میں

P12

اسد کے جمہوری طور پر منتخب ہونے پر ہی ساتھ کام کرنے پر غور کریں گے: ترکی

P09

مدھیہ پردیش میں کسانوں کا قرض معاف

کانگریس نے پورا کیا وعدہ ○ کمل ناتھ نے قرض معافی کی فائل پر کیے دستخط

بھوپال، (پی این این)

مدھیہ پردیش کا وزیر اعلیٰ بنتے ہی کانگریس لیڈر کمل ناتھ نے سب سے پہلے کسانوں کی قرض معافی کی فائل پر دستخط کر دیئے ہیں۔ واضح ہو کہ کانگریس نے انتخاب میں وعدہ کیا تھا کہ اگر ان کی پارٹی اقتدار میں آتی تو دس دن میں کسانوں کا قرض معاف کر دیا جائے گا۔

مدھیہ پردیش کے وزیر اعلیٰ کے عہدہ کا حلف لینے کے بعد گھنٹے بعد ہی کمل ناتھ نے قرض معافی کی فائل پر دستخط کر دیئے ہیں۔ اس آرڈر کے ساتھ ہی کسانوں کو سرکاری اور کوآپریٹو بینکوں کے ذریعہ دیا گیا اوا کردہ روپے تک کا قلیل مدت کا مکمل قرض معاف ہو جائے گا۔

غور طلب ہے کہ کانگریس صدر راہل گاندھی اور دوسرے لیڈروں نے الیکشن میں وعدہ کیا تھا کہ اگر ریاست میں ان کی سرکار بنتی ہے تو صرف دس دن میں کسانوں کا قرض معاف کر دیا جائیگا۔ مدھیہ پردیش سرکار کے اس قدم کے بعد کانگریس صدر راہل گاندھی نے ٹویٹ کر کے کہا کہ ایک کے کیا وعدہ باقی۔

اسی ضمن میں وزیر اعلیٰ نے اپنے پہلے کام کے طور پر قرض معافی کی فائل پر دستخط کر دیئے۔ اس کے ساتھ ہی کنیا وواہ یوجنا کے تحت دی جانے والی رقم کو بڑھا کر 51 ہزار روپے کر دیا ہے۔ ریاست میں چار گارمینٹ پارک بنانے کو بھی منظوری دی گئی ہے۔

اس سے پہلے بھوپال کے جمبوری میدان میں منعقد حلف برداری پروگرام میں کانگریس صدر راہل گاندھی سمیت اپوزیشن کے تمام بڑے لیڈر موجود تھے۔ وزیر اعلیٰ کمل ناتھ نے کہا اس عہدہ پر آنے کے بعد میں نے دو پہلی فائل سان کی ہے، وہ ہے کسانوں کا وعدہ اور پلیٹ کا قرض معاف کرنے کی۔ جیسا کہ میں نے وعدہ کیا تھا۔ سرمایہ کاری کو فروغ دینے کی ہماری اسٹیم بھی تابند ہوگی، جب 70 فیصد روزگار اہم پی نے لوگوں کو دیا جائے گا۔ بیمار اور اتر پردیش جیسے صوبوں کے لوگوں کو یہاں روزگار ملتا ہے اور مقامی لوگوں کو کام نہیں ملتا۔ اس ضمن میں بھی میں نے فائل پر سان کئے ہیں۔

مدھیہ پردیش کے وزیر اعلیٰ کی جانب سے دستخط کرنے کی خبر کے کچھ دیر بعد ہی کانگریس صدر راہل گاندھی نے ٹویٹ کر کے کہا مدھیہ پردیش کے دیہاتی نے کسانوں کا قرض معاف کیا۔ ایک نے کیا وعدہ باقی ہیں۔

بھوپال: نو منتخب وزیر اعلیٰ کمل ناتھ کسانوں کی قرض معافی کی فائل پر دستخط کرتے ہوئے

تین طلاق پر بنے گا قانون، بل پیش

قانون میں طلاق دینے پر 3 سال کی سزا کا التزام ○ بیوی کی رضامندی پر ملے گی ضمانت

نئی دہلی، (پی این این)

تین طلاق کو غیر قانونی اور غیر ضمانتی جرم بنانے سے متعلق مسلم خواتین (شادی کے حقوق کی حفاظت) بل 2018' آج لوک سبھا میں پیش ہو گیا۔

مختلف مسئلوں پر ایوان میں جاری ہنگامے کے درمیان قانون اور انصاف کے وزیر روی شنکر پرساد نے وقفہ صفر سے پہلی بل پیش کرنے کی اجازت طلب کی۔ کانگریس کے مشی شرد نے یہ کہتے ہوئے بل کی مخالفت کی کہ خواتین کا استحصال روکنے جیسے بڑے مسئلوں کے بجائے یہ بل ایک مخصوص طبقے کے لوگوں کے لئے قانون بنانے کے مقصد سے لایا گیا ہے۔ یہ سازشہ معاملے میں سپریم کورٹ کے حکم کی خلاف ورزی ہے اور کیونکہ یہ مخصوص طبقے کے لئے لایا گیا ہے اس لئے یہ آئینی نقطہ نظر سے بھی غلط ہے۔

اس کے جواب میں پرساد نے پی ایل ڈی کہ یہ بل مسلم خواتین کے حقوق کی حفاظت کرنے لایا گیا ہے۔ سپریم کورٹ کے ڈر یعہ تین طلاق کی روایت کو غیر آئینی ٹھہرائے جانے کے بعد بھی بلا ٹوٹ اس پر عمل کیا جا رہا تھا۔ اس لئے حکومت مسلم خواتین کے حق میں یہ بل لائی ہے۔ اس کے بعد شور شرابے کے درمیان ہی ایوان نے صوتی ووٹوں سے بل پیش کرنے کی منظوری دے دی۔

اس بل میں تین طلاق دینے پر تین سال کی سزا کا التزام ہے۔ اس کے لئے حکومت پہلے ہی آرڈیننس لا چکی ہے۔ تین طلاق کو غیر ضمانتی جرم کے زمرے میں رکھا گیا ہے، حالانکہ بیوی کی رضامندی پر مقدمہ رجسٹر نہ ملزم شوہر کو ضمانت دے سکتا ہے۔ اس کے علاوہ یہ بھی التزام ہے کہ شکایت کا حق متاثرہ بیوی، اس سے خون کا رشتہ رکھنے والوں اور شادی کے بعد بنے اس رشتہ داروں کو بھی ہوگا۔

گھر بھر کے لئے مقوی اجزاء سے بھرپور

موصلی کیسر پراش™

فطری حفظان صحت

Website: www.dehlvi.com

بچوں، خواتین و مرد حضرات - سب کے لئے یکساں طور پر مفید ہے۔

پیکنگ: 380 گرام

بزرگوں، جوانوں اور بچوں کی کے لیے ایک ایسا صحت بخش ٹونک جو آپ کو ان بھر جسے اور پھرتیلا بنائے رکھتا ہے۔ 23 مقوی بدن ادویہ سے تیار، موصلی کیسر پراش، قلب، دماغ، نظام اعصاب و جنس، جگر و نظام ہضم سمیت جسم کے ہر حصے کو تقویت بخشتا ہے۔

MOHSIN Dehlvi Naturals
An ISO 9001:2008 and GMP Certified Co.
4, Club Road, Civil Lines, Delhi - 110 054
Customer Care: 011-42141431

DELHI DISTRIBUTOR - DEHLVI AGENCIES: 7840057598, 8376857879; UP DISTRIBUTOR (WEST) - FRIENDS STORES & AGENCIES: 9359626325, 8307169592; Agencies - MORADABAD - 9058123605 & 7417521545; AMROHA - 9319091737; RAMPUR - 9259924282; BULANDSHAHAR - 9359915662; SAMBHAL - 9758267766; BAREILLY - 9897585575; MEERUT - 9917425828; SAHARANPUR - 9412097854; BIJNORE - 9411042952; MUZAFFARNAGAR - 8273551391
RAJASTHAN DISTRIBUTOR - New Rabbani Medical Stores, Jaipur: 9314509626

ممبئی کے اسپتال میں آگ، 5 ہلاک

ممبئی، (پی این این)

ممبئی کے ای ایس آئی کی کارکر اسپتال میں آگ لگنے سے 5 لوگوں کی موت ہو گئی ہے۔ وہیں بیمار کی شام کو ہوئے حادثہ میں 50 سے زیادہ لوگ زخمی ہو گئے۔ جائے حادثہ پر فائر بریگیڈ کی گاڑیاں پہنچ گئی ہیں اور راحت کا کام تیزی سے چل رہا ہے۔ آگ پر قابو پانے کی کوشش کی جا رہی ہے۔

سکھ مخالف فسادات کے متاثرین کو ملا انصاف

سجن کمار کو عمر قید کی سزا، 31 دسمبر تک خود سپردگی کا حکم



نئی دہلی، (پی این این)

دہلی میں 1984 کے سکھ مخالف فسادات کے ایک معاملے میں دہلی ہائی کورٹ نے ایک بڑا فیصلہ سناتے ہوئے کانگریس لیڈر سجن کمار کو تصور قرار دیئے عمر قید کی سزا سنائی ہے۔ اس معاملے میں سجن کمار کو نچلی عدالت نے بری کر دیا تھا جس کے خلاف متاثرہ فریق اور مرکزی جانچ بیورو نے ہائی کورٹ میں اپیل دائر کی تھی۔ سجن کمار کو 31 دسمبر تک خود سپردگی کرنی ہوگی ورنہ تب تک انہیں دہلی سے باہر نہیں جانے کی اجازت نہیں ہے۔

سجن کمار کے علاوہ بکر سے ریٹائرڈ افسر کیپٹن بھاسل کا کانگریس کے سابق کونسلر بلوان کھوکھر اور کھاری ال کو بھی مجرم قرار دیا گیا ہے۔ ان تینوں کو نچلی عدالت نے عمر قید کی سزا سنائی تھی۔ ان کے علاوہ سابق ممبر اسمبلی مہندر یادو اور کشن کھوکھر کی تصور قرار پائے گئے انہیں اور سازش رچنے کا تصور وار قرار دیا ہے ان کے لئے اے عمر قید کی سزا سنائی۔ اس معاملے میں سجن کمار کو نچلی عدالت نے بری کر دیا تھا جس کے خلاف متاثرہ فریق اور مرکزی جانچ بیورو نے ہائی کورٹ میں اپیل دائر کی تھی۔ سجن کمار کو 31 دسمبر تک خود سپردگی کرنی ہوگی ورنہ تب تک انہیں دہلی سے باہر نہیں جانے کی اجازت نہیں ہے۔

سجن کمار کے علاوہ بکر سے ریٹائرڈ افسر کیپٹن بھاسل کا کانگریس کے سابق کونسلر بلوان کھوکھر اور کھاری ال کو بھی مجرم قرار دیا گیا ہے۔ ان تینوں کو نچلی عدالت نے عمر قید کی سزا سنائی تھی۔ ان کے علاوہ سابق ممبر اسمبلی مہندر یادو اور کشن کھوکھر کی تصور قرار پائے گئے انہیں

نریندر پال سنگھ کلدیپ اور گھوبند سنگھ قتل کر دیا گیا تھا جبکہ ان فسادات میں دیگر خاندان کے گریبت اور ان کے بیٹے کہر سنگھ بھی مارے گئے تھے۔

دہلی پولیس نے سال 1994 میں یہ کیس بند کر دیا تھا، لیکن ناناوتی کمیشن کی رپورٹ کی بنیاد پر 2005 میں اس معاملے میں کیس درج کیا گیا۔ مئی 2013 میں نچلی عدالت نے اس معاملے میں سابق کانگریس کونسلر بلوان کھوکھر، بکر سے ریٹائرڈ افسر کیپٹن بھاسل، کرو ھاری ال اور دو دیگر افراد کو مجرم قرار دیا لیکن کانگریس لیڈر سجن کمار کو ثبوتوں کی عدم دستیابی پر بری کر دیا تھا۔

راہل کی بس میں سوار ہوئے اپوزیشن کے سورما

جے پور، (پی این این)

ہندی بیلٹ کے تین صوبوں میں واپسی کرنے والی کانگریس نے راجستھان میں اشوک گہلوت کی قیادت میں سرکار بنا لی۔ اس کے بعد مدھیہ پردیش میں کمل ناتھ نے سی ایم عہدہ کا حلف لیا جبکہ چھتیس گڑھ میں بھوپیش بگھیل کی حلف برداری شام کو ہوئی۔ راجستھان اور مدھیہ پردیش کی حلفیہ تقریب میں کانگریس نے اپوزیشن لیڈروں کو ایک منچ پر لا کر طاقت کا مظاہرہ کرنے کی کوشش کی۔ حالانکہ اس میں بی ایس پی سپریمو مایاوتی اور سماج وادی پارٹی کے سربراہ اکھلیش یادو کی کمی رہی۔

ہے پور کے البرٹ ہال میں ہوئے گہلوت کی حلفیہ تقریب میں آئے اپوزیشن لیڈر کانگریس صدر راہل گاندھی کی بس میں سوار دکھائی دیئے۔ راہل کے ٹوئٹر ہینڈل سے ایک تصویر پوسٹ کی گئی جس میں وہ بس میں سابق پی ایم من موہن سنگھ کے پاس بیٹھے دکھائی دے رہے تھے۔ خاص بات یہ تھی کہ اسی بس میں شرد یادو، فاروق عبداللہ اور شرد پوار جیسے اپوزیشن کے سینئر لیڈر بھی بیٹھے تھے۔ 2019 میں پی ایم عہدہ کی امیدواری لئے راہل گاندھی کی پرزور حمایت کرنے والے ڈی ایم کے لیڈر اسٹالن بھی بس میں راہل کے پیچھے موجود تھے۔

راہل گاندھی کے، اپوزیشن کے لیڈروں نے گہلوت کی حلف برداری تقریب میں شرکت کیلئے جاتے ہوئے

بابری مسجد کے حامی بھارت چھوڑو، وی ایچ پی کی دھمکی

سری نگر، (یو این آئی)

وشو ہندو پریشد (وی ایچ پی) کی جانب سے ایودھیا میں بابری مسجد کے متنازعہ مقام پر رام مندر کی تعمیر کے لئے بنائی گئی کمیٹی کے سربراہ شنس دیو آچاریہ نے کہا کہ جھگڑے ایودھیا میں بابری مسجد بنانا چاہتے ہیں وہ اس ملک سے نکل جائیں۔ انہیں نے جموں و کشمیر کا نام لئے بغیر کہا کہ ہم یہاں دو آئین اور دو جھنڈوں کی اجازت نہیں دیں گے۔

جس دیو آچاریہ نے ریاستی گورنر ستیہ پال ملک کی خوب تعریف کرتے ہوئے کہا کہ انہوں نے ریاست میں دہشتگردوں کی حمایت والی سرکار کو نہیں بننے دیا۔ ان کا اشارہ پی ڈی پی، نیشنل کانفرنس اور کانگریس کے حالیہ گرینڈ الائنس کی طرف تھا۔

آچاریہ نے کہا کہ گورنر کی جانب سے ریاست میں دہشتگردوں کی حمایت والی سرکار کو ہٹنے سے روکنا جموں و کشمیر میں ہندوؤں کی جیت ہے۔ انہوں نے پی ڈی پی حکومت کے ایجنڈے پر بات کرتے ہوئے کہا کہ اس سے اچھے دن کیا ہو سکتے ہیں کہ کشمیر میں پتھر بازوں کو سمارا جا رہا ہے۔

شنس دیو آچاریہ جموں کے پریڈ گراؤنڈ میں اتوار کو وی ایچ پی کے زیر اہتمام منعقد ہونے والی دھرم سبھا (مذہبی کانفرنس) سے خطاب کر رہے تھے۔ دھرم سبھا میں سرکردہ ہندو سادھوؤں اور سنتوں کے علاوہ ہندو مذہب کے سینکڑوں پیروکاروں نے شرکت کی۔

وی ایچ پی کی اس دھرم سبھا میں پی ڈی پی ریاستی یونٹ کے سینئر لیڈر ان بشمول ریاستی صدر رویندر ریڈی، سابق ریاستی صدر ست شرما، ممبر پارلیمنٹ جگل کشور شرما، سابق وزراء شام چودھری، چندر پرکاش گنگا اور جموں کے میئر چندر موہن گپتا موجود تھے۔

حریم انٹرنیشنل ٹور اینڈ ٹریولس کی شاندار پیشکش

مکہ مدینہ کی پُر بہار فضاؤں میں خوش گوار سفر سہانے موسم میں عمرہ پر جانے کا سنہرا موقع

دہلی سے ڈائریکٹ فلائٹ | معیاری قیام وطعام | ایفائے وعدہ ہمارا شعار

عمرہ گولڈن پیکج 20 دن	₹ 65000/-	قیام مدینہ 100-150 میٹر کے فاصلے پر، قیام مکہ 400-500 میٹر کے فاصلے پر، ناشتہ دو وقت طعام، لانڈری، زیارات
عمرہ سلور پیکج 17 دن	₹ 61000/-	قیام مدینہ 100-150 میٹر کے فاصلے پر، قیام مکہ 400-500 میٹر کے فاصلے پر، ناشتہ دو وقت طعام، لانڈری، زیارات
عمرہ ڈیلکس 17 دن	₹ 56000/-	قیام مدینہ 200-250 میٹر کے فاصلے پر، قیام مکہ 600-700 میٹر کے فاصلے پر، ناشتہ دو وقت طعام، لانڈری، زیارات
عمرہ سیمی ڈیلکس 15 دن	₹ 52000/-	قیام مدینہ 200-250 میٹر کے فاصلے پر، قیام مکہ 600-700 میٹر کے فاصلے پر، ناشتہ دو وقت طعام، لانڈری، زیارات

ہمارے نمائندے

عبدالباقی مراد نگر، رنبال سوری سڑا سنا 9359528768	محمد شعیب خان، رجال آباد 9557651996	
محمد اسلم راجو پور و اطراف 9897961245	حافظ عزیز الرحمن کنتوی و مظفر نگر 9897265001	
شارق عثمانی میرٹھ، سرسا و سہارنپور 9358350894	عمیر احمد مراد آباد 9760327372	
محمد فیصل صدیقی سرسا و سہارنپور 9997078008	قاری نسیم منصور (منصور روڈی و نیرہ) 9410149498	

فری عمرہ اسکیم

ائمہ مساجد اور مدارس کے اساتذہ کرام رابطہ کریں

ڈائریکٹر: اخلد محمود عثمانی

ہمارا نمائندہ بننے کے لیے رجسٹریشن کرائیں

Under Taken By Rashid Company®

Hareem International Umra Tour & Travels

حریم انٹرنیشنل عمرہ ٹور اینڈ ٹریولس

7906076804 , 8860127177
9837535500 , 8077845054

Abulmali Street, Moulana Usman Chowk, Deoband, Distt. Saharanpur U.P. 247554

پہلے جانو فیر مانو Kazima

ایک پروڈکٹ خریدنے پر ایک 15gr کولڈ کریم

کازیما برانڈ کے پروڈکٹ کولڈ کریم باڈی لوشن، ہیئر آئیل، شیمپو، کنڈیشنر، ہیئر سیرم، فیسواش، سکرب اور ایلو ویرا جیل آدی !

سیلس پرتینیدھی سمپرک کرے

ڈسٹریبیوٹر اور دوکاندار سیل پر اینامی یوجنا کا لابھ اٹھائے !

Trade Enquiry :- +91-9643799943

Available on :- amazon Flipkart

Our Certificates

www.kazimaperfumers.com , sales@kazimaperfumers.com

/kazimacosmatics Like us /KAZIMACosmatics

کازیما برانڈ کے پروڈکٹ کولڈ کریم باڈی لوشن، ہیئر آئیل، شیمپو، کنڈیشنر، ہیئر سیرم، فیسواش، سکرب اور ایلو ویرا جیل آدی !

"کہنے کا کام کرو، ہمارے لیے نہیں، ایک باشعور ملک بنانے کے لیے"
میرا دیس
سچ کی آواز
SACH KI AWAZ • सच की आवाज़
Published from New Delhi
@sachkiawazdaily @sachkiawazdaily
www.sachkiawaz.com

سکھ فساد معاملے کی پارلیمنٹ میں گونج

بی جے پی اور کانگریس ایک دوسرے پر حملہ آور

نئی دہلی(پی این این)
1984 کے سکھ فسادات کو لیکر سیاست گرم ہوگئی ہے اس سیاست کی گرمی پارلیمنٹ کو بھی متاثر کررہی ہے۔ بی جے پی کو کانگریس پر حملہ کرنے کا اچھا موقع مل گیا کانگریس اپنا دفع کرنے میں لگی ہوئی ہے۔ جن کمار کو سکھ فسادات میں عمر قید کی سزا ملنے پر سوالات اٹھنے شروع ہوگئے ہیں۔

آج مدھیہ پردیش میں کمل ناتھ وزیر اعلیٰ کا حلف لیا ہے ان کو لیکر بھی بی جے پی نشانہ سادھ رہی ہے۔ بی جے پی کے اس رویہ کو لیکر کانگریس نے اسے گجرات فسادی یاد دلائی ہے اور بی ایم سودی کو گھیرا ہے۔ کمل ناتھ کے پہلو میں کانگریس نے گجرات کا الٹا ہو اخطابی ہے۔ کانگریس کا کہنا ہے کہ عدالت کے فیصلے کو سیاسی رنگ نہیں دینا چاہا چاہئے۔ جن کمار کو عہدے پر رکھنا بھی انہیں ٹکٹ دیا گیا ہے۔ کانگریس کے سینئر رہنما کپل سبل کا کہنا ہے کہ کمل ناتھ پر کوئی ایف آئی آر نہیں ہوئی ہے اگر کمل ناتھ ملزم ہیں تو وزیر اعظم نریندر مودی بھی ملزم ہیں۔ ان پر بھی کمل ناتھ جیسے ہی الزام لگے ہیں۔ وہ کیسے بی ایم بن گئے اس کی بھی جانچ ہونی چاہئے۔

خورطلب ہے کہ دہلی ہائی کورٹ نے اپنا فیصلہ سناتے ہوئے سکھ قتلِ فسادات کو سیاسی سازش قرار دیا تھا۔ اس پر تبصرہ کرتے ہوئے وزیر خزانہ ارون جیٹلی نے کہا ہے کہ اس سیاسی سازش کے پیچھے جن لوگوں کا ہاتھ تھا انہیں سزا ملنی چاہئے۔ اس کے جواب میں کانگریس کا کہنا ہے کہ گجرات میں 2002 میں جو فسادات ہوئے انہیں بھی عدالت نے سازش قرار دیا تھا۔ ایسے میں ان فسادات کی ملزم مایا کوندنانی کے پیچھے جو لوگ تھے انہیں بھی سزا ملنی چاہئے۔ واضح ہو کہ 1984 کے دنگے بھڑکانے کے الزامات جن کمار اور کمل ناتھ پر لگے تھے۔ متاثرین نے کمل ناتھ کو وزیر اعلیٰ بنائے جانے پر سوال اٹھائے ہیں۔ حالانکہ کمل ناتھ کا کہنا ہے کہ وہ بے قصور ہیں۔ اکالی دل کے لوک سبھا رکن پرم سنگھ چندو ماجرا نے بانی کانگریس کے فیصلے پر اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ کانگریسی سکھ سماج کو یہ جواب دے کہ اس نے کمل ناتھ کو کیسے وزیر اعلیٰ بنادیا اگر کانگریس نے انہیں ان کے عہدے سے نہیں ہٹایا تو سکھ سماج کے غصے کا سامنا کرنا پڑے گا۔

بہر حال حکومت اور اپوزیشن کے اراکین کے درمیان 1984 کے فسادات اور دیگر مسئلوں پر ہنگامہ کرنے کی وجہ سے لوک سبھا کو دو بار ملتوی کرنا پڑا کانگریس کے اراکین رافیل جنگی طیارے کی خواہش کی پارلیمانی کمیٹی سے جانچ کا مطالبہ کررہے تھے۔ اے ٹی اے ڈی ایم کے کے رکن کاوری ندی پر باندھ کی مخالفت کررہے تھے۔ ٹی ڈی پی کا تلگو دیشم کو اجازت ملنے کی وجہ سے لوک سبھا میں ہنگامہ ہوا۔ کانگریس کے اراکین رافیل جنگی طیارے کی خواہش کی پارلیمانی کمیٹی سے جانچ کا مطالبہ کررہے تھے۔ اے ٹی اے ڈی ایم کے کے رکن کاوری ندی پر باندھ کی مخالفت کررہے تھے۔ ٹی ڈی پی کا تلگو دیشم کو اجازت ملنے کی وجہ سے لوک سبھا میں ہنگامہ ہوا۔

مالدیپ کو 1.4 ارب ڈالر کا قرض دے گا ہندوستان

نئی دہلی(یو این آئی)
وزیر اعظم نریندر مودی نے مالدیپ کی ترقی کے سفر میں تعاون کا عہد دہراتے ہوئے کہا کہ ہندوستان مالدیپ کے سماجی اور اقتصادی ترقی کے لئے ایک ارب چالیس کروڑ امریکی ڈالر کی اقتصادی مدد کے گا۔ مودی نے مالدیپ کے صدر ابراہیم محمد صالح کے ساتھ میٹنگ کے بعد جاری بیان میں کہا'صدر صالح اور میرے درمیان آج خیر گالی اور دوستانہ ماحول میں بہت کامیاب گفتگو ہوئی۔

ہم نے دونوں ملکوں کے درمیان روایتی مضبوط اور دوستانہ تعلقات کو مزید مستحکم کرنے کے اپنے عہد کا اعادہ کیا۔ ''وزیر اعظم نے کہا کہ ہندوستان مالدیپ کے لوگوں کی زندگی میں تبدیلی لانے کی موجودہ حکومت کے پرعزم منصوبوں اور عوامی ترقی کے اس کے وبن میں مالدیپ کے ساتھ ہے۔

انہوں نے کہا کہ ہندوستان مالدیپ کے سماجی اور اقتصادی ترقی کے لئے بجٹ تعاون کرنے سوپ کے ساتھ ساتھ دیہاتی سطح پر ایک ارب چالیس کروڑ امریکی ڈالر کی اقتصادی مدد فراہم کرے گا۔ مودی نے کہا کہ ہندوستان دولت مشترکہ ملکوں کے گروپ اور انڈین اوشین رم ایسوسی ایشن میں شامل ہونے کے مالدیپ کے فیصلے کا خیر مقدم اور حمایت کرتا ہے۔ دونوں ملک اس بات سے متفق ہیں کہ ہند بحرالکاہل علاقے میں امن اور سلامتی برقرار رکھنے کیلئے تعاون کی مزید فراہم کرنے کی ضرورت ہے۔

ٹی وی: مالدیپ کے صدر ابراہیم محمد صالح حیدرآباد ہاؤس میں وزیر پریس پر دستخط کرتے ہوئے، وزیر اعظم جناب نریندر مودی کو دیکھا جاسکتا ہے۔

پارلیمنٹ کو عدلیہ کے فیصلے کا جائزہ لینے کا حق

نئی دہلی(یو این آئی)
مارکسی کیمونسٹ پارٹی (سی پی ایم) کے جنرل سکریٹری سیتا رام یچوری نے انتخابی بانڈ کے ذریعہ کارپوریٹ کے ذریعہ بھارتیہ جنتا پارٹی (بی جے پی) کو ملی فائدہ ملنے کا الزام لگاتے ہوئے رافیل لڑاکا طیارے معاملہ میں پارلیمنٹ کی مشترکہ کمیٹی (جے پی سی) سے تفتیش کرانے کا مطالبہ کیا ہے اور کہا ہے کہ پارلیمنٹ کو عدلیہ کے فیصلہ کا جائزہ لینے کا حق ہے کیونکہ وہ ایک خودمختار ادارہ ہے۔ یچوری نے پیر کو یہاں پارٹی کی مرکزی کمیٹی کے اجلاس کے بعد صحافیوں کو بتایا کہ رافیل معاملہ میں سپریم کورٹ کا فیصلہ تضادات سے بھرا ہوا ہے اور اس کے بعد جو کچھ ہوا وہ پراسرار ہے اور اب حکومت بیک فٹ پر ہے۔

تینوں ریاستوں میں راہل کی موجودگی میں حلف برداری تقریب

چندر بابو نائیڈو، شرد یادو، شرد پوار، تیجسوی یادو، فاروق عبداللہ سمیت اپوزیشن کے سرکردہ لیڈران کی تقریب میں شرکت

نئی دہلی(یو این آئی)
راجستھان کے گورنر کلیان سنگھ نے اشوک گہلوت کو وزیر اعلیٰ اور سچن پائلٹ کو نائب وزیر اعلیٰ کے عہدے کا حلف دلایا۔ اجمیر ہال میں منعقدہ حلف برداری کے شاندار تقریب میں کانگریس کے قومی صدر راہل گاندھی سمیت متعدد سینئر لیڈروں کی موجودگی میں گہلوت اور پائلٹ نے ہندی زبان میں حلف لیا۔ پائلٹ صاف کے ساتھ اپنے دیسی انداز میں نظر آئے۔ حلف برداری کے قبل اور بعد میں دونوں رہنماؤں کے حق میں زوردار نعرے بازی ہوئی۔ آج پیر موجودہ گاندھی سے ملنے کے لئے رہنماؤں کا ہجوم لگا ہوا تھا۔

حلف برداری تقریب کے بعد راہل گاندھی واپوزیشن کے اہم لیڈران بھوپال کیلئے روانہ ہوگئے۔

دوسری طرف کانگریس کے سینئر لیڈر کمل ناتھ نے آج پارٹی صدر راہل گاندھی اور سابق وزیر اعظم منموہن سنگھ سمیت ترقی پسند اتحاد (یو پی اے) میں شامل پارٹیوں کے کئی اہم لیڈروں کی موجودگی میں مدھیہ پردیش کے 18ویں وزیر اعلیٰ کے طور پر عہدے اور رازداری کا حلف لیا۔ گورنر آنندی بین پٹیل نے کمل ناتھ کو سہ پہر تقریباً ڈھائی بجے راجدھانی بھوپال کے جمبوری میدان میں منعقدہ ایک شاندار تقریب میں وزیر اعلیٰ کے حیثیت سے حلف دلایا۔ اس موقع پر یو پی اے میں شامل پارٹیوں کے سینئر لیڈران این سی پی دیوے گوڑا، فاروق عبداللہ، شرد پوار، شرد یادو، چندر بابو نائیڈو سمیت ایم کے اسٹالن اور تیجسوی یادو بھی موجود تھے۔ شاندار تقریب میں ریاست کے سابق وزیر اعلیٰ شیوراج سنگھ چوہان، بابولال گور اور کیلاش جوشی بھی اسٹیج پر موجود تھے۔ راجستھان کے نومنتخب وزیر اعلیٰ اشوک گہلوت، نائب وزیر اعلیٰ سچن پائلٹ، کرناٹک کے وزیر اعلیٰ ایچ ڈی کمارسوامی، پنجاب حکومت میں وزیر نوجوت سنگھ سدھو اور پارٹی کی اتر پردیش کی شاخ کے صدر راج بربھی اس موقع پر موجود تھے۔

ادھر بھوپال میں منعقد چھتیس گڑھ کے وزیر اعلیٰ کے عہدے کا آج یہاں حلف لیا اور ریاست کے تیسرے وزیر اعلیٰ بن گئے۔ بھپیل کے ساتھ دو وزرا نے بھی حلف لیا۔ بھپیل کو راجدھانی کے اندور اسٹیڈیم میں منعقد تقریب میں گورنر آنندی بین پٹیل نے عہدہ اور راز داری کا حلف دلایا۔ گورنر نے بھپیل کے علاوہ وزیر اعلیٰ کے عہدے کے دعویدار رہے تیمر دھون ساہو اور ٹی ایس سنگھ دیو کو بھی وزیر کے عہدے کا حلف دلایا۔ ریاست میں 15 برسوں بعد اقتدار میں واپس لوٹی کانگریس میں نئی حکومت کی تشکیل کی وجہ سے کانگریسی اراکین کافی پرجوش تھے جس کی وجہ سے حلف کے تقریب کے پروگرام کا نظم سائنس کالج میدان میں رکھا گیا تھا لیکن کل رات سے موسم خراب اور مسلسل بارش ہونے کی وجہ سے اس حلف برداری کی تقریب کو انڈور اسٹیڈیم میں منتقل کرنا پڑا۔ بھپیل کی حلف برداری تقریب میں کانگریس صدر راہل گاندھی، سابق وزیر اعظم منموہن سنگھ، راجستھان کے وزیر اعلیٰ اشوک گہلوت، راجستھان کے نائب وزیر اعلیٰ سچن پائلٹ، پڈوچیری کے وزیر اعلیٰ نارائن سامی، پنجاب حکومت کے وزیر نوجوت سنگھ سدھو، تلنگانہ کانفرنس کے سربراہ فاروق عبداللہ، سابق مرکزی وزیر شرد پوار، آنند شرما، محمد قدوائی، موتی لال وہورہ، لوک سبھا میں کانگریس پارلیمانی امور کے لیڈر ملک ارجن کھڑگے، چھتیس گڑھ کے سیکولر وزیر اعلیٰ ڈاکٹر رمن سنگھ۔ بی ایل پونیا، جیوتر آدتیہ سندھیا، آر پی این سنگھ، اتر پردیش کانگریس کے صدر راج بربر، سابق ممبر پارلیمنٹ اور صنعت کار نوین جندل سمیت اپوزیشن کے کئی لیڈران موجود تھے۔

خاص بات تو یہ ہے کہ وزرائے اعلیٰ کی حلف برداری تقریب میں مایاوتی، ممتا بنرجی اکھلیش یادو نہیں پہنچے۔

طاقت کا غلط استعمال کررہا ہے چین

گیا(ایجنسیں)
بودھ مذہبی رہنما دلائی لامہ نے تبتیوں کے حقوق کے متعلق بین کے سخت رویے پر تنقید کرتے ہوئے کہا کہ وہ اپنی طاقت کا غلط استعمال کررہا ہے۔ یہاں بودھ گیا میں واقع عالمی ورثہ مہابودھی مندر میں خصوصی پوجا، اور پتنا کرنے کے بعد انہوں نے صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ چین کی حکومت استعمال کرنے والی حکومت ہے، جو اپنی طاقت کا غلط استعمال کرتی ہے۔

قابل ذکر ہے کہ ابھی حال ہی میں چین کی حکومت نے تبتیوں کو آگاہ کرتے ہوئے کہا تھا کہ وہ مذہبی رہنما دلائی لامہ کے بہکاوے میں نہ آئیں اور اس علاقے میں کمیونسٹ پارٹی کی حکومت کی اہمیت کو واضح طور پر سمجھ لیں۔ اس سے قبل مذہبی رہنما دلائی لامہ مہابودھی مندر کی زیارت کے لیے پہنچے۔ انہوں نے مندر کے گربھ گرہ میں باقاعدہ پوجا ارچنا کی اور مقدس بودھی درخت کو سلام کیا۔ ان کے مندر کی آمد کے پیش نظر سخت سکیورٹی کا انتظام کیا گیا تھا۔

انہوں نے کہا آج کے جدید دور میں ہر شخص کو آزادی کا حق ہے۔ ایسے میں چین اپنی طاقت کا غلط استعمال کررہا ہے۔ یہ کسی طرح سے بھی جائز نہیں ہے۔ دلائی لامہ نے کہا کہ ساتھ ہی ساتھ اس سلوک کرتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ بودھ دھرم کا پیغام امن، محبت، شفقت اور آپسی بھائی چارہ ہے۔ یہ جدید فلسفے پر مبنی ہے، انہوں نے کہا، جس کی تشکیل 30۔ 40 برسوں سے مختلف مقامات پر جدید فلسفے کے ساتھ بودھ دھرم کا تذکرہ کرتا رہا ہوں۔ یہ بودھ مذہب امن اور مساوات کی روایت پر مبنی ہے۔

خواجہ سرا بل لوک سبھا میں پاس

نئی دہلی(یو این آئی)
خواجہ سراؤں کے حقوق، ان کے مفادات کا تحفظ اور ان کی فلاح و بہبود یقینی بنانے والا ٹرانس جینڈر پرسنس (پروٹیکشن آف رائٹس) بل۔2016 لوک سبھا نے آج صوتی ووٹ سے منظور کردیا۔

بل پر ہوئی بحث کا جواب دیتے ہوئے سماجی انصاف اور امپاورمنٹ کے وزیر تھاور چند گہلوت نے کہا کہ یہ بل 2015 میں بن کر تیار ہوگیا تھا۔ اس کے لئے باہرین اور خواجہ سراؤں کے مفادات کے لئے کام کرنے والی تنظیموں سے مشاورت کی گئی۔ انہوں نے کہا، جس کی وجہ سے خواجہ سراؤں کو بل میں جگہ دی گئی ہے۔ بل میں کسی کی نہیں رہے اس لیلئے اسے وزارت کی ویب سائٹ پر بھی ڈالا گیا اور اس سلسلہ میں لوگوں سے رائے لی گئی۔ بل کو سلیکٹ کمیٹی کے پاس بھیجا گیا تھا اس کے 27 مشوروں کو اس میں شامل کیا گیا ہے۔ انہوں نے بل کو مکمل طور خواجہ سراؤں کے مفادات کو تحفظ فراہم کرنے والا قرار دیتے ہوئے کہا کہ یہ بل خواجہ سراؤں کی فلاح و بہبود کیلئے ضروری تھا۔

مندر کے نام پر بھٹکایا نہیں جاسکتا

جے پور(یو این آئی)
کانگریس پارٹی کے سینئر لیڈر اور سابق مرکزی وزیر طارق انور نے آج کہا ہے کہ ملک میں جھوٹ، بے ایمانی اور بدعنوانی کی حکومت کے دن ختم ہوچکے ہیں۔

راجستھان میں کانگریس حکومت کی تشکیل کے بعد وزیر اعلیٰ اشوک گہلوت اور نائب وزیر اعلیٰ سچن پائلٹ کی حلف برداری تقریب میں شرکت کیلئے پہونچے طارق انور نے نامہ نگاروں سے بات چیت میں کہا کہ راجستھان سمیت جن ریاستوں میں عوام نے کانگریس کو مکمل اکثریت دی اس سے یہ بات ثابت ہوگئی ہے کہ کانگریس پارٹی ملک کے سیکولر دستور اور جمہوری کردار کی حفاظت کرسکتی ہے۔

طارق انور نے کہا کہ باقی تین دو ریاستوں میں کانگریس کی حکومت نہیں بنی ہے وہاں بھی عوام نے فرقہ پرست طاقتوں کو پوری طرح سے شکست دی جس کے سبب وہ بوکھلائے ہوئے ہیں اور جھوٹ پر جھوٹ بول کر بھی اپنے جھوٹ کو نہیں چھپا پارہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ کیا یہ جارہا ہے کہ نا ٹینگ میں غلطی ہوگئی تھی تو کیا بی جے پی کے منشور میں بھی نا ٹینگ کی غلطی تھی، جس میں کہا گیا تھا کہ پاکستان سے کشمیر کے لیکن لیا شکر جارہا ہے۔ کہا گیا تھا کہ اچھے دن آئیں گے تو کیا اس کا مطلب اچھے دن جائیں گے تھا۔ کہا گیا تھا کہ مندر وہیں بنائیں گے تو کیا اس کا مطلب یہ تھا کہ مندر نہیں بنائیں گے۔

انہوں نے کہا کہ عوام نے یہ پیغام دیا ہے کہ انہیں مندر کے نام پر گمراہ کر کے ترقی کے منشور سے بھٹکایا نہیں جاسکتا ہے۔

آندھرا میں پیتھائی طوفان کا قہر 2 کی موت، 20 ہزار لوگ راحت کیمپوں میں

نئی دہلی(پی این این)
آندھرا پردیش کے ساحلی خطے میں پیتھائی طوفان کا قہر جاری ہے پیتھائی کی بھاری بارش کی وجہ سے شاہراہیں بند کی گئی ہیں۔ طوفان کی وجہ سے پیڑ اور فصلوں کو سخت نقصان پہنچا ہے۔ اس طوفان سے ریاست میں سب سے زیادہ متاثر مشرقی گوداری ضلع ہوا ہے۔

طوفان کی وجہ سے درختوں لوگ زخمی ہوتے جارہے ہیں اور دو کی موت بتائی جارہی ہے۔ ایک تخمینہ کے مطابق 20 ہزار لوگوں کو راحت کیمپوں میں جانا پڑا ہے وہ بارہ میں زبردست بارش کی وجہ سے دو لوگوں کی مرنے کی خبر ہے۔ پیتھائی کمزور ہونے کے بعد بارش ہورہی ہے۔ جس کی وجہ سے جنوب وسط ریلوے نے ٹیچرلینوں کو منسوخ کردیا ہے۔ یہ طوفان دوپہر سے شروع ہوا ہے۔ جس کی رفتار 85۔90 کلومیٹر کی رفتار تھی جس سے تاتر نے کونو لارا بو اور ملک رفتار تھی جس سے تاتر نے کونو لارا بو اور ملک پورم میں تیکی کے صحیے اکھڑ گئے جس سے بجلی سپلائی ٹھپ ہوگئی۔

نوٹ بندی سے ہندوستانی معیشت کو جھٹکا لگا: راجن

نئی دہلی (پی این این)
ریزرو بینک آف انڈیا کے سابق گورنر رگھورام راجن نے کہا کہ نوٹ بندی نے ہندوستانی اقتصادیات کی رفتار کو کم کر دیا۔ انہوں نے کہا کہ ایسے وقت میں، جبکہ عالمی معیشت میں تیزی درج کی جارہی ہے، ہندوستان کی جی ڈی پی کا اضافہ کی شرح نوٹ بندی کی وجہ سے واضح طور پر متاثر ہوئی۔ راجن نے کہا کہ انہوں نے ایسے سروے دیکھے ہیں جن سے پتا چلتا ہے کہ نومبر 2016 میں زیادہ قیمت کے نوٹوں کو بند کرنے سے ہندوستان کے اضافہ شرح پر برا اثر پڑا۔

راجن نے کہا میری تحقیقی رائے ہے کہ نوٹ بندی نے ہماری اقتصادیات کو متاثر کیا ہے۔ اب میں نے ایک رپورٹ دیکھی ہے کہ جن سے ان کی تصدیق ہوتی ہے۔ ہمارے اضافہ کی شرح سست پڑنی ہے۔ راجن نے ایک نیوز چینل سے انٹرویو میں کہا کہ عالمی اقتصادیات 2017 تیزی سے بڑھی، ہماری اقتصادیات سست پڑ گئی۔ انہوں نے کہا کہ صرف نوٹ بندی ہی نہیں اشیاء وخدمات ٹیکس (جی ایس ٹی) کو نافذ کرنے سے بھی ہماری اقتصادیات پر اثر پڑا۔ مالی سال 2017-18 میں ہندوستانی اقتصادیات کی اضافہ شرح 6.7 فیصد رہی۔ سابق آر بی آئی گورنر نے کہا کہ نوٹ بندی، جی ایس ٹی کے دہرے اثر سے ہماری اقتصادیات متاثر ہوئی۔ گوئی مجھے جی ایس ٹی مخالف قرار دے، اس سے پہلے میں کہنا چاہوں گا کہ ویریندرت کے لئے یہ ایک اچھا خیال ہے۔ فیصلہ عدت میں اس کا اثر پڑا ہے۔ یہ پوچھنے جانے پر کہ کیا ان سے ریزرو بینک گورنر کے طور پر میں ان کے دور اقتدار میں ان سے نوٹ بندی کا نافذ کرنے کو کہا گیا تھا، سابق گورنر نے کہا کہ ان سے زیادہ قیمت کی کرنسی کو بند کرنے پر رائے پوچھی گئی تھی۔ انہوں نے کہا کہ ان کی سوچ میں نوٹ بندی خراب خیال تھا۔

لداخ میں ہوگی پہلی یونیورسٹی قائم

سری نگر(یو این آئی)
جموں وکشمیر کے گورنر ستیہ پال ملک کی صدارت میں منعقد ہونے والی ریاستی انتظامی کونسل کی میٹنگ میں جموں اینڈ کشمیر یونیورسٹی آف لداخ بل 2018 کو منظوری دی گئی۔ بل کی بدولت لداخ خطہ میں ایک کلسٹر یونیورسٹی کے قیام میں مدد ملے گی۔ سرکاری ترجمان نے بتایا کہ مرکزی سرکار کی طرف سے اگلے تعلیمی سیشن سے یونیورسٹی کو 65 کروڑ روپے کی گرانٹ فراہم ہوگی اور اس طرح سے خطہ کے لوگوں کی دیرینہ مانگ پوری ہوئی ہے۔ انہوں نے بتایا کہ کرگل میں کام کر رہے تین کالج کلسٹر یونیورسٹی لداخ کے ساتھ ضم ہوں گے۔

جنرل ڈائر بن گئے ہیں آرمی چیف

سپریم کورٹ کے سابق جسٹس مارکنڈے کاٹجو کا سخت تبصرہ



بندوستانی فوج کو شاباشی دینی چاہیے۔

نئی دہلی (ایجنسیں)
کشمیر میں ہندوستانی فوجیوں کی گولہ باری کے دوران 7 معصوم شہریوں کی موت پر سپریم کورٹ کے سابق جسٹس مرکنڈے کاٹجو نے سخت تبصرہ کرتے ہوئے فوجی سربراہ کو تنقید کا نشانہ بنایا ہے۔

انہوں نے اس فوجی کارروائی کا موازنہ 'جلیاں والا باغ قتل عام' سے کرتے ہوئے ایک نوٹ کیا ہے جو سرخیوں میں ہے۔

کاٹجو نے فوجی کارروائی پر ناراضگی ظاہر کرتے ہوئے آرمی چیف جنرل راوت کو جنرل ڈائر یک کہہ دیا ہے۔ اتوار کے روز کیے گئے ٹویٹ میں کاٹجو نے لکھا ہے کہ

آندھرا پردیش کا ہوگا علیحدہ ہائی کورٹ

حیدرآباد(ایجنسیں)
نئے سال کے موقع پر ریاست آندھرا پردیش کا علیحدہ ہائی کورٹ ہوگا۔ یہ ملک کا 25واں ہائی کورٹ ہوگا اور ریاستی دارالحکومت امراوتی کے باوقار جسٹس سنی کامپلکس میں مستقل عمارت کی تعمیر تک عارضی عمارت میں کام کرے گا۔ اس ہائی کورٹ کی عارضی عمارت کی تعمیر جاری ہے۔

متحدہ آندھرا پردیش کی تقسیم 2 جون 2014 کو ہوئی تھی۔ اس تقسیم کے ذریعہ تلنگانہ خطہ کو ریاست کا درجہ دیا گیا تھا تاہم اس تقسیم کے باوجود دونوں تلگو ریاستوں تلنگانہ اور اے پی کیلئے موجودہ حیدرآباد ہائی کورٹ مشترکہ ہائی کورٹ بنایا گیا تھا۔ یہ حیدرآباد ہائی کورٹ تلنگانہ کے دارالحکومت حیدرآباد میں قائم ہے۔ متحدہ آندھرا پردیش کی تقسیم اے پی تنظیم نو قانون 2014 کے تحت کی گئی تھی۔

اور اس قانون کا نفاذ 2 جون 2014 سے ہوا تھا۔ اس قانون میں دونوں پڑوسی ریاستوں کیلئے علیحدہ ہائی کورٹ کی تجویز تھی لیکن تاہم مرکز کی جانب سے موجودہ اے پی کے لئے علیحدہ ہائی کورٹ کے قیام کی اجازت نہیں دی گئی تھی۔

رتھ یاترا کے سلسلے میں بی جے پی ہائی کورٹ میں کرے گی اپیل

نئی دھلی، کولکاتہ(ایجنسیں)
مرکز میں برسراقتدار بھارتیہ جنتا پارٹی (بی جے پی 2019) کے لوک سبھا انتخابات کے پیش نظر مغربی بنگال میں "بھبھوت بچاؤ" رتھ یاترا نکالنے کے سلسلے میں کولکاتہ ہائی کورٹ میں اپیل کرے گی۔ مغربی بنگال میں برسراقتدار وزیر اعلیٰ ممتا بینرجی کی قیادت والی حکومت نے ریاست میں رتھ یاترا نکالنے کی اجازت نہیں دی جس کے بعد بی جے پی کولکاتہ ہائی کورٹ کا رخ کرے گی۔

مغربی بنگال کے بی جے پی صدر دلیپ گھوش بینرجی کی حکومت کے اجازت نہ دینے کے خلاف ہائی کورٹ میں جائیں گے۔ مغربی بنگال حکومت نے پنچشے کو کہا تھا کہ اگر رتھ یاترا کی اجازت دی گئی تو اس سے پوری ریاست میں فرقہ وارانہ ماحول بگڑنے کا خدشہ ہے۔ گھوش نے کہا: "ریاست کے عوام تبدیلی کے لئے تیار ہیں۔ بی جے پی نے بنگالیوں کی انتخابات میں 7000 سے زیادہ تنظیمیں جیتی ہیں اس لئے وزیر اعلیٰ گھبرائی ہوئی ہیں اور اس طرح کا غیر جمہوری فیصلہ کررہی ہیں۔

انہوں نے کہا: "بی جے پی نے مغربی بنگال میں تنظیم کو توسیع دینے کے لئے تین رتھ یاتراؤں کو نکالنے کا منصوبہ بنایا ہے۔ ریاست میں رتھ یاترائیں یقینی طور پر نکالی جائیں گی۔

ممتا بینرجی اور ان کی حکومت بی جے پی کارکنان کو روکنا نہیں سکے گی۔ بی جے پی کی مجوزہ رتھ یاترا کے سلسلے میں مغربی بنگال حکومت اور بھارتیہ جنتا پارٹی آمنے سامنے ہے۔ مغربی بنگال کی حکومت نے پنچشے کی رات کو بی جے پی کی ریاستی اکائی کو خط لکھ کر رتھ یاترا کی اجازت دینے سے انکار کردیا تھا۔

8 ہندوستانی ماہی گیر سری لنکا میں گرفتار

رامیشورم(ایجنسیں)
سری لنکا بحریہ نے اپنی آبی حدود میں مبینہ طور پر مچھلی پکڑنے کے الزام میں آٹھ ہندوستانی ماہی گیروں کو اتوار کی رات گرفتار کرلیا۔ محکمہ ماہی پروری کے افسران نے پیر کی صبح کہا کہ محکمہ موسمیات کے کرناٹکی طوفان 'مچھیتیانی' کے سلسلے میں دی گئی وارننگ کو نظر انداز کرتے ہوئے یہ ماہی گیر تمل ناڈو کے پمبن ساحل سے مچھلی پکڑنے کے لئے سمندر میں گئے تھے۔ ماہی گیر جس وقت سری لنکا کی آبی حدود میں مچھلی پکڑ رہے تھے اسی وقت انہیں گرفتار کرلیا گیا۔ ماہی گیروں کو گرفتار کرکے کرائی نگر لے جایا گیا۔

سچ کی آواز
SACH KI AWAZ
Title Code: DELURD03216
مالک، پرنٹر، پبلشر اور ایڈیٹر سید فیصل علی نے مالی بک ٹرسٹ، پرنٹی پی۔868، نیو اوکھلا گرو دی۔110096 میں چھپوا کر دہلی۔94، ایوانِ اکبر، سامنے گرلز کالج، دہلی۔110025 سے شائع کیا۔
سی ای او ایڈیٹر انچیف: سید فیصل علی
*مضمون کے مشمولہ آراء ایڈیٹر کے لیے ضروری نہیں ہیں۔ ادارتی بورڈ کا کسی کالم یا رائے کے ذمہ دار ہونا ضروری نہیں ہے۔
Owner, Printer, Publisher and Editor Syed Faisal Ali, printed at Sai Printing Press, B-868, New Ashok Nagar, Delhi - 110096 and published from L-94, Abul Fazal Enclave, Jamia Nagar, Okhla, New Delhi-110025
*CEO,Editor-in-Chief:Syed Faisal Ali
*Responsible for selection and editing of news. All disputes arise are subject to New Delhi jurisdiction.
OFFICE: Editorial & Marketing:
Probitas News Network Pvt. Ltd.
C-125, First Floor, Sector-2, Noida - 201 301.
Contact: 0120-4165786
E-mail:Pnnawazurdu@gmail.com

اگر آپ کو سچ کی آواز کی کاپی دستیاب نہیں ہو پاری ہے تو اس نمبر پر رابطہ کریں۔
Tel:0120-4165786-Mob:7982919029

اپنے مضامین وشعری وادبی تخلیقات مندرجہ ذیل پتے پر ای میل پر ارسال کریں:
Email:pnnawazurdu@gmail.com
Add:Probitas News Network
C-125,Sector-2,Noida,U.P.
201301

الاستقلال یونیورسٹی فلسطین کے اعلیٰ سطحی وفد کا جامعہ ملیہ کا دورہ

نئی دہلی (وثیق داؤد)
فلسطین کے شہر اریحا میں واقع الاستقلال یونیورسٹی کا ایک وفد پروفیسر صالح لوبا کی قیادت میں جامعہ ملیہ اسلامیہ میں قائم مقام وائس چانسلر پروفیسر شاہد اشرف، مسٹل اے پی صدیقی (آئی پی ایس) اور دیگر انتظامی امور کے سربراہ نے متعدد شعبہ جات کے صدور اور رہنماؤں کی موجودگی میں ان کا خیر مقدم کیا۔

وفد نے شیخ الجامعہ اور کمیٹی کی موجودگی میں طویل میٹنگ کی جس میں دونوں یونیورسٹیوں کے مابین تعلیم و تحقیق میں باہمی تعاون اور اشتراک پر بات چیت کی۔ بتا دیں کہ 2015 میں دونوں یونیورسٹیوں کے درمیان پہلے ایک مفاہمتی یادداشت پر دستخط ہوئے جس کا مقصد تحقیق اور تعلیم و تعلم میں سہولیات اور تبادلہ خیال تھا۔

اس موقع پر اپنی گفتگو میں پروفیسر صالح لوبا نے کہا کہ ہم اس بات سے شدید متاثر ہوئے ہیں۔ آج یہاں جامعہ کے پس رواداری قائم ہوں۔ انھوں نے کہا چونکہ ہماری یونیورسٹی زیادہ قدیم نہیں ہے اس لئے بھی ہمیں جامعہ کے تعاون کی ضرورت ہوگی۔ انھوں نے کہا ہم نے اپنے یہاں جلد ہی ذرائع ابلاغ اور آئی ٹی کے میدان میں کام شروع کیا ہے۔

انھوں نے کہا کہ جامعہ ملیہ اسلامیہ کی جو خدمات ہیں ان کی روشنی میں ہمیں جامعہ کے تعاون کی اشد ضرورت ہے تاکہ ہم اس عظیم ادارے کے تجربات سے فائدہ اٹھا کر اپنی راہیں مزید بہتر کر سکیں۔ اس موقع پر دونوں یونیورسٹیوں کی مختصر فلمیں بھی دکھائی گئیں، جس میں دونوں اداروں کی تاریخ اور تعارف کی تفصیلات تھیں۔

اس موقع پر شیخ الجامعہ پروفیسر شاہد اشرف نے انھیں بتایا کہ جامعہ ملیہ اسلامیہ تقریباً اٹھانوے سال سے برابر ادارہ ہے وہ ہزاروں میں اس کے سوسائٹی عمل ہو جائیں گے، متعدد میدانوں میں جامعہ نے اپنی خدمات اور تحقیق سے اپنی شناخت بنانے میں کامیابی حاصل کی ہے۔

انھوں نے تعلیم و تعلیم کے حوالہ سے ہر ممکن تعاون کی یقین دہانی کرائی۔ وفد نے اس ملاقات کے بعد پارلیمنٹ آف کمسٹری کیمسٹری سائنس، سینٹر فار نیوں سائنس اینڈ کنٹاملوی، ٹیکنکی آف لاء، سینٹر فار انٹر ڈسکپلنری سائنس وغیرہ کا بھی دورہ کیا۔

کمیشن نے اپنی طاقت کا بہترین استعمال کیا

وگیان بھون میں دہلی اقلیتی کمیشن کی سالانہ تقریب کا انعقاد ● اقلیتوں کے حقوق کے لئے کام کرنے والوں کو ایوارڈ سے نوازا گیا

نئی دہلی (انور حسین جعفری)
دہلی اقلیتی کمیشن کی جانب سے اپنی سالانہ رپورٹ دہلی کے وزیر اعلیٰ اور ایل جی کو سونپ دی گئی ہے۔ دہلی اقلیتی کمیشن کی سالانہ کارکردگیوں کو منظر عام پر لانے اور اس رپورٹ کو عام کرنے کیلئے دہلی اقلیتی کمیشن کی سالانہ تقریب کا انعقاد دہلی کے وگیان بھون میں کیا گیا۔

پہلی مرتبہ، دہلی اقلیتی کمیشن کی جانب سے سالانہ تقریب میں طلبہ، اساتذہ، اسکولوں اور مختلف میدانوں میں کارہائے نمایاں انجام دینے والوں کا اعزاز سے نوازا گیا۔ تعلیم کے میدان میں اساتذہ، طلبہ اور ممتاز اسکولوں کو اعزاز سے نوازے جانے کے ساتھ اقلیت کے مسائل کو اٹھانے والے معاذن اقلیت، سماجی، ممتاز این جی اوز، صحافی، فروغ اردو اور چاپلی کے فروغ، فرقہ وارانہ ہم آہنگی، حقوق انسانی، کمیونٹی سروس، اردو، پنجابی کو فروغ کے لئے کام کرنے والوں، ممتاز اسپورٹس مین اور وومن کو ایوارڈ سے نوازا گیا۔ اس کے ساتھ ہی مختلف شعبہ ہائے زندگی میں کارہائے نمایاں انجام دینے والے افراد کو اشیشل ایوارڈس سے نوازا گیا۔ اسی ضمن میں بچوں کا گھر کو بھی ایوارڈ سے نوازا گیا۔ یہ پہلی مرتبہ ہے کہ اقلیتوں کے حق کے لئے سرگرم عمل مختلف شعبہ ہائے زندگی سے وابستہ شخصیات کو ایوارڈ سے نوازا گیا ہے۔

سالانہ تقریب میں دہلی اسمبلی اسپیکر رام نواس گوئل نے مہمان خصوصی کے طور پر شرکت کی اور مہمانا عزازی کے طور پر وزیر راجندر پال گوتم، یکاش گہلوت اور پانگ کمیشن کی سابق ممبر سید سعیدہ حمید نے شرکت کر کے ایوارڈ تقسیم کئے۔ کانفرنس کی نظامت کمیشن کے سکریٹری شمیم اختر نے کی۔ تقریب میں اے ایم یو سے پروفیسر آفتاب عالم نے بکلیدی خطبہ پیش کیا۔

دہلی اقلیتی کمیشن کی سالانہ تقریب کا آغاز میں چیئرمین ڈاکٹر ظفر الاسلام نے کمیشن کی کارکردگیوں پر تفصیلی روشنی ڈالی۔ ڈاکٹر ظفر الاسلام نے مستقبل میں کمیشن کو مزید فعّال بنانے کے تعلق سے بھی اپنی کوششوں کا پیدرا پیش کیا اور حکومت سے بھی گزارش کی کہ جس طرح 6 اقلیتیں، مسلم، عیسائی، سکھ، بودھ، جین اور پارسی اقلیتی کمیشن میں شامل کی گئی ہیں ان کے ممبران بھی نمائندگی کیلئے بنائے جائیں۔

اس موقع پر وزیر مالیات یکاش گہلوت نے کہا کہ اقلیتوں کے حقوق سے متعلق جو بھی مسائل ہیں کو ہم اس میں ہر ممکن مدد کرنے کو تیار ہیں اور جس کو ہم آسکیں گے سامنے بھی رکھیں گے اور اس پر بحث بھی کرائیں گے۔ انہوں نے کہا کہ انصاف دلانے والے ادارے کو اپنی طاقت کا سچا ہونا بہت ضروری ہے اور ہمیں اس بات پر فخر ہے کہ کمیشن نے اپنی طاقت کا استعمال کر کے بہتر امور انجام دیئے ہیں۔

دہلی کے سماجی ویلفیئر کے وزیر راجندر پال گوتم نے کہا کہ کمیشن اس وقت حقیقت میں کام کرنے والا کمیشن بن چکا ہے جبکہ اس سے قبل سرکاروں کے ان لوگوں کو خاموش کرنے کا مقام تھا جن کو سرکاروں میں جگہ نہیں ملی مگر ہم نے اس روایت کو بدلا ہے اور ایسے ہاتھوں میں کمیشن دیا ہے جو سیاسی نہیں بلکہ سماج کے لئے کام کرنے والے اور حقیقت میں خدمت خلق کا مزاج رکھنے والے لوگ ہیں۔ ڈاکٹر ظفر الاسلام کے علاوہ کمیشن کی ممبر شاہدہ کاظمی اور کرناٹک سنگھ کو چیر نے بھی کمیشن کی کارکردگیوں کی تفصیلات پیش کیں۔ پانگ کمیشن کی سابق ممبر سید سعیدہ حمید نے اقلیتوں کے حقوق سے اپنے خیالات کا اظہار کیا۔ اس موقع پر ڈاکٹر اکرم کمیشن ممبر دہلی اور دین الاقوامی امور کے سربراہ نے متعدد شعبہ جات کے صدور اور رہنماؤں کی موجودگی میں ان کا خیر مقدم کیا۔

وفد نے شیخ الجامعہ اور کمیٹی کی موجودگی میں طویل میٹنگ کی جس میں دونوں یونیورسٹیوں کے مابین تعلیم و تحقیق میں باہمی تعاون پر بات چیت کی۔ بتا دیں کہ 2015 میں دونوں یونیورسٹیوں کے درمیان پہلے ایک مفاہمتی یادداشت پر دستخط ہوئے جس کا مقصد تحقیق اور تعلیم و تعلم میں سہولیات اور تبادلہ خیال تھا۔

نظام الدین ویسٹ کے تحفظ اور امن کیلئے دہلی پولیس ہر وقت تیار

نظام الدین آرڈ بلیوارے کی جانب سے پولیس پبلک میٹنگ میں جوائنٹ کمشنر دیوش سریواستو کا خطاب

نئی دہلی (پی این این)
بستی حضرت نظام الدین ویسٹ کالونی کے تحفظ اور یہاں امن و امان قائم رکھنے کیلئے حضرت نظام الدین ریزیڈنٹس ویلفیئر ایسوسی ایشن اور مقامی معززین کی جانب سے پولیس اور پبلک میٹنگ کا انعقاد کیا گیا۔ جس میں مہمان خصوصی جنوبی ضلع کے جوائنٹ پولیس کمشنر دیویش چندر سریواستو نے شرکت کی۔ اس میٹنگ کے کنوینر شاہد احمد پیرزادہ اور نظام الدین ویسٹ ایسوسی ایشن کے صدر وارو رق ایم صدیقی نے دیویش سریواستو کا استقبال کیا۔

اس موقع پر ڈپٹی کمشنر جنوب مشرقی ضلع جناب سوال، اے سی پی لاجپت نگر سب ڈویژن رجندر سنگھ، ایس ایچ او پولیس تھانہ حضرت نظام الدین سندیر موہن بھی موجود تھے۔ یہاں موجود مقامی لوگوں نے کالونی میں پیش آرہی مختلف پریشانیوں اور مسائل کے متعلق پولیس افسران کو آگاہ کرایا اور ان مسائل کو جلد از جلد حل کرانے کے لئے مطالبات پیش کئے۔

کالونی کی ایسوسی ایشن کے عہدے داران نے بتایا کہ اکرم کیماں اینٹری اور ایگزیٹ کیلئے 8 دروازوں کی سخت ضرورت ہے جنہیں رات 11 بجے سے صبح 5 بجے تک بند رکھا جا سکے اور کالونی کا تحفظ برقرار رہ سکے۔ نظام الدین ویسٹ کالونی کے احاطے میں واقعہ بھاری پٹرول پمپ سے یہاں کے عوام بے حد پریشان ہیں چونکہ پٹرول پمپ میں آنے والی گاڑیاں ٹریفک جام کر دیتی ہیں کالونی کے لوگ، بچے وغیرہ حادثات کا شکار ہوتے ہیں۔ کالونی کے کب وہ مقامات اور پارکوں میں اسٹریٹ لائٹ تک نہیں ہیں۔

ان پارکوں کی حالت بے حد خراب ہوتی جا رہی ہے اور یہ پارک نشہ خوروں، چوسیوں اور شرابیوں کے اڈے بن گئے ہیں۔ اس کے لئے مقامی لوگوں نے موجودہ کاؤنسلر یا ممبر قومی اکثر انمازی، اپر واسی کے سبب انہیں ذمہ دار بتایا۔ غیر قانونی طور پر یہاں کھڑی ہونے والی گاڑیوں کی وجہ سے ٹریفک جام کے حالات پیدا ہو جاتے ہیں۔ ایمبولینس اور فائر بریگیڈ کا بھی آنا جانا مشکل ہے۔ اس موقع پر جوائنٹ کمشنر مسٹر شریواستو نے کہا کہ کالونی کے تحفظ اور حفاظت کے لئے دہلی پولیس ہر ممکن مدد کرنے کو تیار ہے اور بہت جلد جن مسائل اور پریشانیوں کا ذکر کیا گیا ہے انہیں ہم دور کرنے کی پوری کوشش کریں گے۔

کالونی کی خواتین اور لڑکیوں کے حفاظتی تحفظ کو دیکھتے ہوئے سیلف ڈیفنس ٹریننگ کا کورس بھی یہاں پولیس کی جانب سے کرایا جائے گا۔ غیر قانونی طور پر کھڑی ہونے والی بے ترتیب گاڑیوں کو ٹریفک پولیس کے ذریعے ہٹوایا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ بہت جلد جن دروازوں کو لگانے کی تجویز رکھی گئی ہے اس پر نور کر کے ان گیٹس کو کھلوا جائے گا۔ اس موقع پر لاہوتی ایشن کے نائب صدر کمال اختر، جنرل سکریٹری اس محمد خر، جوائنٹ سکریٹری ڈاکٹر شاہد خان، خزانچی انشوارا ڈیشیش، انور شاہد پیرزادہ، شبنم شاہد اور پریتی وغیرہ بھی موجود تھی۔ نظامت کے فرائض شیخ محمد عرفی نے انجام دیئے۔

ساؤتھ ایم سی ڈی نے ملبہ پھینکنے پر پی ڈبلیو ڈی کے کاٹے 5 چالان

نئی دہلی (پی این این)
ساؤتھ ایم سی ڈی جنوبی زون کے ڈیسس محکمہ کے افسران نے آج دکشن پوری میں 5 مقامات پر محکمہ تعمیرات عامہ کی جانب سے سڑکوں پر ملبہ پھینکنے کیلئے 5 مختلف چالان کئے ہیں۔

چالان میں کہا گیا ہے کہ ملبے سے فضائی آلودگی بڑھ رہی ہے اور یہ ان کی ذمے داری ہے۔ انہوں نے کہا کہ بہت جلد جن دروازوں کو لگانے کی تجویز رکھی گئی ہے اس پر نور کر کے ان گیٹس کو کھلوا جائے گا۔ اس موقع پر لاہوتی ایشن کے نائب صدر کمال اختر، جنرل سکریٹری اس محمد خر، جوائنٹ سکریٹری ڈاکٹر شاہد خان، خزانچی انشوارا ڈیشیش، انور شاہد پیرزادہ، شبنم شاہد اور پریتی وغیرہ بھی موجود تھی۔ نظامت کے فرائض شیخ محمد عرفی نے انجام دیئے۔

مختصر مختصر

ڈینگو مریضوں کی تعداد میں اضافہ

نئی دہلی (پی این این)
دہلی میں اس سال ابھی تک ڈینگو کے 4704 معاملے سامنے آئے ہیں۔ خطرہ میں مچھروں کا لاروا پنپنے کی حالت منفی ہونے کے باوجود یہ تعداد سامنے آئے ہے۔ ڈینگو کے معاملے سامنے آرہے ہیں۔ میونسپل کارپوریشن کی رپورٹ میں بتایا گیا تھا کہ مچھر مختلف بیماری کے سبب مہلک ہیں ایک تہائی سیمپلز سم کم چار لوگوں کی موت ہو چکی ہے۔ جنوبی دہلی میونسپل کارپوریشن (ایس ڈی ایم سی) نے تین موقعیں کی پہچان امن تیاری (13) سنگرتی (21) اور سنگھی (23) کے شکل میں ہوئی ہے۔ رپورٹ میں کہا گیا ہے کہ دارالحکومت راجدھانی میں ایسے ڈینگو کے معاملوں کی تعداد 4704 ہو گئی ہے۔ رپورٹ میں کہا گیا ہے کہ کم سے کم 117 معاملے دسمبر میں سامنے آئے ڈینگو کے 1062 معاملے نومبر اور 1114 معاملے اکتوبر میں درج کئے گئے تھے۔ اس میں بتایا گیا ہے کہ اس موسم میں ملیریا کے 473 معاملے اور چکن گنیا کے 164 معاملے سامنے آئے ہیں۔

لاکھوں روپے کے سونے کی زیورات کی چوری

نئی دہلی (ایجنسیاں)
قومی دارالحکومت دہلی میں چوروں کا قہر کا کام نہیں لے رہا ہے۔ چوروں نے گزشتہ دیر شام ایک ہی علاقے میں تین گھروں کو اپنا نشانہ بنایا اور لاکھوں کی زیورات اور نقدی پر ہاتھ صاف کیا۔ پولس تینوں معاملوں میں کیس درج کر چوروں کی تلاش کر رہی ہے۔ معلومات کے مطابق چوری کا پہلا واقعہ کے این کانج مارکٹ علاقے میں دیوندر کے یہاں پیش آیا۔ دیوندر اپنے خاندان کے ساتھ روہنی سیکٹر 16 میں رہتے ہیں۔ دیوندر کا ذاتی کاروبار ہے۔ پولس کو دی شکایت میں دیوندر نے بتایا کہ گزشتہ دیر شام وہ مارکیٹ میں سامان لینے کے لئے گئے تھے۔ تقریباً 20 منٹ بعد وہ مارکیٹ سے واپس گھر لوٹے تو دیکھا گیٹ میں لگا ہوا تالا ٹوٹا ہوا ہے۔ گھر کے اندر جا کر دیکھا تو سارا سامان پھیلا ہوا تھا۔ گھر سے تقریباً سات لاکھ روپے کے سونے کے زیورات اور تقریباً 90 ہزار روپے نقد کی چوری ہو گئی۔ چوری کا دوسری واقعہ سنہری (53) کے بیان، رما نہا ہو۔

'ایک خواب جس کی تعبیر ابھی باقی ہے' کا رسم اجرا

نئی دہلی (پی این این)
کتاب ایک خواب جس کی تعبیر ابھی باقی ہے' کا رسم اجرا آج یہاں ہوٹل ریورویو میں سابق وزیر خارجہ حکومت ہند سلمان خورشید کے ہاتھوں ہوا۔ اس موقع سے سابق یونین منسٹر عارف محمد خان، حاجی قمر الدین، ڈاکٹر محمد فخر الدین، ڈاکٹر رحمان خان سوری پیسمنٹ آفیسر جامعہ ملیہ اسلامیہ، ڈاکٹر سلمان اسعد وغیرہ کے ساتھ عوام کی ایک تعداد موجود تھی۔

اس موقع سے شرکا، وہ دانشوران نے اس کتاب کو انڈین اسلامک کلچر سینٹر کے تعلق سے ایک اہم پہل قرار دیا ہے۔ کتاب کے مصنف کلیم الحفیظ ہیں۔ انہوں نے انڈین اسلامک کلچر سینٹر کے تعلق سے کی گوشوں کو اس میں اجاگر کیا ہے۔

بتا دیں ان انڈین اسلامک کلچر سینٹر کا انتخابات کو لے کر دانشوران میں سیاسی گہما گہمی تیز ہے۔ سراج الدین قریشی پنیل اور عارف محمد خان اور دیگر امیدواران اپنے تشہیری مہم میں لگے ہوئے ہیں۔ ایسے میں اس کتاب کو اہم مانا جا رہا ہے۔

اس موقع سے سابق منسٹر سلمان خورشید نے کتاب کے حوالے سے انڈین اسلامک کلچر سینٹر کے کئی گوشوں کو اجاگر کیا اور انڈین اسلامک کلچر سینٹر کی اہمیت اور افادیت پر روشنی ڈالے۔

بتا دیں کہ اس موقع سے عارف محمد خان، کتاب کے مصنف کلیم الحفیظ، ڈاکٹر محمد فخر الدین، ڈاکٹر رحمان سوری وغیرہ نے بھی خطاب کیا۔

34 سال کی طویل جدوجہد کے بعد بالآخر سچ اور انصاف کی فتح

'آپ' کی کانگریس سے اتحاد کی خواہش دونوں کی سازباز کا ثبوت: وجیندر گپتا

نئی دہلی (انور حسین جعفری)
کانگریس کے سینئر لیڈر سابق ایم پی جین کمار کو 1984 سکھ فسادات میں عمر قید کی سزا سنائے جانے پر دہلی اسمبلی میں حزب اختلاف نے بی جے پی کے لیڈر وجیندر گپتا نے کہا کہ 34 سال کے طویل جدوجہد کے بعد بالآخر سچ اور انصاف کی فتح ہوئی ہے۔

گپتا نے کانگریس کو گھیرتے ہوئے کہا کہ کانگریس حکومت نے سکھ مخالف فسادات کے معاملات میں تفتیشات آگے نہیں بڑھنے دیئے بلکہ معاملات کو دبانے کی پوری کوشش کی گئی۔ انہوں نے کہا کہ گزشتہ حکومت کی پوری کوشش رہی کہ یہ معاملہ کسی بھی نتیجہ تک نہیں پہنچے۔

وجیندر گپتا نے دہلی میں برسر اقتدار عام آدمی پارٹی پر بھی تنقید کرتے ہوئے کہا کہ 'آپ' حکومت نے بھی مرکزی حکومت کی جانب سے بنائی گئی ایس آئی ٹی کے ساتھ تعاون نہ کر کے اپنی ایس آئی ٹی بنا کر معاملے کو الجھانے کی کوشش کی تھی۔ انہوں نے کہا کہ 1984 کے سکھ مخالف فسادات میں مارے گئے 63 لوگوں کی فائل کھولنے کا وزارہ بھی اسی سمت میں کی گئی کوشش تھی۔

'آپ' کا کانگریس سے اتحاد کی خواہش سے ثابت ہو گیا کہ 'آپ' کی کانگریس سے ملی بھگت تھی۔ لیکن اب جبکہ کانگریس کے لیڈر مکل ناتھ کو وزیر اعلیٰ کے عہدے کے طلف دلایا گیا تو دہلی کے وزیر اعلیٰ اروند کیجریوال اور ایم پی سنجے سنگھ نے رنگ بدلتے ہوئے حلف برداری تقریب سے کنارہ کشی کر لی۔ وجیندر گپتا نے کہا کہ مرکزی بی جے پی کی حکومت اور بالخصوص وزیر داخلہ راج ناتھ سنگھ کی مسلسل کوششوں سے سکھ مخالف فسادات معاملات کو دوبارہ کھولا گیا اور پیروی کر کے اس کی جانچ شروع کی گئی اور بالآخر آج اس سمت میں اہم فیصلہ آیا ہے۔

انہوں نے کہا کہ اس سے سکھوں کے کبھی نہ بھرنے والے زخموں پر کچھ مرہم لگے گا۔ لیکن ابھی اس سمت میں طویل سفر طے کرنا ہے، جب تک تمام قصورواروں کو سزا نہیں ہو جاتی، تب تک سکھ کمیونٹی کیلئے 'آپ' اور انصاف کیلئے جدوجہد جاری رہے گی۔ وجیندر گپتا نے مکل ناتھ کے وزیر اعلیٰ بننے پر تنقید کرتے ہوئے کہا کہ مکل ناتھ کو عہدہ پر دینا کانگریس اعلیٰ کا وزیر اعلیٰ بنا کر سکھوں کے جذبات سے کھلواڑ کیا گیا ہے۔

کیوں کہ مکل ناتھ پر دہلی میں واقع گردوارا رکاب گنج سڑک کو کیلئے بھیڑ کو اکسانے کا الزام ہے۔ اس کیلئے سابق وزیر اعظم اٹل بہاری واجپئی کی جانب سے قائم ناناوتی کمیشن نے خاص طور پر تشدد کے معاملات میں مکل ناتھ کو ملزم قرار دیا ہے۔ وجیندر گپتا نے کہا کہ سکھوں کے جذبات سے کھلواڑ کرنے والے لیڈروں کو کانگریس انعامات دے کر سکھ کمیونٹی کے زخموں کو کیوں ہرا کر رہی ہے۔

اندر لوک قبرستان کیلئے مرکزی اور دہلی حکومت سے مطالبہ

نئی دہلی (پی این این)
سرائے خلیل سے اجڑ کر اندر لوک شہزادہ باغ میں بسے لوگوں کا قبرستان کیلئے دیرینہ مطالبہ رہا ہے۔ لیکن آج برسوں گزر جانے کے بعد بھی یہ مطالبہ پورا نہیں ہو سکا ہے۔ حالانکہ اندر لوک قبرستان کیلئے سابق وزیر کیل سیل نے گائے والا پارک میں جگہ دینے کی بات کہی تھی اور اس کے دستاویزات بھی علاقائی ذمہ داران کو سونپ چکے ہیں لیکن قبرستان کا معاملہ آج تک التوا میں ہے۔

اس سلسلے میں شہزادہ باغ اندر لوک سوشل ویلفیئر اینڈ ایجوکیشنل سوسائٹی کے جنرل سکریٹری محمد ظہیر قریشی نے دہلی اور مرکزی سرکار سے مطالبہ کیا ہے کہ وہ یہاں کے باشندوں کے لیے ضروری مسائل کو حل کریں۔ شہزادہ باغ اور اندر لوک میں سرائے خلیل سے آکر بسے لوگوں کو زمانہ گزر گیا ہے لیکن یہاں قبرستان نہ ہونے کے سبب آج تک جرمیت کو دور دراز کے قبرستانوں میں تدفین کیلئے لے جایا جاتا ہے۔

انہوں نے کہا کہ سابق ایل جی جگموہن کے الاٹمنٹ کے احکامات کی کاپی ہم نے ڈی ڈی اے کو دے دیئے تھے باوجود اس کے اس مسئلہ کو حل نہیں کیا جا رہا ہے 1984 میں ڈی ڈی اے نے ایم سی ڈی کو قبرستان الاٹ کر دیا تھا، بعد میں اس کو کینسل کر دیا گیا۔ متبادل طور پر یہاں قبرستان کی زمین الاٹ ہوئی ہے 2013 میں دہلی اربن شیلٹر امپروونٹ بورڈ کی میٹنگ دہلی سرکار میں ہوئی تھی۔

جس میں قیمت کے حوالے سے یہ طے کیا گیا تھا کہ قیمت دہلی سرکار ادا کرے گی اور دہلی وقف بورڈ بغیر قیمت کے الاٹمنٹ کی جائے 2014 میں ڈوسب نے ڈائنڈ لیسٹ جو جاری کیا تھا اس میں 34 کروڑ روپے سے زیادہ قیمت مانگی گئی تھی اور 86 لاکھ روپے سالانہ گراؤنڈ رینٹ مانگا گیا تھا۔ ڈاکٹر جرش وردن مرکزی وزیر، لیفٹیننٹ گورنر انل بیجل سے گزارش ہے کہ وہ یہاں کے لوگوں کی ضرورت کو سمجھے اور ضرورت کے اس مسئلہ کو جلد سے جلد حل کرائیں۔

انہوں نے کہا کہ اس سلسلہ میں یاد دہانی کرانی ضروری ہے کہ دہلی کے سابق لیفٹیننٹ گورنر کے احکامات ہو چکے ہیں متبادل طور پر قبرستان الاٹ ہونا ہے 1984 میں قیمت صرف روپے اور آج 34 کروڑ سے زیادہ قیمت اور 86 لاکھ سے زیادہ گراؤن رینٹ دہلی سرکار کب ادا کرے گی؟ اس موقع پر نعیم قریشی نے کہا کہ 2013 میں سابق وزیر اعلیٰ شیلا دیکشت کے دور اقتدار میں قبرستان کی قیمت لگا کر یہ حکم جاری ہوا تھا کہ قبرستان کی قیمت دہلی سرکار ادا کر گی۔ اور بغیر قیمت دیئے دہلی وقف بورڈ کو قبرستان الاٹ کیا جائے گا۔

سجن کمار معاملے کو سیاسی رنگ نہ دے بی جے پی: کانگریس

نئی دہلی (یو این آئی)
کانگریس نے سکھ مخالف فسادات میں سجن کمار کو عمر قید کی سزا دئے جانے کے معاملے پر بھارتیہ جنتا پارٹی کو سیاست نہ کرنے کی صلاح دی اور کہا کہ کانگریس کا اس معاملے سے دور دور تک کوئی تعلق نہیں ہے۔ راجیہ سبھا میں اپوزیشن کے لیڈر غلام نبی آزاد، پہل سیل اور بھیشیک منو سنگھوی نے پیر کو پارلیمنٹ کے احاطے میں نامہ نگاروں سے بات چیت کے دوران الزام لگایا کہ بی جے پی اس معاملے کو سیاسی رنگ دینے کی کوشش کر رہی ہے اور اسے ایسا کرنے سے بچنا چاہیے۔

انہوں نے کہا کہ یہ قانونی مسئلہ ہے اور قانون کو اپنا کام کرنا ہے۔ ایسے معاملے کو سیاسی رنگ نہیں دینا چاہئے۔ انہوں نے واضح کیا کہ کانگریس کا اس سے کوئی لینا دینا نہیں ہے۔ کانگریس لیڈروں نے کہا کہ بی جے پی کو اس معاملے کو سیاسی رنگ دینے سے پہلے یہ بھی سمجھ لینا چاہئے کہ جن لوگوں کا تعلق 2002 کے گجرات فسادات سے ہے، وہ مرکز میں بڑے عہدوں پر بیٹھے ہوئے ہیں۔ سینیئر وزیر، فسادات میں شامل بی جے پی کی اعلیٰ قیادت کے خلاف بھی کارروائی ہونی چاہئے۔

مکل ناتھ کو سکھ فسادات سے جوڑنے اور انہیں ملزم بنانے کی کمان سونپنے کو طزمین کو ایوارڈ دینے سے متعلق تبصرے پر انہوں نے کہا کہ مسٹر مکل ناتھ کا نام کہیں نہیں ہے۔ انہوں نے کہا کہ بی جے پی کو پہلے ان لوگوں کے خلاف کارروائی کرنی چاہئے جن کا تعلق فسادات سے ہے وہ اونچے عہدوں پر بیٹھے ہوئے ہیں۔

شہریوں کا قتل ناقابل قبول: آزاد

نئی دہلی (یو این آئی)
کانگریس کے سینئر رہنما اور راجیہ سبھا میں اپوزیشن لیڈر غلام نبی آزاد نے جموں و کشمیر کے پلوامہ میں سات شہریوں کے قتل پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے آج واقعہ کی انکوائری کا مطالبہ کیا۔ مسٹر آزاد نے کہا کہ یہاں جاری ایک بیان میں کہا کہ شہریوں کے قتل کو حل نہیں کیا جا سکتا۔ انہوں نے کہا کہ سکیورٹی فورسز کو شہریوں پر گولیاں چلانے سے روکا جانا چاہئے تاکہ مستقبل میں پلوامہ جیسا واقعہ نہ ہو۔

واقعہ کی انکوائری کا مطالبہ کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ سیکیورٹی فورس جب دہشت گردوں کو مارتے ہیں تو سب ان کی تعریف کرتے ہیں لیکن جب بے قصور لوگ مارے جاتے ہیں تو یہ افسوس ناک صورت حال ہوتی ہے۔ پلوامہ میں سات سے زیادہ شہریوں کی ہلاکت کا واقعہ ٹھیک نہیں ہے۔ مسٹر آزاد نے کہا کہ پلوامہ کے واقعہ کی انکوائری ہونی چاہئے اور سیکیورٹی فورسز کو اس طرح کے واقعات سے بچنے کی ہدایت دی جانی چاہئے۔

سچ کی آواز
SACH KI AWAZ • सच की आवाज
Published from New Delhi
اترپردیش
www.sachkiawaz.com

'تین ریاستوں سے بی جے پی کا صفایا مرکزی قیادت کی شکست'

امت شاہ کو ہٹا کر شیوراج کو قومی صدر بنانے اور یوگی کو ہٹا کر راج ناتھ کو یوپی کی کمان سونپنے کا سینئر بی جے پی لیڈر سنگھ پریہ گوتم کا مطالبہ

بلند شہر (یو این آئی)

سابق مرکزی وزیر اور بی جے پی کے سابق قومی نائب صدر سنگھ پریہ گوتم نے تین ریاستوں میں ہوئی پارٹی کی شکست کو مرکزی قیادت کی بار قرار دیتے ہوئے امت شاہ کے مقام پر شیوراج سنگھ چوہان کو قومی صدر بنانے اور اترپردیش کے وزیر اعلیٰ یوگی آدتیہ ناتھ کو ہٹا کر ان کے مقام پر راجناتھ سنگھ کو یوپی کی کمان سونپنے کی وکالت کی ہے۔

بلند شہر واقع اپنے رہائش گاہ پر منعقد پریس کانفرنس میں بی جے پی کے بزرگ لیڈر دسترگرتم نے کہا کہ مدھیہ پردیش، راجستھان اور چھتیس گڑھ میں بی جے پی کی بارکافی مایوس اور بے یقین کرنے والی ہے۔ اس شکست کے لئے کون ذمہ دار ہے؟ یہ گوتم نے آر ایس ایس کے سینئر ذمہ داروں سے پورے معاملے میں مداخلت کرنے، امت شاہ کے مقام پر مدھیہ پردیش کے سابق وزیر اعلیٰ شیوراج سنگھ چوہان کو پارٹی کا نیا سربراہ بنانے کا مطالبہ کیا ہے۔

سابق مرکزی وزیر نے کہا کہ ریاست میں یوگی آدتیہ ناتھ موامی قوتعات پر پورا اترنے میں ناکام ثابت ہو رہے ہیں۔ جرائم اور بدعنوانی میں روز بروز اضافہ ہو رہا ہے۔ عوامی مسائل کا انبار لگا ہے نوکرشاہ بے لگام ہیں۔ جس سے سرکار کن غیر مطمئن ہیں۔ انہوں نے مرکزی قیادت سے وزیر اعظم راج ناتھ سنگھ کو یوگی آدتیہ ناتھ کی جگہ وزیر اعلیٰ بنانے کا مطالبہ کیا۔

سابق وزیر نے 2019 کے عام انتخابات میں مودی کے قیادت میں پھر سے مرکز میں حکومت بنانے پر اعتماد کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ سبھی سینئر لیڈروں کو اپنے ریاست اور اضلاع کے سیٹ سے ہی لوک سبھا انتخابات میں حصہ لینا چاہیے اس کا کارکنوں اور عوام میں اچھا پیغام جاتا ہے۔

گوتم نے کہا کہ ملک کے دفاع، ترقی اور عوامی مسائل کے حل کے لئے نریندر مودی کا 2019 میں دوبارہ وزیر اعظم بننا ضروری ہے۔ سبھی کارکنوں کو تین ریاستوں میں ملی شکست کو بھول کر "مشن 2019 پی ایم مودی آئیں" کے لئے ابھی سے کمر کس کر میدان میں اترنا ہوگا۔

غرباء ومساکین کو طبی سہولیات فراہم کرنا سماجی ذمہ داری

مدرسہ خلیل العلوم رائے ستی میں مفت طبی کیمپ کا انعقاد، قریب 600 مریض ہوئے مستفید

سنبھل (پی این این)

مجید ہیلتھ اینڈ جامعہ ہمدرد دہلی کی جانب سے سنبھل کے مدرسہ خلیل العلوم رائے ستی میں مفت طبی کیمپ کا انعقاد کیا گیا تاکہ غریب ومساکین کو ان کے امراض کے بارے میں صحیح تشخیص کی جا سکے۔ کیمپ میں پروفیسر ڈاکٹر محمد اختر صدیقی، ڈاکٹر محمد اویس اور ڈاکٹر محمد سلمان نے شرکت کی۔

انھوں نے یہاں پر مختلف امراض کے لوگوں کا چیک اپ اور دوا بھی دی گئیں پرنس کا جاری رجسٹر میں بتایا گیا ہے کہ تقریباً ۶۰۰ مریضوں نے مفت طبی کیمپ میں پہونچ کر فائدہ اٹھایا۔ اس موقع پر ڈاکٹروں نے بتایا ہے کہ سردی ہونے کی وجہ سے مریضوں کی تعداد کافی تھی اور کھنسی سے پیدا ہونے والے مریض کافی تعداد میں پہونچے۔ انھوں نے ذمائندے سے کہا کہ وہ غریب مریض جو اسپتالوں کی بڑی بڑی فیس ادا کرنے سے قاصر ہیں اور جن کی پہونچ سرکاری اسپتال تک بھی نہیں ہے کیمپ ان کے لئے بے حد مفید تھا۔

ڈاکٹروں نے مریضوں کا چیک اپ بھی کیا اور دوائیں بھی مفت دی گئیں کچھ مریضوں کو باہر سے بھی دوا تجویز کی گئی۔ طبی کیمپ میں سابق ایم ایل اے شریعت اللہ اور پی ایس پی نیتا چھدا بھی موجود رہے مدرسہ کے منتظمین کا کہنا تھا کہ ایسے کیمپ کا انعقاد کیا جانا چاہئے اور غریب ومسکین لوگوں کی مدد کرتے ہوئے انھیں دواؤں کا انتظام ضروری ہے۔ کیمپ کو صحیح طرح سے چلانے کے لئے مشرف حسین، بابو مستری ممبر نعیم، محمد نعیم نے تعاون دیا۔

اپنی ہی حکومت کے خلاف راج بھر کا بھوک ہڑتال 24 سے

لکھنؤ (پی این این)

یوگی کابینہ میں وزیر اوم پرکاش راج بھر نے بی جے پی کے خلاف زوردار طریقے سے محاذ کھول دیا ہے۔ پیر کے روز وراسی پہنچے راجبھر نے مرکزی اور اترپردیش حکومت کے خلاف کھل کر اپنی باتیں رکھیں۔ اس دوران انھوں نے پسماندہ طبقہ کے 27 فیصد ریزرویشن میں کٹگری کے مطالبہ کو لے کر 24 دسمبر سے ملک گیر سلسلہ وار بھوک ہڑتال پر جانے کا اعلان بھی کر دیا۔ این ڈی اے میں شامل سہیل دیو بھارتیہ سماج پارٹی کے قومی صدر اوم پرکاش راجبھر نے بی جے پی کے خلاف اپنی بات رکھنے کے دوران میڈیا سے یہ بھی کہا کہ میں اپنے مطالبات رکھتا رہوں گا اور بی جے پی کے خلاف بولتا رہوں گا، اگر بی جے پی مجھے این ڈی اے سے باہر کرنا چاہتی ہے تو کر دے۔ دلچسپ بات یہ ہے کہ راجبھر نے بی ایم نریندر مودی کے 29 دسمبر کو غازی پور دورہ میں شامل نہ ہونے کا بھی اعلان کر دیا ہے۔ وہ 27 فیصد ریزرویشن کوٹہ میں پسماندہ کے لیے بی جے پی کے خلاف محاذ کھولے ہوئے ہیں۔ وہ راجبھر طبقہ کو متحد کرنے کی بھی کوشش کر رہے ہیں۔ وراسی واقع سرکٹ ہاؤس میں میڈیا سے بات چیت کے دوران یوگی حکومت کے وزیر اوم پرکاش راجبھر نے کہی قومی اسٹور پر بے باک رائے ظاہر کی۔ انھوں نے کہا کہ سماجوادی پارٹی اور بہوجن سماج پارٹی کا اتحاد ہوا تو بی جے پی کا ریاست سے صفایا ہو جائے گا۔ انھوں نے ساتھ ہی یہ بھی کہا کہ لیس پی/ایس پی کی وجہ سے دوسری ریاستوں میں بی جے پی کو انتخابات ہاری ہے اور آگے بھی ہارے گی۔

کئی بڑے حادثات وواقعات سے دہل اٹھا رام پور

رام پور (عالمگیر ایم خان)

رام پور ضلع میں جرائم کا گراف گزشتہ 5 برسوں میں کم ہونے کے بجائے کئی فیصد بڑھا ہے۔ رام پور میں جرائم کا یہ نہ لہریز بڑھتا جارہا ہے۔ یہ حقیقت ہے کہ سماجوادی دور اقتدار میں رام پور جرائم سے آزاد ہو گیا تھا مگر اقتدار کے پھسل جانے کے باعث جرائم رفتار نے اسپیڈ پکڑی ہے۔

کل ملا کر رام پور کے اہل اشراف بھی کرتے ہوئے شرماتے ہیں اور انھیں خود غیرت آرہی ہے کہ آخر ہم کیا کر رہے ہیں؟ چار سال سماجوادی اور ڈیڑھ سال بھارتیہ جنتا پارٹی کے دور میں جرائم کی طرف انگلیں دوڑائیں تو معلوم ہو جائے گا کہ واقعی رام پور میں پولیس جرائم پیشہ افراد کے سامنے بونی اور خشدوں کے سامنے نامرد ثابت ہو رہی ہے۔ کئی ایسے واقعات ضلع رام پور میں اسمال ہوئے ہیں جنہوں نے نہ صرف دلوں کو دہلا دیا بلکہ لوگوں کی چیخیں نکال دی ہیں اور پولیس ان کو پکڑنے میں ابھی تک نکمہ ثابت ہوئی ہے اگر ٹیج تھانہ کے حمام والی گلی کی پاگل کا انفوواس کے جسم کے تین ٹکڑے کرنے والے تمام قاتلوں کو پولیس ابھی تک گرفتار کرنے میں ناکام ثابت ہوئی ہے تو شاہ آباد میں مندر میں قبضہ کولیکر دو ماہ قبل تین ساد ھوؤں نے اپنے ساتھی سادھو کا موت کی نیند سلا دیا تھا اور پولیس ابھی تک کوئی خاصی کارروائی نہیں کر سکی ہے جبکہ پٹواٹی تھانہ کے ایک نوجوان نے اپنے ہی رشتہ دار کا شاہ آباد میں جاکر قتل کر اس کی لاش کو کہیں پھینک دیا تھا۔ لاہڑہ میں ایک ماہ قبل رات میں کئی گھروں میں ڈکیتی کی وارداتیں لوٹ مار کی، پولیس ذرائع کے مطابق 50 لوٹ کی وارداتیں، 50 قتل کی وارداتیں ہوئی ہیں۔ زیادہ تر یہ وارداتیں ہیں جن کا پولیس ابھی خلاصہ نہیں کر سکی ہے۔

پولیس سے اس سلسلہ میں بازپرس کی جارہی ہے وہ اپنے کو بچارہی ہے۔ کئی ایسے معمے ہیں جس میں پولیس کے ماتھے پر بدنما داغ لگ رہا ہے۔ جرائم کا گراف متواتر بڑھ رہا ہے۔ سال 2018 میں اتنی وارداتیں پولیس پر سوالیہ نشان لگا رہی ہیں۔ چھیڑ چھاڑی وارداتوں نے بھی پولیس کی ناک میں دم کر دیا کیونکہ پولیس ایک آت کو ہی پکڑ پائی ہے جبکہ باقی کسی پر ٹھکانہیں کسا گیا۔ سپر منٹنڈنٹ آف پولیس شیوپری بتانے ہمیں بتایا کہ جرائم پر قابو پانے کیلئے پولیس ہر طرح سے کوششوں میں مصروف ہے۔ مفرور اور بھگوڑے بدمعاشوں کو گرفتار کرنے کیلئے مختلف ٹیمیں لگائے گئے ہیں۔ پولیس سے بڑھ کر کوئی چیز نہیں ہے۔

پارٹی کی تمام پالیسیوں کو پہنچائیں گے گھر گھر: ریحان خاں

رام پور (پی این این)

کل ہند مجلس اتحاد المسلمین کی میٹنگ چوکی باکھر پر ہوئی جس میں میر خان کو ضلع سکریٹری بنایا گیا ہے۔ پارٹی کارکنوں نے ان کا ہار پھولوں سے استقبال کیا۔ ضلع صدر ریحان خاں نے کہا کہ مجلس اتحاد المسلمین کیلئے بہتر کام کرنے اور غریبوں کی مدد کرنے پر ہی ذمہ داری سپرد کی گئی ہے۔

ہمیں یقین ہے کہ وہ پارٹی کی تمام پالیسیوں کو گھر گھر پہنچائیں گے۔ میر خان نے پارٹی کیلئے ایمانداری سے کام کرنے کا بھروسہ دلایا۔ اس موقع پر زبیر شیری، کلیش، سونو خاں، غفران، فیصل خاں، دانش کھلے کے علاوہ کارکنان موجود رہے۔

کیفیات اور لکھنؤ۔ برونی ایکسپریس سمیت کئی ٹرینیں منسوخ

لکھنؤ (پی این این)

شمال مشرقی ریلوے انتظامیہ نے کیفیات ایکسپریس اور لکھنؤ۔ برونی ایکسپریس سمیت کئی ٹرینوں کو منگل سے منسوخ کر دیا ہے۔ ان ٹرینوں کے رد ہونے سے مرد ہوئے میں مسافروں کی دقتیں بڑھ سکتی ہیں۔ ریلوے عامہ کے چیف افسر (سی پی آر او) اجیے یادو نے پیر کے روز بتایا کہ کانپور۔ کاس گنج اور غدائج اسٹیشنوں کے درمیان جاری گھنٹے کا ٹریک بلاک شروع ہو گیا ہے۔ اس کی وجہ سے مذکورہ روٹ پر چلنے والی ٹرینوں کو منسوخ کیا گیا ہے۔ وجہ کی بات یہ ہے کہ راجبھر نے پی ایم نریندر مودی کے 29 دسمبر کو غازی پور دورہ میں شامل نہ ہونے کا بھی اعلان کر دیا ہے۔ وہ 27 فیصد ریزرویشن کوٹہ میں پسماندہ کے لیے بی جے پی کے خلاف محاذ کھولے ہوئے ہیں۔ وہ راجبھر طبقہ کو متحد کرنے کی بھی کوشش کر رہے ہیں۔ وراسی واقع سرکٹ ہاؤس میں میڈیا سے بات چیت کے دوران یوگی حکومت کے وزیر اوم پرکاش راجبھر نے کہی قومی اسٹور پر بے باک رائے ظاہر کی۔ انھوں نے کہا کہ سماجوادی پارٹی اور بہوجن سماج پارٹی کا اتحاد ہوا تو بی جے پی کا ریاست سے صفایا ہو جائے گا۔ انھوں نے ساتھ ہی یہ بھی کہا کہ لیس پی/ایس پی کی وجہ سے دوسری ریاستوں میں بی جے پی کو انتخابات ہاری ہے اور آگے بھی ہارے گی۔

مدرسہ کے اساتذہ اپنے مطالبات کیلئے جنتر منتر پر کریں گے احتجاج

سنبھل کے مدرسہ منورالقرآن میں اساتذہ یونین کی میٹنگ میں متفقہ فیصلہ، دھرنا آج



سنبھل (پی این این)

محلہ۔ بیاسرائے واقع مدرسہ منورالقرآن میں اساتذہ یونین کی ایک اہم میٹنگ منعقد ہوئی جس میں مدرسہ جدید کاری کے اساتذہ نے اپنے مطالبات کے تئیں حکومت عدم توجہی پر ناراضگی کا اظہار کیا میٹنگ میں متفقہ رائے سے فیصلہ کیا گیا کہ ۱۸ دسمبر کو دہلی کے جنتر منتر پر دھرنا دیا جائے گا۔

میٹنگ میں اساتذہ نے اپنے مطالبات کو حکومت تک پہونچانے کے لئے اس سے قبل بھی کوششیں کی ہیں ان کا کہنا تھا کہ حکومت کو ہماری آواز سنائی نہیں دے رہی ہے ہمارے گھروں کے چولہے بند ہو چکے ہیں اور بچے بھی نہ صرف سماجی ضرورتوں کو پریشان ہو گئے بلکہ کھانے پینے بھی مشکل آسکتی ہے اس لئے ہماری مانگیں فوراً ہی تسلیم کرتے ہوئے انصاف کرنا چاہئے۔

مدرسہ جدید کاری شکشک سنگھ کے صدر عبدالمطلب کا کہنا تھا کہ بہت مجبوری کے بعد یہ قدم اٹھایا گیا ہے کیونکہ تین سال سے ہماری رقم نہیں دی گئی ہے اس لئے ہماری اپیل ہے مدرسہ جدید کاری یونین کے سب ہی اساتذہ ۱۸ دسمبر کو جنتر منتر پر ہونے والے دھرنے میں ضرور شریک ہو کر اپنی طاقت کا مظاہرہ کریں۔ میٹنگ میں محمود اختر، افتخار عالم، اصرت جہاں عریب رضا، شاد قریشی، آشکارہ خانم، شاہینہ وغیرہ خاص طور پر شریک ہوئیں۔

جنید صدیقی نے چھوڑی بی جے پی

دیوبند (پی این این)

بی جے پی کے نوجوان لیڈر جنید صدیقی نے پارٹی ہائی کمان پر نظر انداز کرنے کا الزام لگاتے ہوئے بی جے پی چھوڑنے کا اعلان کیا ہے، جنید صدیقی نے کہا کہ حالیہ پانچ ریاستوں میں بی جے پی کی ہار اس کے اہل کاس کے ذریعہ کارکنان کو نظر انداز کرنے کے سبب ہوئی ہے۔ انہوں نے بتایا کہ ان کے ساتھ آج ان کے درجنوں ساتھیوں نے بی جے پی کو الوداع کہہ دیا ہے۔

غیر قانونی ای رکشا چلانے پر ہوگی کارروائی

ٹریفک پولیس اور اے آر ٹی او کا بنارجسٹریشن والے رکشا ضبط کرنے کا فیصلہ

سنبھل (پی این این)

شہر میں غیر قانونی طریقہ سے چل رہے ای۔ رکشا کو بند کرنے کے لئے انتظامیہ نے کمر کس لی ہے اس کا کہنا ہے ای رکشا کی کثرت سے شہر میں جام کی حالت میں مستقل اضافہ ہو رہا ہے اس کے ایسے ای۔ رکشا جن کا رجسٹریشن نہیں ہے ان کو بند کیا جائے گا اور چلانے والوں نے خود بند نہیں کیے تو ای۔ رکشا ضبط کر لئے جائیں گے۔

اس کام کے لئے پولس اور اے آر ٹی او کے راکین کی موجودگی میں مہم چلائی جائے گی۔ اس وقت شہر کی سڑکوں کی ہزار رکشا چل رہے گھر رجسٹریشن تقریباً ۵۰۰ رکشا کا ہے ایسے رکشا جو بہت کم قیمت پر غیر قانونی طریقہ سے تیار کئے جا رہے ہیں اور شہر کی سڑکوں پر دوڑ چل رہے ہیں! مشبوطی نہ ہونے کی وجہ سے آئے دن ای رکشا حادثہ کا شکار ہو جاتے ہیں ساتھ ہی میں سڑک کے درمیان میں شراب ہو جانے پر جام لگ جاتا ہے۔

اگر چہ کہ شہر کو جام سے نجات کے لئے اس سے قبل بھی ای رکشا اور دیگر غیر قانونی گاڑیوں کے خلاف اے آر ٹی او مہم چلاتا رہا ہے گاڑیاں ورکشن اضبط کر تھانے میں کھڑی کی جاچکی ہیں مگر تھانوں میں معقول جگہ نہ ہونے کی وجہ سے ای رکشا کو بند کرنے کے لئے انتظامیہ نے کمر کس لی ہے اس کا کہنا ہے ای رکشا کی کثرت سے شہر میں جام کی حالت میں مستقل اضافہ ہو رہا ہے اس کے ایسے ای۔ رکشا جن کا رجسٹریشن نہیں ہے ان کو بند کیا جائے گا اور چلانے والوں نے خود بند نہیں کیے تو ای۔ رکشا ضبط کر لئے جائیں گے۔

'سال 2018 کے مطابق کسانوں کی زمین کا معاوضہ دیا جائے'

رام پور (پی این این)

بھارتیہ کسان یونین اترپردیش غیر سیاسی کے ارکان نے ضلع صدر جیب الحمدی قیادت میں منچ ہوکر ضلع کلکٹر مہیندر بہادر سنگھ کے نام ایک عرضداشت دی ہے جس میں کہا گیا ہے کہ ضلع رام پور کے کاٹھ گودام پٹواری وے کی زمین تمام کسانوں کی کاشتکاری کی زمین اور آبادی کی جگہ بتیں آرہی ہے۔

نیشنل ہائی وے کو بنانے ہوئے 60 میٹرز میں روڈ کے دونوں کنارے دی جاری ہے لیکن گرام تھوپ پور ملک پی 5 ایکڑس آدھا رپوری جاری ہے۔ کہا ہے کہ جن زمینوں پر 20 سال سے آبادی بسی ہوئی ہے اور سرکاری ریکارڈ میں ان کا اندراج ہے ان کا معاوضہ دیا جانا چاہیے۔ کہا ہے کہ این ایچ 87 کی قیمت 2018 میں کرائی جاری ہے اور زمین کا معاوضہ دیا جائے تو سال 2018 کے مطابق ہی ان کی زمین کا معاوضہ دیا جائے۔ عرضداشت دینے والوں میں اقرار احمد، محمد طالب، سجاد، اکرم علی، ماجیت سنگھ، بریندر کمار تھے۔

مختصر مختصر

پولیس تصادم میں 25 ہزار کا انعامی بدمعاش زخمی

میرٹھ (پی این این)

میرٹھ ضلع کے سرمد پور تھانہ علاقہ میں اتوار کی رات کو پولیس کے ساتھ تصادم میں ایک بدمعاش زخمی ہو گیا اور اس کا ایک ساتھی فرار ہو گیا۔ زخمی بدمعاش 25 ہزار روپے انعام کا اعلان تھا۔ وہ مظفر نگر میں رتن پوری علاقے میں بڑی ڈکیتی میں مطلوب تھا۔ اتوار کی رات کو سرمد پور پولیس نے ہرنہ۔ کیھانی دیبات کے جنگل میں گشت کے دوران دو مشتبہ نوجوان دیکھے۔ پولیس نے انہیں رکنے کا اشارہ کیا، لیکن وہ فائرنگ کرتے ہوئے کھیت جھاڑیوں میں گھس گئے۔ پولیس نے بھی اس کے جواب میں فائرنگ کی تو ایک گولی بدمعاش کے پاؤں میں لگی۔ اس سے زخمی بدمعاش گر گیا اور اس کا ساتھی فرار ہونے میں کامیاب رہا۔ زخمی بدمعاش کی شناخت ماجد کے طور پر ہوئی۔ ایس پی رورل ڈاکٹر بی پی اشٹک نے بتایا کہ زخمی بدمعاش نے مظفر نگر کے رتن پور تھانہ علاقہ میں ڈکیتی کو انجام دیا تھا۔ اس فرار بدمعاش پر 25 ہزار روپے انعام کا اعلان کر دیا گیا۔ ماجد پر لوٹ، ڈکیتی، چوری، جان لیوا حملے کے دو درجن سے زیادہ مقدمے درج ہیں، جبکہ اسکے فرار ساتھی کا نام اسٹار ہے۔

باندہ: ٹرکٹر۔ ٹرالی کے پلٹنے سے 12 زخمی

باندہ (یو این آئی)

اترپردیش کے ضلع باندہ کے چھاپ علاقے میں پیر کو آوارہ مویشی کو بچانے کی کوشش میں ٹرکٹر ٹرالی کے پلٹنے سے ایک ہی کنبہ کے 12 لوگ زخمی ہو گئے۔ پولیس ذرائع نے بتایا کہ پیڑالی علاقے کے چیر ہری گاؤں کے رہنے والے پیر کو اتر اعاتے کے گاؤں کے سے بچے کے پیدائش کے 6 دن پر منعقد تقریب میں شرکت کرنے کے بعد گاؤں واپس آرہے تھے۔ پیر بندا گاؤں کے نزدیک سڑک پر دوڑ رہے آوارہ مویشیوں کو بچانے کی کوشش میں ٹرکٹر پلٹ گیا۔

سی بی آئی میں نوکری دلانے والا جعل ساز گرفتار

شاملی (یو این آئی)

اترپردیش کے ضلع شاملی میں پولیس نے خود کو مرکزی جانچ بیورو (سی بی آئی) کا افسر بتا کر اس محکمہ میں نوکری دلانے کے نام پر لاکھوں روپیوں کی ٹھگی کرنے والے گروہ کے سرغنہ کو پیر کو آدش قادی کی پولیس نے گرفتار کر لیا ہے۔ پولیس سپرنٹنڈنٹ اجے کمار پانڈے نے یہاں بتایا کہ انکل (ہریانہ) کے 50 سالہ اس جعل ساز نے اپنا نام رنجیش بتایا ہے۔ یہ شاطر میں کئی لوگوں کو اپنی بی آئی میں کلرک کے عہدے پر نوکری دلانے کے نام پر دس لاکھ روپے سے زیادہ کی جعل سازی کر چکا ہے۔ کرنال میں بھی اس کے خلاف کئی معاملے درج ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ جعل ساز کے خلاف شکایت ملنے پر اس کی گرفتاری کے لئے آدش ڈگر مندری پولیس کی خصوصی ٹیم کو اس کے گرفتاری کی ذمہ داری دی گئی تھی۔

اسپتال اکھاڑہ کا پہلوان جاوید کے آتنک سے تیمارداراور اسٹاف برہم

رام پور (پی این این)

صدر اسپتال رام پور کے اکھاڑہ میں ان دنوں E M O کے طور پر ایک ڈاکٹر جاوید علی خاں نام کا پہلوان آیا ہوا ہے جو اپنے حریف مریضوں کو پچھاڑنے کے ساتھ ساتھ اسٹاف کو بھی پچھاڑنے کا زور لگاتے ہوئے ہے۔ یہ وہی پہلوان ڈاکٹر جاوید خاں ہیں جن پر حالیہ ایام میں ان ہی کے اسٹاف کی ایک نرس نے ان کو چیل دکھائی تھی اور ان کو بدا خلاقی کیخلاف تحریر بھی دی تھی۔

مگر کسی کا وارث طاقت کا گھمنڈ کرنے والے اس ڈاکٹر کی بدسلوکی اور ڈاکٹر کے صاف کرنے کو کہا تو وہ چراغ پا ہو گیا اور اسپتال میں موجود پرائیویٹ ایمبولینسوں کے ڈرائیوروں کو بلا کر ان پر اپنا غصہ اتارا اور پہلوانی کا مظاہرہ بھی کیا۔ ڈرائیوروں نے ہاتھوں میں بلٹ اور لکڑیاں لیکر تیمارداروں کو پیٹنا شروع کر دیا نے خاتون کیساتھ نازیبا کلمات کا استعمال کرنے کے ساتھ ہی اس کے باپ اور بھائی سے اتھا پائی بھی کی ہے۔

تیمارداری کی غلطی محض اتنی تھی کہ تھرا میٹر زمین پر گر جانے پر اس نے اسے ڈاکٹر کے صاف کرنے کو کہا تو وہ چراغ پا ہو گیا اور اسپتال میں موجود پرائیویٹ ایمبولینسوں کے ڈرائیوروں کو بلا کر ان پر اپنا غصہ اتارا اور پہلوانی کا مظاہرہ بھی کیا۔ اپنے باپ اور بھائی کے ساتھ ایمرجنسی میں تعینات ڈاکٹر کو دکھانے پہنچیں جہاں ڈاکٹر جس سے اسپتال میں افراتفری مچ گئی۔ ڈائل 100 کے موقع پر پہنچنے پر ڈاکٹر نے الناصر یش خاتون کے بزرگ باپ اور بھائی کو گرفتار کر کے تھانے بھجوا دیا جس کی اطلاع ملنے پر شہر پالیکا پریشد کے ارکان اور بڑی تعداد میں لوگ صدر اسپتال پہنچ گئے اور ڈاکٹر کی غنڈہ گردی پر ناراضگی ظاہر کی۔ سبھی نے ڈاکٹر کی بدسلوکی اور غلطی کو مانتے ہوئے ملزم ڈاکٹر کے خلاف کارروائی کا بھروسہ دلایا ہے۔ بتا دیں کہ چھوٹی چھوٹی باتوں پر ڈاکٹر لوگوں سے بداخلاقی سے پیش آرہا ہے۔

مولانا شاہ ولی النبیؒ مجددی کا عرس مبارک 20 دسمبر سے

رام پور (پی این این)

مولانا شاہ ولی النبی مجددی، فاروقی کا سہ روزہ عرس مبارک آپ کی آرامگاہ گلبرگہ ضیا النبی پر 20 دسمبر بروز جمعرات سے شروع ہونے جارہا ہے جس میں پہلے روز قرآن خوانی، بعد عصر مولوی مشتاق حسین وعظ پڑھیں گے۔ دوسرے روز تحلیل قرآن کے بعد مولوی شاہ خالد کا خطاب ہوگا جبکہ آخری روز قرآن کریم کی تلاوت کے بعد مولوی لتیقی خاں اور مولوی محمد راشد مجددی کا خطاب ہوگا جس کے بعد خصوصی دعا اور چادر پوشی کے بعد لنگر ہوگا۔ سجادہ نشین جنید النبی مجددی نے بھی سے شرکت کی استدعا کی ہے۔

ایس ٹی ایف کے ہاتھوں فرضی آئی اے ایس سمیت 2 گرفتار

لکھنؤ (یو این آئی)

اترپردیش پولیس کی اینٹی ٹاسک فورس (ایس ٹی ایف) نے فرضی آئی اے ایس افسر (چیف سکریٹری) ابن کرندی آباد کے سے میپل کشنر کونفن کر کے ایمنڈ دلانے کے لئے ان سے ملنے آئے دو لوگوں کو گرفتار کر لیا ہے۔ ایس ٹی ایف کے سینئر پولیس سپرنٹنڈنٹ امتیک سنگھ نے پیر کو بتایا کہ ایس ٹی ایف کے سناجر کرام نوئیڈا ایکانی آہا کے سیپٹیل کشنر کونفن سے بات کر کے ان سے ملنے آئے مہاکلر لکھنؤ باشندہ سلمان خان اور بلیہ کے بھیری قصبہ باشندہ تنن کمار کو گرفتار کیا ہے۔ ان کے قبضے سے تین قیمتی موبائل فون اور دو کاریں برآمد کی ہیں۔

انہوں نے بتایا کہ 30 نومبر اور سات دسمبر کو غازی آباد کے سی کشنر کے سی یو ہی نمبر پر لکھنؤ سکریٹریٹ کے نمبر سے چیف سکریٹری کون کرفون کیا گیا جس میں کشنر نواری آہا کو کہا گیا کہ اپنے علاقے کے یونی پل، ہورڈنگس، اور گاڑیوں کے پارکنگ کے ٹھیکے ارونڈ پانڈے کو دے دو اور پانڈے تم سے آکر ملیں گے جو کہا گیا ہے اسے کرنے تا بتایئے۔

انہوں نے بتایا کہ شبہ ہونے پر کشنر نے چیف سکریٹری کے اسٹاف افسر سے فون پر اس ضمن میں تفصیل معلوم کی تو انہوں نے کہا کہ چیف سکریٹری دفتر نے اس قسم کا کوئی فون نہیں کیا گیا ہے۔ اس کے بعد کشنر نے نوئیڈا سائبر کرائم تھانے پر 11 دسمبر کو نامعلوم افراد کے خلاف 420 اور آئی پی ایکٹ کے تحت مقدمہ درج کرایا تھا۔

سچ کا ساتھ دیں، سچ کو بڑھائیں، سچ کو اپنائیں کے لیے
سچ کی آواز
SACH KI AWAZ • सच की आवाज़
Published from New Delhi
دہلی، این سی آر
www.sachkiawaz.com

مبلوکین کے اہل خانہ آہ بکا کرتے ہوئے۔ اسپوٹ میں اسکول کی دیوار کی گری ہوئی تصویر۔

اسکول کی دیوار گرنے سے 2 بچوں کی موت، 10 زخمی

نوئیڈا (پی این این)

شہر کے سالار پور کالونی میں واقع سمجھان سمو میل پبلک اسکول میں ایک حادثہ ہوگیا۔ اسکول کی دیوار گرنے سے قریب 10-8 بچے زخمی ہوگئے ہے اور دو بچے کی موت ہوگئی ہے۔

پولیس، انتظامیہ اور اتھارٹی نیم موقع پہنچی۔ دیوار گرنے کی اس حادثہ میں 2 بچوں کے مرنے کی تصدیق کی گئی ہے۔ اور 3 بچوں کا پریاگ اور تھرتھ اسپتال میں علاج چل رہا ہے۔

پولیس کے آتے ہی پرنسپل اور باقی ٹیچرس بچوں کو چھوڑ کر بھاگ کھڑے ہوئے۔ پولیس نے اس سلسلے میں معاملہ درج کر جانچ شروع کردی ہے۔ ان کے مطابق یہ اسکول سرکاری نہیں ہے۔ سیکٹر پولیس سپرنٹنڈنٹ ڈاکٹر اے پال نے بتایا کہ تھانہ سیکٹر 49 علاقے کے سالار پور کالونی میں کے ایم پبلک اسکول ہے۔ اس اسکول کے پاس وشیش راج نامی شخص کا ایک پلاٹ خالی ہے۔

اس میں پیڑ کی صبح تعمیراتی کام کر رہا تھا جس کی وجہ سے ہی بی کھدائی کررہی تھی۔ انہوں نے بتایا کہ کھدائی کی وجہ سے اسکول کی دیوار جھکنی گئی۔ اور اسکول کی چھت اور دیوار بھربھرا کر گر گئی۔ اس واقعہ میں اسکول میں پڑھ رہے طالب علم وویک (10) بھوپیندر (10) آکاش (8) بیکے (8) سریش (7) دب گئے ہیں۔

دہلی حکومت اقلیتوں کے حقوق کے تئیں بیدار

حکومت کے منصوبوں اور اسکیموں کا جائزہ لینے کے لئے دہلی کے سبھی ضلع مجسٹریٹ اور سب ڈویژنل مجسٹریٹ کے دفتروں میں اقلیتی سیل قائم کرنے کا فیصلہ

نئی دہلی (پی این این)

حکومت دہلی اقلیتی طبقہ کے فلاح وبہبود کے لیے چلائی جارہی متعدد اسکیموں کا فائدہ ان کے گھر کے دروازے تک پہنچانے کے لیے سرگرم ہے۔ حکومت کی طرف سے اقلیتی طبقوں کے لیے چلائی جارہی اسکیموں کی نگرانی کے لیے دہلی کے ڈویژنل کمشنر کے دفتر میں ایک اقلیتی سیل کا قیام کیا گیا ہے۔ اس کے ساتھ ہی سبھی ضلع مجسٹریٹ اور سب ڈویژنل مجسٹریٹ کے دفتروں میں بھی اقلیتی سیل کے قیام کا کام تیزی سے چل رہا ہے۔

خوطلب ہے کہ دہلی حکومت دہلی میں رہ رہے اقلیتی طبقہ کے لوگوں کو خوش کرنے میں لگی ہوئی ہے۔ دہلی کی تکراس جماعت عام آدمی پارٹی کو یہ احساس ہے کہ انہیں اقتدار میں لانے کے لیے اقلیتی طبقہ کے لوگوں نے اہم رول ادا کیا تھا۔

دہلی میں رہنے والے 18 فیصد مسلمانوں نے گزشتہ انتخابات میں کانگریس پارٹی کا دامن چھوڑ کر عام آدمی پارٹی کا دامن تھام لیا تھا۔ جس کے نتیجے میں کانگریس پارٹی کو شرمناک شکست کا سامنا کرنا پڑا تھا۔ اور اس کا کوئی بھی لیڈر اسمبلی میں نہیں پہنچ پایا تھا۔ جبکہ ایک سال قبل ہوئے اسمبلی انتخابات میں کانگریس پارٹی کے محض مسلم امیدواروں کو ہی جیت حاصل ہوئی تھی۔

اسی کے مدنظر دہلی کی تکراس جماعت نے بھی اقلیتی طبقوں کے ووٹروں کو اپنی طرف بنائے رکھنے کے لیے اور انہیں خوش رکھنے کے لیے کوشش تیز کردی ہے۔ حالانکہ عام آدمی پارٹی کی حکومت کی طرف سے اقلیتی طبقوں کے لیے ابھی تک کوئی نئی اسکیم وغیرہ کا اعلان نہیں کیا گیا ہے۔ لیکن جو پرانی اسکیمیں چل رہی ہیں اس کی نگرانی کا کام شروع کردیا گیا ہے۔

دہلی کے ڈویژنل کمشنر کے دفتر میں قائم اقلیتی سیل کو تمام اسکیموں کی نگرانی کی ذمہ داری دی گئی ہے ساتھ میں سیل کو یہ بھی ہدایت دی گئی ہے کہ وہ ان اسکیموں کے فائدے اور نقصانات کے بارے میں بھی حکومت کو اطلاع دیں۔

اس کے علاوہ اقلیتی طبقوں سے متعلق کسی بھی طرح کی شکایت وغیرہ پر بھی کارروائی کرنے کا انہیں حکم دیا گیا ہے۔ اس کے علاوہ ان کی تمام کارروائی کا ڈیٹا تیار کرکے اس کا جائزہ لینے کو بھی کہا گیا ہے۔ یہ سیل دہلی کے سبھی ضلع مجسٹریٹ و سب ڈویژنل مجسٹریٹ کے دفتر میں بھی کھولے جانے کی تیاری کی جارہی ہے۔

اس کے ذریعہ حکومت اقلیتی طبقوں کے قریب پہنچنا چاہتی ہے اور اقلیتی طبقوں کو اپنی اسکیموں سے فائدہ پہنچانے اور ان کی شکایتوں وغیرہ سے متعلق تمام کاموں کو ان کے گھر کے قریب ہی حل کرانے کی کوشش کررہی ہے۔ فی الحال دہلی میں اقلیتی طبقہ سے متعلق چل رہی تمام اسکیموں کے بارے میں کسی طرح کی کوئی نگرانی نہیں کی جارہی ہے۔

جن ڈپارٹمنٹس کو اسکیموں کی ذمہ داری سونپی گئی ہے وہ یہی پوچھ تاچھ اور نگرانی نہیں ہونے کی وجہ سے صحیح طریقے سے کام نہیں کررہے ہیں۔ دہلی سرکار کی اس کوشش کے بعد اقلیتی طبقوں سے متعلق اسکیموں میں تیزی آنے کی امید کی جارہی ہے۔

دہلی اقلیتی کمیشن کے سکریٹری شمیم اختر نے نمائندوں کو بتایا کہ دہلی حکومت کے اس کوشش سے ہم اقلیتی طبقوں کے فلاح و بہبود اور انہیں انصاف دلانے کے لیے اور بہتر طریقے سے کام کرسکیں گے۔ انہوں نے کہا کہ اس کا فائدہ آنے والے دنوں میں اقلیتی طبقہ کے لوگوں کو نظر آنے لگے گا۔

طفیل کو اہل خانہ سے ملا کر پریم چند بنے بھائی جان

پلول (پی این این)

دہلی کے انکر گمر نے 18 سال پہلے لاپتہ ہوئے طفیل انصاری کا اہل خانہ سے ملنا۔ گھر بگڑی بھائی جان کی طرح ہے۔ بڑھے ہوئے بال، ذہنی طور پر پریشان، جسم سے آتی بدبو اور دبلے پتلے جس نوجوان کو چھوتا تو وہ کوئی قریب سے بھی گزرنا پسند نہ کرے، اسے ایک نوجوان نے نئی زندگی دینے کا کام کیا۔

وہ اسے اپنے گھر لایا۔ کھانا کھلایا، بال کٹوائے، کپڑے بدلوائے ڈاکٹر کو دکھایا۔ بعد میں پتہ چلا کہ وہ 18 سال پہلے دہلی سے لاپتہ ہوگیا تھا۔ پریم چند نے اس کے بعد اسے اس کے اہل خانہ سے ملوایا۔ قریب 2 بجے صدر پولیس تھانے میں طفیل کی بہن رخسانہ اور بھتیجا عارف نے تو ان کے آنکھوں سے آنسو بہنے لگے۔

37 سال کی رخسانہ نے کہا پریم چند آج سے اس کا بھائی ہے۔ گاؤں درگا پور کے پریم چند حسن خاں میوانی میڈیکل کالج نوح کے بلڈ بینک میں سینئر ٹیکنیشین کے عہدے پر فائز ہے۔ گاؤں مہیش پور اور منڈوری کے درمیان 11 نمبر کو انہیں ایک نوجوان بیٹھا نظر آیا۔ اس کے جسم سے بدبو آرہی تھی۔ بال بڑھے تھے، ذہنی طور پر پریشان بھی لگ رہا تھا۔

پریم چند اسے اپنی بائیک پر بیٹھا کر گھر لے آیا۔ اس کی حالت صحیح کرکے وہ اسے میڈیکل کالج کے مابر نفسیات ڈاکٹر نکھل سے چیک کرانے لے گئے۔ ڈاکٹر نکھل نے بتایا کہ نوجوان دماغی طور پر ٹھیک ہے اور صرف ذہنی طور پر پریشان ہے۔ صرف اردو پڑھے لکھے طفیل نے بتایا کہ وہ یوپی کے ضلع اعظم گڑھ کی تحصیل بوڑھین پور کے گاؤں اترولیاں کا ہے۔

پریم چند نے گوگل پر اعظم گڑھ کے گاؤں اور تھانہ اترولیاں ریسرچ کرکے وہاں کے سب انسپکٹر راکیش کمار سے بات کی۔ سب انسپکٹر نے بتایا کہ گاؤں اترولیاں سے 18 سال پہلے متبول انصاری کا چھوٹا بیٹا طفیل انصاری اپنی رخسانہ کے پاس بائیک ریپئرنگ کا کام سیکھنے دہلی کے انکر گمر گیا تھا۔

وہاں سے لاپتہ ہوگیا۔ سب انسپکٹر نے طفیل کے بھائی خلیل احمد، محمد ہارون اور جبر سے بات کروائی۔ ایک دوسرے کے فوٹو دکھائے تو ایک بار پہچاننے سے انکار کردیا لیکن طفیل نے جب اپنے والد کا نام مقبول بتایا تو انہیں یقین ہوا کہ وہ ان کا بھائی ہے۔ صدر پولیس تھانے میں اے ایس آئی رام کمرن کی موجودگی میں پریم چند نے طفیل انصاری کو اس کے بہن رخسانہ، بھتیجا عارف اور بھانجا شاہ عالم کے حوالہ کیا۔ رخسانہ نے بتایا کہ طفیل انصاری 15 سال کی عمر میں کام سیکھنے دہلی آیا تھا۔ ایک دن اچانک وہ لاپتہ ہوگیا۔ طفیل کے زندہ ہونے کی اطلاع فون پر ملی تو انہیں یقین نہیں ہوا۔

کار کی ٹکر سے بائیک سوار نوجوان زخمی

نوئیڈا (پی این این)

سیکٹر 59 کے پاس رات ایلیویٹڈ روڈ سے تیز رفتار میں اتر رہی ایک کار نے بائیک سوار کو ٹکر ماردی۔ اس حادثہ میں بائیک سوار اچھل کر فٹ پاٹ پر جا گرا ہیلمیٹ پہننے کی وجہ سے اس سر تو بچ گیا، لیکن بدن میں چوٹ آگئیں۔

پولیس کے مطابق گرینوویسٹ فرنچ ایپارٹمنٹ میں رہنے والے اشیک کمار سدھو (26) رات قریب 11:30 بجے گڑگاؤں میں ایک ایونٹ سے ممبرو سے واپس لوٹ رہے تھے۔

باٹا چوک گاڑی پہنچنے کے بعد انہوں نے پارکنگ سے اپنی بائیک لی اور سیکٹر 19 ہوتے ہوئے سیکٹر 58 پہنچے۔ وہاں ایک ہوٹل سے کھانا پیک کرانے کے بعد وہ سیکٹر 58 ہوتے ہوئے گرینوویسٹ کی جانب جانے لگے۔ جیسے ہی وہ ایلیویٹیڈ روڈ کے اترنے والے ریمپ کے سامنے پہنچے تو سیکٹر-60 انڈر پاس کے پاس پیچھے سے تیز رفتار میں آئی کار نے انہیں ٹکر ماردی۔ اس سے وہ بے ہوش ہوگئے۔

موقع پر موجود پولیس اہلکاروں نے پہنچ کر کے کار چلا رہے کنٹھی کانت پانڈے اور اویناش مشرا نام کا شخص نوجوانوں کو پکڑلیا۔

دونوں حادثے کے وقت شراب کے نشے میں بتائے جارہے ہیں۔ زخمی اشیک کو پاس کے اسپتال میں داخل کرایا گیا، جہاں پر اے آئی سی یو میں رکھا گیا۔ تھانہ فیس قمری کے ایس ایچ او انکھلیش ترپاٹھی نے بتایا کہ متاثرہ کے والد اروند کمار کی تحریر پر دونوں ملزموں کے خلاف کیس درج کرکے جانچ شروع کردی گئی ہے۔

کرین کیبن میں سورہا چوکیدار زندہ جل گیا

فرید آباد (ایجنسیاں)

ایس بی ایچ گمر علاقے کے راجیو چوک پر کرین کیبن میں سورہا ایک چوکیدار پراسرار حالات میں جل کر مرگیا۔ متوفی کے لاش کو پوسٹ مارٹم کے لئے سول ہسپتال میں رکھوا کر پولیس معاملے کی تحقیقات کر رہی ہے۔ بتایا جاتا ہے کہ کھوہ نی سردی اور مچھروں سے بچنے کے لئے کیبن میں پچھوا چھپ اگربتی لگائی تھی، جس سے آگ لگ گئی۔

ایس ایچ او ہربرپ سنگھ کا کہنا ہے کہ اتوار 10 بجے راجیو چوک کے قریب ایک کرین میں آگ لگنے کی اطلاع ان کے پاس آئی تھی۔ اس کے بعد وہ اپنی ٹیم کے ساتھ موقع پر پہنچ گئے اور ساتھ میں انہوں نے فائر بریگیڈ کی گاڑیوں کو بھی بلا لیا، جب آگ لگنے کی وجہ انہوں نے جاننے کی کوشش کی تو انہیں معلوم ہوا کی کرین کے کیبن کو اندر سے تالا لگا کر چوکیدار مچھروں اور سردی سے بچنے کے لئے مچھی چھاپ اگربتی جلا کر سو رہا تھا۔

اس کی وجہ سے کرین کے کیبن میں آہستہ آہستہ شدید آگ لگ گئی اور کرین کے کیبن کے اندر سو رہا چوکیدار رتن بدھوری زندہ جل کر مرگیا۔ ان کا کہنا ہے کہ کیبن اندر سے لاک تھا اور چوکیدار شراب کے نشے میں سو رہا تھا۔ اس کی وجہ سے اسے آگ لگنے کی بھنک نہیں ملی اور وہ زندہ جل کر مرگیا۔ چوکیدار رتن بدھوری دن میں اسی کرین پر کام کرتا تھا اور رات کے وقت اسی کرین کے کیبن میں سو جاتا تھا۔ متوفی رتن بدھوری کی لاش کو اپنے قبضے میں لے کر بادشاہ خان ہسپتال کے مردہ گھر میں رکھوا دیا گیا ہے۔

مختصر مختصر

کھلیں گے 69 نئے پیٹرول پمپ

فریدآباد (پی این این)

ضلع میں اگلے سال 2019 میں 69 نئے پیٹرول پمپ کھلے جارہے ہیں۔ اس کے لئے انڈین آئل کی جانب سے ضروری کام شروع کردی گئی۔ انڈین آئل گروگاؤں منڈل کے ڈپٹی جنرل منیجر آشیش کمار اور سینئر منیجر پنکج بھاٹیا نے صنعت وزیر پرتیپ گوئل سے ملاقات کے بعد بتایا کہ 69 نئے پیٹرول پمپ کے لئے درخواست موصول کئے گئے ہیں۔ اس کے لئے 24 ضرورت مند لوگ آن لائن درخواست جمع کرسکتے ہیں۔ اس موقع پر پرتیپ گوئل نے کہا کہ نئے پیٹرول پمپ کھلنے سے فریدآباد ضلع سے بھلیاں بڑھے گی تو نوجوانوں کے لئے روزگار کے موقع بھی پیدا ہوں گے۔ انہوں نے کہا کہ انڈین آئل نے اس کے لئے مدد بھی موجود کی ہے۔

گاڑی چوری میں اندراپورم پھر چمپئن

اندراپورم (پی این این)

دہلی نوئیڈا بارڈر سے متصل اندراپورم تھانہ علاقہ گاڑی چوروں کی پسندیدہ جگہ ہے۔ اگر تعداد پر نظر ڈالے تو یہاں سے تقریباً روزانہ تین گاڑی چوری ہوتے ہے۔ سی سی ٹی وی میں چوری کی حادثہ قید ہونے کے بعد بھی پولیس تک پہنچ پانی مشکل ہے اور گاڑی بھی برآمد نہیں ہو پاتی۔ ہائی رائز اور مال کے پاس سڑک کنارے کھڑے گاڑی چوروں کے نشانے پر ہوتے ہیں۔ سال 2018 کے 11 مہینوں میں چوری ہوئیں گاڑیوں کے تعداد پر نظر ڈالے تو یہاں 1379 گاڑی ہوچکی ہے۔ اس کے بعد صاحب آباد سے 923، لنک روڈ سے 388 اور کھڑا سے 412 گاڑی چوری ہوچکی ہے۔ پولیس کی مانے تو وہ چوری ہوئے گاڑیوں میں سے قریب 10 فیصد کو برآمد کرچکی ہے لیکن برآمد کرنے کے معیوں بعد بھی مالک تک نہیں پہنچا پاتی۔ پولیس ذرائع نے بتایا کہ چوری کے معاملے میں اندراپورم تھانہ پچھلے تین سالوں سے غازی آباد میں نمبر ا پر پہنچا ہوا ہے۔ اب سے زیادہ یہاں دو پہیا والی گاڑی چوری ہوتے ہے۔ چوری ہوئیں گاڑیوں کے برآمد کرنے کے لئے پولیس اکثا بار کوشش کرتی ہے۔ وقت وقت پر گاڑی گروہ کے ممبر کو گرفتار کرتی ہے۔

کمپیوٹر کا طالب علم بن گیا لٹیروں کا سرغنہ

غازی آباد (پی این این)

جلد پیسہ کمانے کی چاہت اور ایک لائیو لوکیشن کو دیکھ کر پی ایس سی کمپیوٹر ایپلیکیشن کا ایک طالب علم لٹیرا بن گیا۔ اتنی ہی نہیں اس نے اپنا گروہ بھی بنالیا۔ یہ گروہ موبائل اور بینک اسٹیٹمنٹ کرتا تھا۔ گروہ پورے ضلع میں لوٹ اور اسنیچنگ کی سینکڑوں وارداتیں انجام دے چکا ہے۔

پولیس نے گروہ کے سرغنہ سمیت 4 ممبر کو گرفتار کرلیا ہے۔ ان کے پاس سے لوٹے گئے پانچ موبائل، ہلمانیہ بکرتو سی بائیک اور دو چاقو برآمد ہوئے ہے۔ پکڑے گئے بدمعاشوں کو یہ بتے بتائیں ہے کہ وہ کتنی اور کہاں کہاں وارات کرچکے ہے۔

ایس پی سٹی شلوک کمار نے بتایا کہ پولیس نے کملا نیگر واقع پوسٹل نزاے کورس کرنے کے بعد راج نگر واقع ایک اسٹلی ٹیوٹ سے بی ٹیک کمپیوٹر ایجوکیشن کا کورس کررہا ہے۔ قریب چار مہینے پہلے اس نے اسٹلی ٹیوٹ کے سامنے بائیک سوار بدمعاشوں کی جانچ میں بھین اسنیچنگ کے ایک واردات دیکھی تھی۔

یہ دیکھ اسے لوٹ کرنا سب سے آسان لگا۔ اس کے بعد سے اسے لوٹ کرکے پیسہ کمانے کا آئیڈیا آیا۔ اس نے اپنی موبائل کی دکانیں بند کردی اور ساتھیوں کے ساتھ مل کر گینگ شروع کرکے لوٹ اور اسنیچنگ کی وارداتیں شروع کی۔

ایس پی سٹی نے بتایا کہ وکرانت پولیس سے بچنے کے لئے روزانہ الگ الگ بائیک سے وارداتیں کرتا تھا۔ وارداتیں کے لئے وہ اپنے دوستوں کی بائیک مانگ کر لاتا تھا۔ برآمد بائیک بھی اس کے دوست راہل کی تھی ہے۔

اس کے علاوہ پوچھ گچھ میں ملزم نے بتایا کہ دولوں نے گئے موبائل کو اچلتے لوگوں کو سستے قیمتوں میں بیچ دیا تھا۔ جبکہ جو کے پرچیں ابھی تک اسے بکاؤ نہیں پائی گئی۔ پوچھ گچھ کے بنا پر پولیس اس کے دیگر ساتھیوں کی بھی تلاش میں ہے۔

پلوامہ تصادم میں شہریوں کی ہلاکت پر ایس ڈی پی آئی کی مذمت

نئی دہلی (پی این این)

سوشل ڈیموکریٹک پارٹی آف انڈیا (SDPI) نے جنوبی کشمیر کے ضلع پلوامہ میں 15 دسمبر 2018 کو مسلح سیکیورٹی فورسز اور شہریوں کے درمیان ہوئے مسلح تصادم کے دوران سیکورٹی فورسز کی فائرنگ کی وجہ 7 عام شہریوں کی ہلاکت اور درجنوں افراد کے زخمی ہونے کے المناک واقعہ کی سخت مذمت کی ہے۔

اس ضمن میں ایس ڈی پی آئی قومی جنرل سکریٹری محمد شفیع نے اپنے اخباری اعلامیہ میں کشمیر میں ہوئے اتوار کو عام شہریوں کی ہلاکت پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ بدقسمتی کی بات ہے کہ اس انکاؤنٹر کی وجہ سے 7 عام شہری جان بحق ہوگئے ہیں۔

اس واقعہ پر انہوں نے سوال اٹھاتے ہوئے کہا ہے کہ یہاں کچھ نہ کچھ گڑبڑ ہے اور حکومت عسکریت پسندوں کے خلاف جنگ اور مقامی لوگوں کے خلاف جنگ کے درمیان فرق کرنے اور جواز پیش کرنے میں حکومت کھل طور پر کیوں ناکام ہے؟۔ ایس ڈی پی آئی قومی جنرل سکریٹری محمد شفیع نے مزید کہا ہے کہ ہندوستانی حکومتیں سیکورٹی فورسز کا غلط استعمال کرکے اقلیتی طبقات سے تعلق رکھنے والے بے گناہ افراد کو قتل کرنے کیلئے جانی جاتی ہیں۔ کہا کہ انہیں ہندوتوا ڈاکٹریٹ کی ڈوٹ حاصل ہوسکے۔

سن 90-1980 میں ریاست پنجاب کے سکھوں کو اس طرح ظلم وستم کا سامنا کرنا پڑا تھا اس دوران ہزاروں معصوم افراد ہلاک ہوئے تھے اور اب کشمیر اس طرح کی بربریت کا شکار ہے اور سیکورٹی فورسز کی طرف سے معصوم افراد ہلاک ہورہے ہیں۔ محمد شفیع نے کشمیر ہلاکتوں کے واقعہ کو فرقہ وارانہ کارروائی قرار دیا ہے۔

ایس ڈی پی آئی قومی جنرل سکریٹری محمد شفیع نے حالیہ اتر پردیش کے واقعہ کا حوالہ دیتے ہوئے کہا ہے کہ اتر پردیش میں مبینہ طور پر گایوں کی ہلاکت کے خلاف ہوئے ایک احتجاج میں ایک پولیس افسر کو کھلے عام گولی مار کر ہلاک کردیا گیا تھا اور اس معاملہ میں پولیس چپ چپ بیٹھی رہی اور اس حملے کے پیچھے چھپی گہرہ نہ تنظیم کے خلاف کارروائی کرنے سے قاصر ہے۔

جبکہ کشمیر میں وہ احتجاجی مظاہرین جو سیکورٹی فورسز کی جانب سے انسانوں کے قتل کئے جانے کے خلاف احتجاج کررہے تھے ان کو سیکورٹی فورسز نے گولی مار کر ہلاک کیا ہے۔ اس میں کوئی شک نہیں کہ وزیر اعظم نریندر مودی کشمیر میں اپنی پالیسی کو نافذ کررہے ہیں۔

دماغی مریضوں کیلئے نیا آشیانہ، لاچاروں کیلئے بھی سر چھپانے کی جگہ

گروگرام (ایجنسیاں)

ایک طرف غریب، نادار اور بے کس لوگوں کے لئے زندگی عذاب ہوگئی ہے۔ تو دوسری طرف ان لاچار اور بے بس لوگوں کی مدد کے لئے کئی فلاحی وسماجی تنظیمیں ملک کے طول وعرض میں کام کررہی ہیں۔ جو ایسے لوگوں کا مستقبل ہوا جو دماغی امراض کے شکار ہیں۔

یہ تنظیمیں ان کی دیکھ بھال کے لئے بے لوث خدمت انجام دے رہی ہیں انہی تنظیموں میں سے ایک تنظیم گرکھل (EARTH SAVIOURS FOUNDATION) بھی ہے۔ جنہوں نے اس صنعتی شہر کے قریب دو ایکڑ زمین پر ذہنی مریضوں کے لئے ایک آشیانہ بنایا ہے جہاں ان کی دیکھ بھال کی جارہی ہے بلکہ کوئی سہولیات بھی مہیا کی جارہی ہے۔ گرکھل کو آج سے 10 سال پہلے روی کیرانے قائم کیا۔

جو مارشل آرٹ کے ماہر کھلاڑی تھے۔ ان کے والدہ پولیس میں انسپکٹر تھے اور وہ خود امریکہ کی ایک فوجی کمپنی سے وابستہ بھی تھے۔ ایک دن وہ دہلی کے ایک سڑک پر جارہا تھا جہاں انہوں نے ایک چھوٹے سے بچوں کو کوڑے کے ڈھیر پر بیٹھے ہوئے بھیک مانگتا ہوا پایا۔

مجھے یہ احساس ہوا کہ سماج کے لئے بھی کچھ کرنے کی ضرورت ہے اور اس کے بعد لوگوں کی خدمت میں لگ۔ کچھ مہینوں کے بعد ہی میں نے ایک فاؤنڈیشن کے داغ بیل ڈالی۔ جہاں معذور، دماغی اور بوڑھے لوگوں کو نہ صرف جگہ فراہم کی بلکہ ان کی دیکھ بھال کا بھی انتظام کیا گیا۔

اس کے بعد بہت سارے لوگ اس کام پر مدد کے لئے آگے آگئے۔ ان اشخاص کی دیکھ بھال کے لئے ایک ڈاکٹر اور نرسوں کا بھی انتظام کیا گیا ہے۔ اس وقت اس آشرم میں 450 کے قریب متاثرہ افراد رہتے ہیں۔

خواتین کے لئے تین بلاک بنائے گئے ہیں جبکہ دو بلاک مردوں کے لئے رکھے گئے ہیں۔ کچھ بزرگ لوگ جنہیں اپنے بچوں نے چھوڑ دیا وہ بھی اس آشرم میں رہتے ہیں ان کا بھی خیال رکھا جاتا ہے۔ ان میں سے بہت سارے رضاکار کے طور پر کام کررہے ہیں۔

حالانکہ گرکھل کو حکومت کی طرف سے کوئی بڑی امداد نہیں ملتی ہے۔ لیکن بہت سارے افراد اور فلاحی ادارے مدد کررہے ہیں۔ کیرانے کہا ہے کہ جو لوگوں پر بھیک مانگ رہے ہیں ان میں سے کئی ایسے بھی ہیں جو باقیہ خاندانوں سے تعلق رکھتے ہیں اور مجبوری کی وجہ سے یہ بھیک مانگ رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ گرکھل اس کے علاوہ لوگوں کے اہم سنگار بھی کراتے ہیں۔ جن کا کئی وارث دار نہیں ہوتا۔

آدھار کو اکاؤنٹ اور موبائل سے لنک رکھنے کیلئے بنے گا نیا قانون

نئی دہلی (انور حسین جعفری)

آدھار کارڈ کا نمبر موبائل اور بینک اکاؤنٹ سے لنک ہے اس کیلئے حکومت نیا قانون بنا سکتی ہے۔ سپریم کورٹ کے فیصلے کے بعد اس کو قانونی منظوری ملنا ضروری ہے، اسی وجہ سے حکومت اس میں تبدیلی کرنے جارہی ہے۔ اس کے تحت صارفین کی مرضی کے مطابق آدھار کارڈ کو بینک اکاؤنٹ اور موبائل نمبر سے جوڑنے کی چھوٹ ملے گی۔

اس کے لئے حکومت ٹیلیگراف ایکٹ اور پریوینشن آف منی لانڈرنگ ایکٹ میں تبدیلی کی تیاری کر رہی ہے۔ اس میں موبائل نمبر اور بینک اکاؤنٹ کو اپنی مرضی سے آدھار نمبر کے ساتھ شامل کرنے کی چھوٹ رہے گی۔

اطلاع کے مطابق اس بارے میں الیکٹرانک اور آئی ٹی وزارت نے مشینگ کی ہے۔ اس تجویز پر عملی کام اور وزارت خزانہ گہرائی سے غور کر رہے ہیں۔ اس کے ذریعے ادھار/ بائیک میں تبدیلی کی جائے گی، تاکہ آدھار نمبر کے بدلے ورچوئل ٹوکن جو UIDAI دیتا ہے وہ ٹوکن دیا جائے۔

سپریم کورٹ نے حکم دے کر بعد حکومت اب سیکشن 57 کو واپس نہ لا کر اس میں ترمیم کرکے قانون میں تبدیلی کرے گی۔

واضح رہے کہ سپریم کورٹ کے فیصلے کے بعد ادھار سے جڑے کسی بھی فیصلے کو قانونی منظوری ضروری ہو گی ۔ سپریم کورٹ نے اپنے فیصلے میں کہا تھا کہ موبائل نمبر اور بینک اکاؤنٹ سے ادھار کو لنک کرنا ضروری نہیں ہے۔

اس کے بعد جن لوگوں کے نمبر لنک تھے اور وہ نمبر کی تصدیق کرنا چاہتے تھے انہوں نے مطالبہ کیا کہ ان کے نمبر کی لنک کیے جائیں۔ پی ایم ایل اے قانون کے ذریعے حکومت کسی بھی فنڈ کو ڈیک کرتی ہے۔ اس سے پہلے تجویز آئی تھی کہ انکیشن سیشن نے بھی آدھار کو ووٹر شناختی کارڈ سے لنک کرنے کی تجویز دی ہے۔ اس سے فرضی ووٹروں پر لگام لگے گی۔ پراپوزیشن کے معاملے پر حکومت جنسس شری کرشن کمیشن کی رپورٹ کی بنیاد پر ڈیٹا پروٹیکشن بل لانے جانے جارہی ہے۔ اس میں پرائیویسی سے جڑے کئی الزامات ہیں۔

آئی آئی سی سی انتخابات میں بیلٹ پیپر میں ہیرا پھیری کرنے کا الزام

نئی دہلی (ایجنسیاں)

اٹھارہ ستمبر میں ہورہے انتخابات کو لے کر ایک ای میل ریٹرننگ آفیسر کو بھیجا گیا ہے جس میں انہوں نے دہلی سے باہر رہنے والے ممبران کو رجسٹرڈ ڈاک کے ذریعہ بھیجے گئے بیلٹ پیپر میں ہیرا پھیری کرنے کا الزام عائد کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ بہت سارے ممبران نے شکایت کی ہے کہ انہیں جو سیشنگ کی طرف سے بیلٹ پیپر بھیجا گیا ہے اس میں بیلٹ پیپر نہ ہو کر اشاروں اور میگزین کی فوٹو کاپیاں ہیں۔ جسیم محمد نے ریٹرننگ آفیسر سے اس پورے معاملے کی تحقیقات کرنے اور اس معاملے میں ملوث لوگوں کے خلاف پولیس میں شکایت کرنے کا مطالبہ کیا۔

جسیم محمد نے کہا ہے کہ انتخابات کے لیے بنائے گئے ضابطہ حیات کی کھل کر دھجیاں اڑائی جارہی ہیں۔ انہوں نے ریٹرننگ آفیسر کو لکھے اپنی میل میں کہا ہے کہ آپ کے دفتر سے جو بلٹ بھیجے پوسٹ آفس پن کوڈ نمبر 11005 سے بھیجے گئے ہیں وہ بری طرح سے فراڈ ہیں اور اس میں بلٹ پیپر کی جگہ نیوز پیپر کی کٹنگ اور میگزین کی کٹنگ وغیرہ ڈالی گئی ہیں۔

سچ کی آواز
SACH KI AWAZ • सच की आवाज़
Published from New Delhi
www.sachkiawaz.com

ادارتی صفحہ

twitter

☆ جس سے بھی پوچھو کہ مودی جی نے کیا کیا، تو ایک ہی جواب ملتا ہے' کچھ بھی نہیں' بس اپنے گھر پر یاری بات کر کے چلے گئے، اب یہ عوام کو طے کرنا ہے کہ مدھیہ پردیش میں ترقیات اور مستقبل پر چرچہ ہوگی یا نہرو گاندھی کے نام پر جھوٹ پرداشت کئے جائیں گے۔

- جیتیو پٹواری، قومی سیکریٹری کانگریس

☆ آپ جو کہنا چاہتے ہو خوب کہو، لیکن ہم ہندوستان کے آئین کو بچانا چاہتے ہیں:

- کنہیا کمار، ہاردک پٹیل، جگنیش میوانی، یوتھ لیڈر

@sachkiawaz.com

بچوں کے ساتھ اساتذہ کا برتاؤ

مکرمی!

شور مچانا بچوں کی فطرت ہے۔ گھر میں بھی وہ شور مچاتے ہیں تو ظاہری بات ہے کہ وہ اسکول میں بھی شور مچاتے ہوں گے، گھر میں شور مچانے پر والدین ان کو ہدایت کرتے ہیں خاموشی کے ساتھ کھیلنے کا مشورہ دیتے ہیں، لیکن ان پر جبر نہیں کرتے ہیں۔ اسی طرح اسکول میں شور مچانے پر ٹیچر انہیں ڈانٹتے بھی اور کان بھی پکڑواتے ہیں، لیکن مظفر پور سٹی (گرہ گرام) کے ایک پرائیویٹ اسکول میں ایک ایسا واقعہ سامنے آیا کہ بچوں کے سر پر سٹ سٹ درد ہو گئے ہیں۔ ہوا یہ ہے کہ ایک کلاس میں شور مچانے والے بچوں کو چپ کرانے کے لئے ان کے منھ پر ٹیپ چپکا دی گئی، یہ کارنامہ کسی اور نے نہیں بلکہ اس کلاس کی لیڈی ٹیچر نے انجام دیا تھا، جو کہ سی ٹی وی میں قید ہو گیا تھا۔ اس واقعہ سے لوگ اس وقت واقف ہوئے جب یہ تصویر سوشل میڈیا پر وائرل ہو گئی تھی۔ ویڈیو وائرل ہونے کے بعد حالانکہ اسکول انتظامیہ نے لیڈی ٹیچر کو معطل کر دیا تھا، لیکن ضلع انتظامیہ اس واقعہ کو سنگین قرار دیتے ہوئے ایک کمیٹی تشکیل دے دی ہے، جو اس واقعہ کی تفتیش کر کے ایک ہفتہ کے اندر اپنی رپورٹ ڈپٹی کمشنر کو سونپے گی، جس کے بعد لیڈی کے خلاف قانونی کارروائی کی جائے گی۔ یہاں سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ ماں کا کردار ادا کرنے والی خاتون نہایت نرم دل ہوتی ہے، اس لئے معصوم بچوں کی کلاس میں اس کی تقرری کی جاتی۔ کیا وہ اپنے گھر کے بچوں پر جبر کر سکتی ہے؟ ہمارے خیال میں اس بات کا امکان نہیں ہے۔ معصوم بچوں سے تو راہ گیر بھی شفقت سے پیش آتے ہیں تو کیا خاتون ٹیچر اتنی بے رحم ہو گئی کہ اس نے بچوں کو خاموش کرنے کے لئے ان کے منھ پر ٹیپ چپکا دی۔ یہ تو حیرت انگیز بات ہے۔ آج اسکول میں جرائم اور جبری روش بڑھتی جا رہی ہے۔ سرپرست اور والدین اپنے بچوں کی اسکول سے واپسی آنے تک اضطراب کی کیفیت میں مبتلا رہتے ہیں۔ آج یہ عام بات ہو گئی ہے کہ بھی اسکول کے بچے، کبھی ڈرائیور اور کبھی گارڈ کے ذریعہ بچوں کا استحصال کیا جاتا ہے۔ آخر حکومت کہاں سوگئی ہے کہ اسکولوں میں جرائم کا گراف بڑھتا جا رہا ہے۔ معصوم بچے جو کہ کسی گھر کے نہ صرف پھول ہوتے ہیں، بلکہ ملک کے مستقبل کہتے جاتے ہیں، ان کے تحفظ کی جانب توجہ دیا جانا نہایت ضروری ہے۔

محمد دلشاد، اندرا انکلیو، نئی دہلی

سماج کیلئے منطقی ذہنیت ضروری

مکرمی!

اچھے اور برے عمل یکساں نہیں ہیں۔ برے کے بدل اچھے سے کرو، اور جب تم دیکھو گے' جو تمہارا دشمن تھا تمہارا پیارا دوست بن جائے گا۔(41:34) یہ آیت قدرت کے قانون پر مبنی ہے اور انسانیت، ہم آہنگی اور معافی کو اسلام کی روح قرار دیا ہے۔ اس کے علاوہ سارے انسان آدم اور حوا کی ہی اولاد ہیں اور ہمارے اسلاف ایک ہی ہیں اس طرح ہم ایک عالمی کنبے کی طرح ہیں۔ ایک مہذب سماج میں جنگ، نفرت اور آپسی لڑائی کی جگہ نہیں ہونی چاہئے۔ قرآن کے مطابق ''جس نے بھی کسی انسان کا قتل کیا سوائے سزائے موت دینے کے یا زمین پر فساد پھیلایا، یا ایسا سمجھا جائے گا جیسے اس نے پوری انسانیت کا قتل کیا ہو اور وہ جس نے کسی ایک بھی انسان کی جان بچائی ایسا سمجھا جائے گا جیسے اس نے پوری انسانیت کو بچایا'' (5:32) ہمارے نبی نے اپنے مکہ کے مخالفین سے لڑنے کے بجائے مدینہ ہجرت کرنا بہتر سمجھا۔ ''مجھے وہ شہر چلنے کے لئے کہا گیا جو مجھے دیگر شہروں سے زیادہ پسند ہو'' (صحیح بخاری) اور اگر میں مکہ کے سرداروں سے اس بات پر جنگ کرتا، تو اس سے میرا وقت اور طاقت دونوں ہی بیکار ہوتے۔ لیکن اگر میں مکہ چھوڑ کر کسی دوسرے شہر چلا جاؤں تو میرے پاس اپنے پیغام کو پھیلانے کے لئے متعصب بنانے کا معقول وقت مل جائے گا۔ منطقی ذہنیت اور اس پر مبنی مثبت سوچ ہمارے نبی کی اہم صفات تھیں۔ ''اور اللہ نے اسے امن کا شہر بنا دیا'' (10:25) اور وہ کوئی غلط یا گناہ کی بات نہیں سنتے اور صرف امن اور سکون کی بات کرتے تھے۔(26-56:25) ہمارا سیارہ زمین امن اور ہم آہنگی کے ساتھ، جس میں مذہب کے نام پر کسی پریشانی اور تشدد کے لئے کوئی جگہ نہ ہو ایک مثالی جگہ بن جائے گی بالکل جنت کی طرح۔ ہمارے نبی کا خود کا فرمان تھا کہ ''اسے لوگوں اگر تم جنت میں جانا چاہتے ہو تو ہر قسم کے تشدد کے کاموں کو چھوڑ دو۔ امن کو اپناؤ۔ جنت ایک نفرت سے پاک جگہ ہے جو لوگ اس دنیا میں نفرت کے ساتھ جئیں گے انھیں اس دنیا میں کوئی جگہ حاصل نہیں ہوگی'' اے اللہ آپ امن کو پسند کرتے ہیں اور ہم آپ پر سلامتی بھیجتے ہیں۔ اے اللہ! ہمیں امن سے رہنے کی توفیق عطا فرما اور ہمیں امن کے گھر میں جگہ عطا فرما۔ اے اللہ! تو سب سے عظیم ہے۔'' (ابن کاظم) ہمارے نبی کی خواہش اور حکم کے مطابق ہماری قوم کو امن پر مبنی منطقی ذہنیت کو اپنانے کی ضرورت ہے اور پرامن ماحول بنانے کی ضرورت ہے جو نفرت اور تشدد سے خالی ہو۔

سلطان احمد، جعفر آباد، دہلی

نوٹ

ادارتی صفحہ پر مضمون نگاروں کے ذریعہ ظاہر کی گئی آراء ان کی ذاتی آراء ہیں۔ ادارہ اس کے لئے کسی بھی طرح سے ذمہ دار نہیں ہے۔

انصاف کا پرچم بلند

کانگریس کے سابق ایم پی سینئر لیڈر جگن کمار کو 1984 کے سکھ فسادات میں عمر قید کی سزا سنائی ہے اور عدالت عالیہ نے جگن کمار کو 31 دسمبر تک سرنڈر کرنے کا حکم دیا ہے۔ 34 برسوں کے طویل انتظار کے بعد سکھ فسادات کے ملزمین کو عمر قید کی سزا سنائی جانے سے انصاف پسند افراد میں بے شک اطمنان کی لہر دوڑ گئی ہے اور یہ مقولہ غلط ثابت ہو رہا ہے کہ انصاف میں تاخیر سے انصاف کا قتل ہوتا ہے، لیکن یہاں انصاف میں تاخیر سے انصاف کا پرچم بلند ہوا ہے۔ 84 کا سکھ فساد میں عدالت کے فیصلے نے اس مقولے کو غلط ثابت کر دیا ہے۔

غور طلب ہے کہ 84 کے سکھ دنگے میں دہلی میں جس طرح قتل عام ہوا تھا، خاص کر ایک ہی خاندان کے پانچ افراد کو بے رحمی سے قتل کیا گیا تھا، یہ معاملہ نچلی عدالت میں چلا، لیکن نچلی عدالت نے اس معاملے کے کلیدی ملزم جگن کمار کو بری کر دیا تھا اور ایک طرح سے یہ معاملہ دب سا گیا تھا۔ پہلی بار اہل بہاری واجپئی کے دور اقتدار میں اس رتو تفتیش کے لئے ناناوتی کمیشن تشکیل دیا گیا، کمیشن نے پولیس تھانوں کے حساب سے رپورٹ تیار کی اور پھر 2014 میں نریندر مودی سرکار نے 'ایس آئی ٹی' بنائی جس نے اس معاملے کو پوری طرح سے کھنگالا، ثبوت عدالت میں پیش کئے اور بالآخر انصاف کا پرچم بلند ہوا۔ دہلی ہائی کورٹ نے اپنے فیصلے میں کہا کہ 1947 میں فساد کے دوران جس طرح قتل عام ہوا تھا، 37 سال بعد دہلی ایسے ہی واقعات کی شاہد بنی۔ ملزمین نے سیاسی رسوخ کا فائدہ اٹھایا اور مقدمہ سے بھاگتے رہے۔ ایک طویل عرصے کے بعد سکھ فساد معاملے میں پانچ افراد کو عمر قید کی سزا سے بلاشبہ ان متاثرین کی آنکھوں سے آنسو تھم جائیں گے، جن کے عزیز 84 کے سکھ فساد میں بے رحمی سے قتل کر دیئے گئے تھے۔ ہائی کورٹ کے اس فیصلے کی ہر طرف ستائش ہو رہی ہے اور کانگریس پر نشانہ لگایا جا رہا ہے۔ پارلیمنٹ میں بھی اس پر ہنگامہ ہوا ہے، جب کہ کانگریس کا کہنا ہے کہ اس معاملے سے کانگریس کا کوئی لینا دینا نہیں ہے۔

84 دنگے کے فساد میں ملوث جگن کمار کانگریس کے سینئر لیڈر ہیں۔ 1970 کی دہائی سے دہلی کی سیاست میں سرگرم رہے ہیں، جگن نے 1977 میں سب سے پہلے دہلی کارپوریشن کا انتخاب لڑا اور کونسلر منتخب ہوئے 1980 میں جگن کمار نے لوک سبھا انتخاب میں چودھری برہم پرکاش جیسے دبنگ لیڈر کو شکست دی اور پہلی مرتبہ ایم پی بنے۔ 1984 کے سکھ دنگوں میں ان کی شمولیت کا الزام لگا، لیکن وہ تمام تر الزامات کے باوجود سرگرم سیاست سے جڑے رہے۔ قاتل ذکر بات تو یہ ہے کہ 1984 میں 31 اکتوبر کو اس وقت کی وزیر اعظم اندرا گاندھی کو ان کے ہی سیکورٹی گارڈوں نے قتل کر دیا تھا، اور اس کے بعد پورے ملک میں سکھ مخالف لوگوں کی آگ بھڑک گئی تھی اور دہلی کے بھی کئی علاقے زد میں آ گئے اور قتل و غارت گری کا بازار گرم ہوا۔ خاص کر دہلی کینٹ کے راج نگر علاقہ میں ایک ہی خاندان کے پانچ سکھوں کیسر سنگھ، گربریت سنگھ، رگھوبیر سنگھ، نریندر پال سنگھ اور کلدیپ سنگھ کا اجہم نے بیہمانہ قتل کر دیا تھا۔ جسٹس ناناوتی کمیشن کے سفارشات پر 2005 میں جگن کمار اور دیگر ملزمان کے خلاف معاملہ درج کیا گیا تھا۔

بہرحال تاخیر سے ہی سہی 84 سکھ دنگے معاملات میں ملزمین کو عمر قید کی سزا ملنے سے متاثرین کے ورثا کو ہی سکون نہیں ملے گا، بلکہ یہ فیصلہ یہ کہنا ثابت کرتا ہے کہ لاکھ سیاسی رسوخ کی پشت پناہی ہو، ملزم خواہ کتنا ہی طاقت ور کیوں نہ ہو، جب قانون کی گرفت میں آتا ہے تو پھر نکل نہیں پاتا ہے۔

سچ کی آواز اداریہ

تاریخ میں آج کا دن

ہندوستان اور عالمی تاریخ کے اہم اور مختصر واقعات

★1398۔ تیمور لنگ نے سلطان نصرت شاہ کو ہرا کر دہلی پر قبضہ کیا۔
★1777۔ امریکہ میں پہلی بار نیشنل کھیلکس گیونگ ڈے منایا گیا۔
★1839۔ امریکہ کے جان ڈریپر نے پہلی بار کسی خلائی سیارے (چاند) کی تصویر اتاری۔
★1899۔ فیلڈ مارشل لارڈ رابرٹس جنوبی افریقہ میں پہلے برٹش سپریم کمانڈر مقرر کئے گئے۔
★1941۔ دوسری جنگ عظیم کے دوران جاپانی فوج ہانگ کانگ پہنچی اور عام شہریوں کا قتل عام شروع کر دیا۔
★1956۔ جاپان نے اقوام متحدہ کی رکنیت اختیار کی۔
★1960۔ نئی دہلی میں نیشنل میوزیم کا افتتاح ہوا۔
★1969۔ انگلینڈ میں موت کی سزا ختم کی گئی۔
★2006۔ متحدہ عرب امارات میں پہلی بار انتخابات ہوئے۔
★2017۔ دولت مشترکہ کشتی چیمپئن شپ میں ہندوستان نے 29 طلائی تمغے جیتے۔

نفرتیں دیر تک نہیں رہتیں

کہتا ہوں سچ کہ..... ڈاکٹر ماجد دیوبندی

ملک کے پانچ صوبوں میں ہوئے اسمبلی کے انتخابات کے نتائج نے نظیرہ اور امن پسند لوگوں کے لیے ایک پیغام چھوڑ دیا ہے کہ اگر خلوص دل اور ایک جٹی سے محنت کی جائے تو کوئی کام مشکل نہیں ہوتا۔ برسر اقتدار پارٹی بی۔ جے۔ پی۔ اور اس کی حلیف پارٹیوں کے ساتھ کروڑوں لوگوں کے نفرتوں کا زہر پھیلانے کے باوجود ہندوستان کے عوام نے گنگا جمنی تہذیب اور رواداری کا خیال رکھتے ہوئے سیکولر پارٹیوں کو فتح دلا کی جو ملک کی تاریخ میں لکھا جانے والا واقعہ ہے۔

اس موقع پر ملک کے کروڑوں برادران وطن کی سوچ اور ان کے جذبے کی تعریف کرنی چاہئے کہ انہوں نے فرقہ پرستوں کو شکست فاش دی اور یہ ثابت کر دیا کہ ابھی اس ملک میں ہندو مسلم اتحاد قائم ہے۔ میں اکثر اپنے مضامین میں اس کا ذکر کرتا ہوں کہ ہندوستان کی مٹی میں محبت اور یک جہتی کی خوشبو ہے۔ یہ ملک زیادہ دیر تک نفرت اور فرقہ پرستی برداشت نہیں کر سکتا۔ کیوں کہ یہ ملک ولیوں، بزرگان دین، رشیوں اور منیوں کا ہے جس نے اس کے خمیر میں انسانیت اور امن و مساوات کا فرمایا ہے اور یہی اس کی اصل پہچان ہے جسے قائم رکھنا ہر ہندوستانی کی ذمے داری ہے۔

مدھیہ پردیش، راجستھان اور چھتیس گڑھ جیسے اہم صوبوں میں بی۔ جے۔ پی کی شکست نے یہ پیغام ضرور دیا ہے کہ اس ملک کا عوام ہر حال فرقہ پرستی سے دور رہ کر امن و سکون سے زندگی گزارنا چاہتا ہے۔ ستلگڈھ اور میزورم میں بی۔ جے۔ پی۔ کی ہار نے بھی یہ ثابت کر دیا کہ نفرت کی عمر بہت مختصر ہوتی ہے اور ہندوستان کے عوام مل جل کر اس ملک میں رہنا چاہتے ہیں۔ وہ لوگ جو پچاس سال تک حکومت میں رہنے کا دعویٰ کر رہے تھے، بیچارے ہاتھوں لٹے رہ گئے۔ ہندوستان کے عوام ان کی اس چال کو سمجھ چکے ہیں کہ آپس میں لڑا کر حکومت کرنے اور عوام کا استحصال کرنے کی اب اجازت نہیں دی جائے گی۔ میڈیا جس کو ایک حد تک مجبور کر دیا گیا تھا، آج کچھ بولنے لگا ہے اور ان کی حقیقت عوام کے سامنے آنے لگی ہے۔ کاش یہ میڈیا ایمانداری کے ساتھ اپنا کام کرتا تو ملک کو اس طرح کی شرمندگی نہ اٹھانی پڑتی۔ کانگریس کو اس موقع پر اپنا محاسبہ کرنا چاہئے کہ کیوں ایسا ہوا؟ کانگریس کو اپنی کسی غلط فہمی میں نہیں رہنا ہے بلکہ سنجیدگی کے ساتھ سوچنے کی ضرورت ہے کہ کیوں اس کی سیٹیں کم سے کم ہو رہی ہیں۔ شاید اس جیسے کہ وہ سوچتی ہے کہ کن سے اور وہ حکومت بنانے میں اہم کردار ادا کرتے ہیں، کانگریس بے شمار کوششیں کر رہی ہے۔ پانچ صوبوں میں یقیناً پی پی کو شکست ہوئی ہے لیکن یہ بھی حقیقت ہے کہ کانگریس کو بھی دو صوبوں میں بری شکست کا سامنا کرنا پڑا۔ میزورم اور ستلگڈھ دونوں میں ہی کانگریس کچھ نہیں کر سکی اور اس کی پہلے عوام کا اعتماد اٹھ گیا اور انہوں نے ان کی غلط خبروں اور باتوں میں نہ آ کر خود تاریخی فیصلے کر کے پانچ صوبوں میں فرقہ پرستوں کو شکست دے کر یہ ثابت کر دیا کہ ابھی اس ملک میں سیکولر ذہن میں جو شبت سوچ کے ساتھ مسلمانوں کے شانہ بشانہ چل کر تاریخ بدلنے کا ہنر جانتے ہیں۔

> کانگریس کے ساتھ امتحان بہت ہیں لیکن اگر وہ خلوص دل سے کچھ کرنے کے جذبے کے تحت کام کرے گی تو یقیناً اس کی مقبولیت میں اضافہ ہوگا اور عوام مطمئن ہو سکیں گے۔ یہاں ایک بار پھر ملک کے امن پسند ہندو مسلمانوں کو سلام کرنے کو دل چاہتا ہے کہ انہوں نے فرقہ پرستوں کے خلاف مل کر ایک انقلابی فیصلہ کیا

مدھیہ پردیش میں فرضی انکاؤنٹر کی جانچ کرانے کے لئے کانگریس کو قدم اٹھانا چاہئے جس سے ان مظلوموں کو انصاف مل سکے جن کو بے رحمی سے قتل کر دیا گیا تھا۔ وہ نوجوان عدالت سے بری ہو رہے تھے کہ شوراج سرکار نے ان کی زندگیاں ختم کر دیں۔ راجستھان اور چھتیس گڑھ میں بھی ایسے بہت سے واقعات ہوئے ہیں جو حکومت کے بے تصموں کے ساتھ کئے ہیں۔ کانگریس کے ساتھ امتحان بہت ہیں لیکن اگر وہ خلوص دل سے کچھ کرنے کے جذبے کے تحت کام کرے گی تو یقیناً اس کی مقبولیت میں اضافہ ہوگا اور عوام مطمئن ہو سکیں گے۔ یہاں ایک بار پھر ملک کے امن پسند مسلمانوں کو سلام کرنے کو دل چاہتا ہے کہ انہوں نے فرقہ پرستوں کے خلاف مل کر ایک انقلابی فیصلہ کیا جس کا اثر آنے والے وزیرانی انتخابات پر ضرور پڑے گا اور ملک میں سیکولر سوچ کی حکومت بن سکے گی جو ہر ہندوستانی کے لیے یقیناً ترقی اور ایک کی پہچان کی ضامن ہوگی:

اتفاق کا گمان زندہ باد
ہندو مسلم کی شان زندہ باد
نفرتیں دیر تک نہیں رہتیں
میرا ہندوستان زندہ باد

(مضمون نگار راجا کالونی دہلی کے سماجی، ادبی پیرمین اور انٹرنیشنل صوفی مشن کے بانی پیرمین ہیں)

دنیا کی سب سے بڑی ٹیکہ کاری مہم

فکر و نظر..... ڈاکٹر مظفر حسین غزالی

پیدائشی روبیلا سنڈروم (سی آر ایس) سے ہونے والی انتہائی خطرناک بیماری کے خاتمہ کیلئے مرکزی وزارت برائے صحت و خاندانی بہبود نے یونیسیف، عالمی ادارہ صحت، راٹینس کلب، بین الاقوامی چلڈرن فنڈ اور دوسرے معاونین کی مدد سے۔

میزل روبیلا ہم 26 نومبر سے اتر پردیش میں شروع کی گئی ہے، یہاں 75 اضلاع کے 7.8 کروڑ بچوں کو خسرہ روبیلا کا ٹیکہ دیا جائے گا۔ اسے پانچ ہفتہ میں عمل کرنے کا ہدف مقرر کیا گیا ہے۔ پہلے مرحلے میں تمام سرکاری و غیر سرکاری اسکولوں کے بچوں کو ٹیکہ لگایا جائے گا۔ اس کے علاوہ آنگن واڑی مراکز، ہیلتھ سینٹرز میں بھی ٹیکے لگانے کا انتظام کیا گیا ہے۔ آخری مرحلہ میں بچے بچے کو ٹیکہ کرنے کا منصوبہ ہے۔ اتر پردیش سے ٹیکہ لگنے کے بعد بچوں کے بیمار ہونے کی خبریں برابر آ رہی ہیں۔ جس سے ہڑکمپ مچا ہوا ہے۔ دیکھا گیا ہے کئی بچوں کو انکیفلن کا فیور ہو جاتا ہے۔ وہ انکیفلن کو دیکھ کر گھبرا جاتے ہیں۔ اس کی وجہ سے کئی بچے بے ہوش ہو جاتے ہیں۔ ڈاکٹروں کے مطابق یہ ٹیکہ پوری طرح محفوظ ہے۔ البتہ آنکھ میں لالی آ جانے یا بچہ تھوڑا بے ہوش کر تے ہوئے گھبرا جاتا نہیں چاہئے۔ ڈاکٹروں کی صلاح ہے کہ اگر بچہ بیمار ہو تو اسے ٹھیک ہونے کے بعد ہی ٹیکہ دیا جانا چاہئے۔

خسرہ روبیلا ایک مہلک مرض ہے۔ جو وائرس کے ذریعہ پھیلتا ہے۔ بچوں میں خسرہ کے سبب معذوری اور بے وقت موت ہو سکتی ہے۔ روبیلا کی علامت بھی خسرہ جیسی ہوتی ہے۔ بخار، ناک بہنا، کف اور جسم پر لال نشان پڑ جانا، وغیرہ۔ یہ ڈر سرکاری اسکولوں کے بچوں کو ٹیکہ لگایا جائے گا۔ اس کے علاوہ آنگن واڑی مراکز، ہیلتھ سینٹرز میں بھی ٹیکے لگانے کا انتظام کیا گیا ہے۔ آخری مرحلہ میں بچے بچے کو کور کرنے کا منصوبہ ہے۔ اتر پردیش سے ٹیکہ لگنے کے بعد بچوں کے بیمار ہونے کی خبریں برابر آ رہی ہیں۔ جس سے ہڑکمپ مچا ہوا ہے۔ دیکھا گیا ہے کئی بچوں کو انکیفلن کا فیور ہو جاتا ہے۔ وہ انکیفلن کو دیکھ کر گھبرا جاتے ہیں۔ اس کی وجہ سے کئی بچے بے ہوش ہو جاتے ہیں۔ ڈاکٹروں کے مطابق یہ ٹیکہ پوری طرح محفوظ ہے۔ البتہ آنکھ میں لالی آ جانے یا بچہ تھوڑا بے ہوش ہو جانے سے گھبران

سچ کی آواز
SACH KI AWAZ • सच की आवाज़
Published from New Delhi
اترپردیش
www.sachkiawaz.com

’گرجر سماج کو نہ لیں ہلکے میں سیاسی جماعتیں و سرکاریں‘

آل انڈیا گرجر مہاسمیلن میں امڈی بھیڑ، کاروں، ٹریکٹر ٹرالی، بسوں وٹرکوں کے علاوہ موٹر سائیکلوں سے ریلی کی شکل میں گاندھی پارک پہنچے لوگ

سہارنپور (سید حسان)

سہارنپور کے گاندھی پارک میں منعقد آل انڈیا گرجر مہاسمیلن میں امڈی بھیڑ نے سیاسی جماعتوں و سرکاروں کے ہوش اڑا دئے۔ اترپردیش پگڑی کمیل کے جنرل سکریٹری کمیش چودھری سابق وزاک چیئرمین بلیا لکھیری سہارنپور کی کوٹھی پر شب میں منعقد ہونے والے اس سمیلن میں چاروں سے سمیرانڈ پڑی۔ گرجر سماج کے لوگ کاروں، ٹریکٹر ٹرالی، بسوں وٹرکوں کے علاوہ موٹر سائیکلوں سے ریلی کی شکل میں گاندھی پارک پہنچے۔

مغربی اترپردیش سمیت کئی ریاستوں کے گرجر سماج کے لیڈران نے سہارنپور میں اپنی تقاریر کے ذریعہ سیاسی جماعتوں و سرکاروں سے گرجر سماج کو مناسب نمائندگی دینے کا مطالبہ کیا۔ سمیلن میں گرجر سماج میں پھیلی ہوئی برائیوں کو دور کرنے، گرجر سماج کو تعلیمی، اقتصادی و معاشی اور تعلیمی سطح پر مضبوط کرنے کا عزم لیا اور سرکار سے مطالبہ کیا کہ دو گرجر سماج کی کسی عظیم شخصیت کے نام پر سہارنپور میں یونیورسٹی کی تعمیر کرے۔ ہریانہ کے مالکلا سے کانگریس پارٹی کے سابق ممبر اسمبلی چودھری دھرم سنگھ چھپکر اس موقعہ پر مہمان خصوصی رہے جبکہ صدارت کے منصب پر سوامی کرم ومہاراج فائز رہے۔

گرجر سماج کے سمیلن کو خطاب کرتے ہوئے رکیش چودھری۔

اس موقعہ پر مہمان خصوصی کی حیثیت سے خطاب کرتے ہوئے چودھری دھرم سنگھ چھپکر نے سمیلن کی کامیابی پر خوشی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ کئی سالوں بعد اعظیم مرحوم راجیش پائلٹ کی یاد آگئی ہے کیونکہ انکے ذریعہ ہی سال 1989 میں ایسا گرجر سمیلن کیا گیا تھا اور آج اتنے سالوں بعد کمیش چودھری کے ذریعہ یہ کام ہو رہا ہے جب تمام گرجر سماج ایک سنگ پر نظر آ رہا ہے۔ انھوں نے کہا کہ ملک بھر میں گرجروں گرجر نے کے باوجود بھی اس سماج کو نظر انداز کیا جا رہا ہے۔

مغربی اترپردیش میں تقریباً 2 کروڑ 5 لاکھ گرجر سماج ہے اگر یہ سماج متحد ہو جائے تو ریاست و ملک میں اقتدار اس سماج کے ہاتھوں میں ہوگا، اقتدار کی چاہی اس سماج کے ہاتھ میں ہوگی۔ دھرم سنگھ چھپکر نے مدعیہ پریش وراجستھان میں گرجر سماج کے لیے ہوا آسمبلی کا پیامی پر اپنی خوشی کا اظہار کرتے ہوئے یہ بھی پائلٹ کو راجستھان کا نائب وزیر اعلیٰ بنانے جانے پر کانگریس قیادت کا شکریہ ادا کیا۔ انھوں نے کہا کہ گرجر سماج اب اس سیاسی جماعت کی حمایت کر چکا جو انھیں حصہ داری و نمائندگی دے گی۔

اس موقع پر کمیش چودھری نے جذباتی انداز میں سمیلن میں آئی تمام لوگوں کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ گرجر سماج کی ریلی میں آئی ہوئی بھیڑ نے اقتدار میں بیٹھی ہوئی جماعت کی کرسیوں کو ہلا کر رکھ دیا یہ بھیڑ اس بات کا ثبوت ہے کہ اب گرجر سماج بیدار ہو چکا ہے۔ انھوں نے کہا کہ گرجر سماج کی قربانیوں کو ملک فراموش نہیں کر سکتا اور گرجر سماج کو انکا حق دلانے کیلئے انھوں نے جو تحریک شروع کی ہے وہ جاری رکھیگی۔ کمیش چودھری نے کہا کہ آج سماج کے نوجوانوں کے سامنے بیروزگاری کا سب سے بڑا مسئلہ ہے اور اسکا صرف ایک ہی حل ہے کہ گرجر سماج سیاست میں بھاگیداری کرے اور اپنا حق حاصل کرے۔

اس موقعہ پر کنور سنگھ گوجر، سابق وزیر بشیشور سنگھ، ڈاکٹر گورو، سمت بھنا چاریہ، رتن لعل کنارہ، اوم ویر سنگھ ایڈوکیٹ، کرنل راجیش، سابق ممبر پارلیمنٹ ہری سنگھ نلوا، قاری جنید وغیرہ موجود رہے۔ کمیش چودھری نے آخیر میں تمام لوگوں کا شکریہ ادا کیا۔

بجلی سے متعلق مسائل رکھے گئے ایکس ای این کے سامنے

انڈین انڈسٹریز ایسوسی ایشن کے صنعتکاروں کی بجلی افسران سے ملاقات

دیوبند (پی این این)

انڈین انڈسٹریز ایسوسی ایشن کے صنعتکاروں نے آج یہاں محکمہ بجلی کے ایکس ای این سے ملاقات کر کے ان کے سامنے اپنے مسائل رکھے، اس دوران ایکس ای این نے انکے تمام مسائل حل کرانے کی یقین دہانی کرائی۔

سابلہ روڈ پر واقع ایکس ای این اہل گرگ کے دفتر پر صنعتکاروں نے علاقہ کے بجلی سے متعلق مسائل ایکس ای این کے سامنے رکھے۔ انہوں نے بجلی کے بلوں میں مسلسل ہو رہی گڑبڑی کی شکایت کرتے ہوئے انٹرمیڈیٹ ایریا میں بجلی سپلائی کو بہتر بنانے کا مطالبہ کیا۔ ایکس ای این اہل گرگ نے کہا کہ صنعتکاروں کے مسائل کا جلد سے جلد حل کیا جائیگا۔ انہوں نے محکمہ کے لوگوں نے فوری طور پر متعلقہ مسائل حل کرنے کی ہدایت دی۔ اس موقع پر ٹاٹی آٹی چیئرمین وسیع گرد ھر، دیپک راج سنگھل، آدیش چودھری، ست دھون، کرن گردھر، آشوک کمار وغیرہ موجود رہے۔

باہمی رشتوں کی استواری سے پیدا ہوگا خطہ میں امن کا ماحول

پاکستان کے اہم علماء کے وفد نے کیا دارالعلوم دیوبند کا دورہ، مفتی ابوالقاسم نعمانی نے کیا والہانہ استقبال

دیوبند (پی این این)

ہمسایہ ملک پاکستانی علماء کے ایک پانچ رکنی وفد کا آج یہاں دارالعلوم دیوبند پر پہنچنے پر اداروں کے مہتمم مفتی ابوالقاسم نعمانی نے والہانہ استقبال کیا۔ وفد میں جمعیۃ علماء اسلام پاکستان کے عبید اداد، مفتی عطاء الرحمن پاکستان کے رکن ہیں مولانا عطاء الرحمن ممبر پارلیمنٹ ، مولانا اسعد محمود ممبر پارلیمنٹ، مولانا صلاح الدین ایوبی ممبر پارلیمنٹ ، مولانا عبدالواسع، مولانا عبدالشکور شامل تھے۔

اس دوران ممبانوں نے مہتمم مفتی ابوالقاسم نعمانی سے ملاقات اور ادارہ کے سلسلہ میں گفتگو کی۔ وفد نے ادارہ کی لائبریری، مسجد رشید اور دیگر شعبہ جات کا معائنہ کیا۔ بعد ازاں وفد کے قائد اور پاکستان کے حزب اختلاف کے لیڈر مولانا عطاء الرحمٰن نے صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ ہم دونوں ملکوں کے درمیان پیار، محبت واخوت کے رشتہ چاہتے ہیں، باہمی رشتوں کی استواری سے خطہ میں امن کا ماحول رہ سکتا ہے۔

پاکستان میں سابق کرکٹر عمران خاں کے اقتدار میں آنے کے بعد ہندوستان و پاکستان کے رشتوں کے بارے میں معلوم کئے گئے سوال پر انہوں نے کہا کہ کرتار کوریڈور تعمیر کا معاہدہ ہندوستان حکومت سے پاکستان کی موجودہ حکومت نے ہی کیا ہے۔ یہ معلوم کئے جانے پر حزب اختلاف کے طور پر آپ ہندوستان سے کیسے رشتہ چاہتے ہیں تو ان کا کہنا تھا کہ ہم تو پیار ومحبت کے رشتے چاہتے ہیں، میڈیا کے ذریعہ دارالعلوم کا نام پاکستان سے جوڑنے پر مولانا عطاء الرحمٰن نے کہا کہ دارالعلوم دیوبند مادر علمی ہے۔ اس نے ہماری علمی تشنگی کو بجھایا ہے صرف ہمارے پاس تک ہی نہیں بلکہ دنیا کے کونے کونے میں علم نبوی کو پہنچایا ہے اور پوری دنیا میں اس کے فیض یافتہ علماء اپنی خدمات انجام دے رہے ہیں۔

انہوں نے کہا کہ صرف دارالعلوم دیوبند ہی نہیں پوری دنیا میں جہاں پر بھی دینی علمی کام ہو رہے ہیں وہاں دہشت گردی کا تصور ہی نہیں کیا جا سکتا۔ واضح ہو کہ مذکورہ وفد جمعیۃ علماء ہند کے 100 سال پورا ہونے کے سلسلہ میں دہلی میں منعقد ہونے سیمینار میں شرکت کرنے کے لئے ہندوستان آئے ہوئے ہیں جس کے بعد آج انہوں نے دارالعلوم دیوبند کا دورہ کیا۔ اس دوران جمعیۃ علماء ہند کے سوشلی سکریٹری مولانا محمد مدنی، مولانا غیور قاسمی وغیرہ موجود رہے۔

چندر شیکھر منچ کی حلف برداری تقریب کا انعقاد

دیوبند (پی این این)

ضلع سہکاری بینک کے چیئرمین چودھری راجپال سنگھ نے کہا کہ نوجوان ملک کی ریڑھ کی ہڈی کے مانند ہوتے ہیں، ان کے بغیر کوئی بھی سیاسی و سماجی جماعت ادھوری ہے۔ آج چندر شیکھر یوا منچ کی حلف برداری تقریب میں بطور مہمان خصوصی چودھری راجپال سنگھ نے کہا کہ نوجوانوں کو سماجی فلاح و بہبود میں حصہ لیکر ملک کی ترقی کا حصہ بننا چاہئے۔

سینئر صحافی اشوک گپتا اور بی جے پی خواتین مورچہ کی ضلع صدر رجنی شرما نے کہا کہ پیٹھ سماجی کاموں میں بڑھ چڑھ کر حصہ لے رہا ہے۔ بی جے پی ضلع نائب صدر دیشبھ راج روڈے، ضلع جنرل سکریٹری ڈاکٹر پون سوئی، سینئر لیڈر جے پی لودھ، رکیش سنگھوی، بچن گپتا، راج سنگھ گپتا اور وپن بھارتی نے بھی اپنے خیالات کا اظہار کیا۔ اس سے قبل چندر شیکھر چندر یوا منچ کا تین سالہ انتخاب مکمل ہوا جس میں نئے عہدیدار کے انتخاب کے لیے رائے گلوشی کر کے اناؤنسر رنجیو مقدم کا کیا گیا۔ صدارت وڈو رپکاش پارلیمنٹ، مولانا عبدالواسع، مولانا عبدالشکور، مولانا عبدالرحمٰن، مولانا اسعد محمود ممبر پارلیمنٹ، مولانا صلاح الدین ایوبی ممبر پارلیمنٹ ، مولانا عبدالواسع، مولانا عبدالشکور شامل تھے۔

اس دوران ممبانوں نے مہتمم مفتی ابوالقاسم نعمانی سے ملاقات اور ادارہ کے سلسلہ میں گفتگو کی۔ وفد نے ادارہ کی

والدین کی لاپروائی نوجوانوں کے کرائم میں ملوث ہونے کی وجہ

پولیس اسٹیشن منڈی میں منعقد میٹنگ سے آل انڈیا دینی مدارس بورڈ کے چیئرمین کا خطاب

سہارنپور (پی این این)

آج نوجوان جس تیزی سے کرائم کی طرف بڑھ رہے ہیں اور وہ غلط و گری جیسے غلط کاموں میں ملوث ہو رہے ہیں اکثی سب سے بڑی وجہ والدین کی لاپرواہی ہے بچپن میں والدین بچوں کی جانب سے توجہ ہٹا دیتے ہیں اور الٹی سیدھی چھوٹی حرکتوں کو نظر انداز کرتے ہیں جس وجہ سے بڑے ہو کر یہی حرکتیں نوجوانوں کو کرائم کی طرف لے جاتی ہیں۔

ان خیالات کا اظہار آل انڈیا دینی مدارس بورڈ کے چیئرمین مولانا یعقوب بلند شہری نے کیا۔ وہ آج یہاں شہر کے پولیس اسٹیشن منڈی میں سن بھالی چارہ میٹنگ سے خطاب کر رہے تھے۔ میٹنگ کی قیادت اسٹیشن میڈیا پرسن (قائم اینچارج) انسپکٹر پریم ویر رانا نے کی اور صدارت مولانا یعقوب بلند شہری نے کی۔ میٹنگ میں شہر کی معزز شخصیات شامل رہیں۔ انسپکٹر پریم ویر رانا نے کہا کہ 50 فیصد جرائم نشے کی وجہ سے پیدا ہوتے ہیں اور ساٹھ سے 70 فیصد جرائم جوئے و سٹے کی وجہ سے پیدا ہوتے ہیں اور ساٹھ سے ساٹھ فیصد جرائم آپس میں مذہبی نفرت پھیلانے کی وجہ سے ہوتے ہیں اور ساٹھ سے ساٹھ فیصد جرائم ساحل کی خرابی کی وجہ سے پیدا ہوتے ہیں۔

ڈھائی فیصد جرائم گھریلو جھگڑوں کی وجہ سے پیدا ہوتے ہیں۔ پچیس 90 فیصد جرائم ہو گئے جنہیں قوم و سماج کے ذمہ دار لوگ ختم کرا سکتے ہیں اب باقی بچے 10 فیصد جرائم جیسے چوری ڈکیتی قتل، عصمت دری جنہیں پولیس آسانی سے کنٹرول کر سکتی ہے۔ یعنی سماج کے ذمہ 90 فیصد جرائم پر کنٹرول کر لیں تو پولیس کا پورا عملہ صرف 10 فیصد جرائم کو کنٹرول کرنے میں لگ سکتا ہے۔

میٹنگ کی صدارت کر رہے مولانا محمد یعقوب بلند شہری نے اپنے صدارتی خطاب میں کہا کہ نوجوانوں کے کرائم میں ملوث ہونے کی وجہ والدین کی لاپرواہی ہے۔ ہمارے سماج میں کسی بھی جرم کی وجہ پریم ویر رانا نے تو بیان کیا ہے اس کے ذمہ دار ہم خود ہیں کہ ہم سب اپنے اپنے گھر اپنی اپنی ذمہ داری سے بھاگ کر بھی بن جائیں تو یہ برائیاں ہمارے سماج سے ختم ہو سکتی ہیں۔ ہماری جو نسلیں نشے ، جوئے ، سٹے شراب مذہبی نفرت، گھریلو جھگڑے اور آپسی ٹکراؤ میں اپنی زندگیاں برباد کر رہے ہیں ہم سب کی ذمہ داری ہے کہ ہم انکو برائیوں سے نکال کر اسکول اور مدرسہ میں لے جانے والے بنیں۔ اور اگی پڑھی تعلیم و تربیت کا انتظام کریں۔

ممتاز ولیٔ کامل شاہ امام الدینؒ صاحب کا عرس آج

رام پور (پی این این)

ڈاکٹر شمارالله خاں بھٹی نے مطلع کیا ہے کہ رام پور کے ممتاز عالم اور ولیٔ کامل، مسلم الثبوت ادیب شاعر حضرت شاہ امام الدین خاں کا 1841 ویں عرس مبارک مزار سید ناحافظ شاہ جمال اللہ واقع پاجوڑی نولہ میں منعقد ہو گا جس میں قرآن خوانی، نعت ومنقبت کے علاوہ مدرسہ فرقانیہ کے جدید علما کرام تقاریر ہوں گی مغرب کی نماز سے پہلے قبل شریف ہوگا۔ یاد رہے کہ شاہ امام الدین خاں اردو، فارسی، پشتو کے قادر الکلام شاعر تھے جن کا تخلص امام تھا۔ آپ کی مشہور تصنیف مجمع الکرامات میں حافظ شاہ جمال اللہؒ اور شاہ دگاہی محبوب الٰہیؒ کے حالات وواقعات موجود ہیں۔

بچوں کو لازمی طور پر خسرہ و روبیلا کے لگوائیں ٹیکے

دیوبند (پی این این)

معرف عصری اور پبلک گرلز انٹر کالج میں یوسیف اور محکمہ صحت کی جانب سے خطرناک بیماریوں کی روک تھام کے لئے چلائی جانے والی مہم کے تحت 15 سال تک کی طالبات کے خسرہ وروبیلا کے ٹیکے لگائے گئے۔ آج چار رکنی میڈیکل ٹیم نے کالج کی تاریخ کرجان لیوا بیماریوں سے بچاؤ کے لئے طالبات کے ٹیکے لگائے۔

اس دوران میڈیکل ٹیم کی رکن انا ایم او سے گپتا، شی اور سنیو گپتا نے بتایا کہ خسرہ اور روبیلا نہایت خطرناک اور مہلک بیماریاں ہیں جن سے بچاؤ کے لئے یہ ٹیکے لگائے جا رہے ہیں۔ کالج کے شیخ مولانا حبیب صدیقی نے 9 ماہ سے 15 سال تک کے بچوں کو لازمی طور پر خسرہ وروبیلا بیماریوں سے بچاؤ کے لئے اپیل جاری کرتے ہوئے کہا کہ یونیسوف کی پوہم بین الاقوامی سطح کی ہے اور ہندوستان کی وزارت صحت اس مہم کو کامیاب بنانے کے لئے جدوجہد میں مصروف ہے، اس مہم کو کامیاب بنانے کے لئے اپنا مکمل تعاون دیں اور بچوں کو لازمی طور پر خسرہ وروبیلا کے ٹیکے لگوائیں۔

پروین شائستہ کو بیتا اور ساجد موجود رہیں۔

میڈیکل ٹیم کے ساتھ محمد مرجل اور فیضی صدیقی نے خصوصی تعاون کیا۔ دوسری جانب قدامے ملت پرگرمی سیوا ایڈ کیشنل سوسائٹی کے زیر اہتمام چلائے جانے والے دینی تعلیم کے ادارہ مدرسہ دارالصالحات دیوبند میں بھی طالب علموں کو خسرہ وروبیلا کے ٹیکے لگائے گئے۔

’امتحانات سے طلباء کی مقابلہ جاتی صلاحتیں نکھرتی ہیں‘

ممتاز دینی درسگاہ دارالعلوم زکریا میں ششماہی امتحان کے موقع پر مفتی شریف خان قاسمی کا خطاب

دیوبند (ایم ایس چودھری)

ممتاز دینی درسگاہ دارالعلوم زکریا دیوبند میں ششماہی امتحان کا سلسلہ جاری ہے، ادارہ میں سال رواں زیر تعلیم تیرہ سو طلباء، امتحان میں شرکت کر رہے ہیں، ادارہ کی مسجد اور دارالحدیث کو امتحان گاہ بنایا گیا ہے۔ جہاں طلباء امتحانات دینے کے ساتھ ساتھ دین کی تعلیم حاصل کرنے اور دعاؤں میں مصروف ہے۔ کرشنا ایک نشتے سے ادارہ میں جاری امتحان ششماہی کا اختتام کل ہوگا، جس کے بعد طلباء کو چندیوم کی تعطیل بھی دی جائیگی۔

اس مناسبت سے منعقد اصلاحی جلسہ میں ادارہ کے مہتمم مفتی شریف خان قاسمی نے اپنے مختصر خطاب میں کہا کہ امتحانات سے طلبہ کے قوت مدافعت میں اضافہ ہوتا ہے جو مقابلہ میں سخت دھوسلے کے ساتھ شامل ہوتا ہے وہ کامیاب ہوتا ہے آپ نے کہا کہ محنت ہی سے کہنا مطالبہ کیا ہے یہ امتحان اس کو پرکھنے کے لئے منعقد کئے جاتے ہیں۔

انہوں نے کہا کہ آپ نے اپنے وقت کو قیمتی جانتے ہوئے محنت کی ہوگی اور خلوص کے ساتھ علم حاصل کیا ہوگا تو اس کا بہتر انعام آپ کو مل جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ علم کا حصول آسان نہیں، علم اور قربانی علم نے کی تو زمت، خلق وتمن، ایثار وقربانی اور تڑپ کا متقاضی ہے۔ جب تک ہم اپنی تمام آسائشیں اس مقصد کے لئے قربان نہیں کریں گے ہمیں علم اپنا معمول حیرہی نہیں دے گا۔

مولانا نے کہا کہ موجودہ وقت کے حساس مسائل کا سامنا کرنے کے لئے ہمیں تیار ہونا ہوگا، اس پر آشوب دور میں ہماری ذمہ داریاں دوچند ہوگئی ہیں لہٰذا ہمیں اپنی ذمہ داریوں کے تئیں عمل بیداری کا مظاہرہ کرنا ہوگا۔ انہوں نے مزید کہا کہ دینی تعلیم کی طرح عصری تعلیم کا حصول بھی ناگزیر ہے، اگر ہم نے عصری علوم کو نظر انداز کیا تو دین اسلام کی اشاعت کا فریضہ ہم بیچ طور پر انجام نہیں دے پائیں گے۔ اس دوران حافظ الحدیث مولانا سمیع اللہ قاسمی، مفتی شاہنواز، مولانا نعمان، حافظ محمد عمران، مولانا فاروق، قاری سلمان، قاری فرخ، مولانا محمد ادریس سمیت جملہ اساتذہ موجود رہے۔

مختصر مختصر

سابق ممبر اسمبلی سمیت 6 کے خلاف مقدمہ درج

کانپور (یو این آئی)

اترپردیش کے ضلع کانپور کے کلیانپور تھانے میں اغوا اور جان سے مارنے کی دھمکی دینے کے الزام میں سابق ممبر اسمبلی بہوجن سماج پارٹی (بی ایس پی) اور سماجوادی پارٹی (ایس پی) لیڈر سمیت 6 لوگوں کے خلاف مقدمہ درج کیا گیا ہے۔ اطلاعات کے مطابق ضلع کے شہور اسمبلی حلقے سے بہوجن سماج وادی پارٹی کے سابق رکن اسمبلی کمیش دیواکر و ساجوادی پارٹی (ایس پی) لیڈر پرشیکھر کے اغوا کا معاملہ روشنی میں آیا ہے۔ کلیانپور سرکل افسر راجیش پانڈے نے بیج کو بتایا کہ بطور علاقے میں رہنے والے روی شکلا کے ساتھ ان دو سابق ممبر اسمبلی کے ساتھ ٹھیکہ داری کا کام کرتے تھے کل کام میں ٹھیکہ دار نے ممبر اسمبلی سے رقم کا مطالبہ کیا جس پر دیر رات انہوں نے اسے اپنے ساتھیوں کی مدد سے اغوا کیا اور مارپیٹ کی بعد اسے جان سے مارنے کی دھمکی بھی دی۔ انہوں نے بتایا کہ ٹھیکہ داری کی تحریری شکایت پر مقدمہ درج کر لیا گیا ہے اور معاملے کی جانچ کی جا رہی جانچ کی بنیاد پر ملزموں کے خلاف کارروائی کی جائیگی۔

سڑک حادثے میں 4 افراد کی موت، ایک زخمی

بارہ بنکی (یو این آئی)

اترپردیش کے ضلع بارہ بنکی کے رام سنیہی گھاٹ علاقے میں پیڑ کو ہوئے سڑک حادثے میں ڈرائیور سمیت چار لوگوں کی موت ہوگئی جبکہ ایک شدید طور سے زخمی ہے۔ پولیس ترجمان نے یہاں بتایا کہ اعظم گڑھ سے یکجا لوگ ایک مریض کو لیکر لکھنؤ جا رہے تھے اس درمیان رامنیہی گھاٹ کے نزدیک تیز رفتار کار بے قابو ہوکر پانی وسے ہے پیڑ ڈیوائیڈر سے ٹکرا گئی۔ انہوں نے بتایا کہ اس حادثے میں کار ڈرائیور چندر شیکھر، کملا پاؤ، کیدار یادو اور فریو یادو کی جائے وقوع پر ہی موت ہوگئی۔

جمعیۃ علماء ہند کے بغیر ملک کی تاریخ نامکمل: حبیب اللہ مدنی

انتخابی اجلاس سے ضلع صدر کا خطاب، قاری ناصر شہر صدر اور مولانا ساجد جنرل سکریٹری منتخب

سہارنپور (پی این این)

جمعیۃ علماء ہند ضلع یونٹ کی دو جماعت ہے جس نے کبھی بھی مسلمانوں کے مفادات کا سودا نہیں کیا۔ پاکستان کے قیام کے بعد ہندوستان میں مسلم مسائل کو حل کرنے کے لئے جمعیۃ علماء ہند نے ہی مسلمانوں کے مفادات کا سودا نہیں کیا اور سب نے انہیں سبز باغ دکھائے۔ پروانچل راج ٹھٹھن مورچہ کی قیادت کر رہے راج کمار اوجھا نے جو کہ یہاں بتایا کہ پروانچل کے پاشندوں کا اصل درد اجبھی تک کسی پارٹی نے بھی نہیں سمجھا ہے، کانگریس بی جے پی، سماج وادی پارٹی (ایس پی)، بہوجن سماج پارٹی (بی ایس پی) حکومتوں کی غلط پالیسوں کی وجہ سے اس علاقے کی ترقی نہیں ہوئی۔

انتخابی اجلاس سے خطاب کر رہے تھے۔ اس موقعہ پر قاری محمد ناصر جامی کو اعلیٰ جماعتی خدمات اور سرگرمی کو دیکھتے ہوئے مسلسل تیسری مدت کیلئے جمعیۃ علماء شہر سہارنپور کا صدر منتخب کیا گیا۔ جنرل سکریٹری کیلئے قاری ناصر جامی کا نام پیش کیا جسکی متفقہ طور پر تمام ارکان نے متفقہ طور پر تائید کی جسکے بعد قاری محمد ناصر جامی کو شہر شریعت کا صدر منتخب کیا گیا۔ جنرل سکریٹری کیلئے قاری ناصر جامی کا نام پیش کیا جسکی متفقہ اتفاق رائے سے سب نے تسلیم کر لیا۔

مولانا موصوف یہاں مدرسہ احیاء العلوم دینی والا میں جمعیۃ علماء ہند شہر سہارنپور کے انتخابی اجلاس سے خطاب کر رہے تھے۔ اس موقع پر مولانا سید حبیب اللہ مدنی نے اس موقع پر اپنے خطاب میں جمعیۃ علماء ہند اور جماعت کے قائدین کی قربانیوں کا تذکرہ کرتے ہوئے کہا کہ جمعیۃ علماء دستور ساز جماعت ہے اسکے تمام امور وانتخاب دستور کے مطابق ہوتے ہیں جماعت میں کوئی بھی شخص دستور سے بڑا نہیں ہے۔

نومنتخب شہر صدر قاری محمد ناصر جامی نے جمعیۃ علماء کی دو سالہ کارکردگی کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ جمعیۃ علماء دستور ساز جماعت ہے اسکے تمام امور وانتخاب دستور کے مطابق ہوتے ہیں جماعت میں کوئی بھی شخص دستور سے بڑا نہیں ہے۔

نومنتخب شہر صدر قاری محمد ناصر جامی نے جمعیۃ علماء کی دو سالہ کارکردگی کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ جمعیۃ علماء دستور ساز جماعت ہے اسکے تمام امور وانتخاب دستور کے مطابق ہوتے ہیں جماعت میں کوئی بھی شخص دستور سے بڑا نہیں ہے۔

روبیلا کے ٹیکے سے متعلق مسلمان افواہ کا نہ ہوں شکار: سی ایم او

ٹیکا کاری کیمپوں میں مسلم بچوں کے نہ آنے آنے پر چیف میڈیکل آفیسر بی ایس سوڑھی کی صحافیوں سے گفتگو

پریس کانفرنس میں صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے چیف میڈیکل آفیسر

سہارنپور (پی این این)

ملک بھر میں ان دنوں بچوں کو خسرہ وروبیلا کے ٹیکے لگائے جا رہے ہیں سہارنپور میں بھی محکمہ صحت کی جانب سے ان دنوں اسکولوں اور مدارس میں خسرہ وروبیلا ٹیکا کاری کیمپوں کا انعقاد کیا جا رہا ہے۔ سہارنپور محکمہ صحت کے ذمہ داران کے مطابق اسکولوں میں تو تمام بچوں کے ٹیکے لگائے جا رہے ہیں مگر مدارس میں ٹیکے والے کیمپوں میں مسلم بچے ٹیکا لگوانے نہیں آ رہے ہیں۔ اسی سلسلہ میں سہارنپور کے چیف میڈیکل آفیسر بی ایس سوڑھی نے پریس کانفرنس بلائی۔

صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے سی ایم او نے کہا کہ اسکولوں میں خسرہ وروبیلا کے ٹیکا کاری کیمپ مسلسل چل رہے ہیں مگر مدارس میں کیمپ کامیاب نہیں ہو پا رہے ہیں کیونکہ یہاں بچے ٹیکے لگوانے نہیں آتے۔ انھوں نے کہا کہ مدارس میں محکمہ صحت کی ٹیموں کا مخالفت کا سامنا بھی کرنا پڑ رہا ہے جس سے صاف ہے کہ مسلمانوں کے درمیان اس مہم کو لیکر افواہ پھیلائی ہوئی ہے۔ سی ایم او نے کہا کہ ٹیکس روبیلا کے ٹیکے کے سلسلہ میں والدین کے درمیان جو افواہ پھیلائی جا رہی ہے وہ سراسر غلط ہے۔ سوشل میڈیا پر اس ٹیکے کے بارے میں جو کچھ بھی بتایا جا رہا ہے وہ سفید جھوٹ پر مبنی ہے۔

انھوں نے کہا کہ سہارنپور میں ٹیکا کاری مہم میں ٹیکے لگانے کے بعد کسی بھی بچے کو کوئی پریشانی نہیں ہوئی البتہ اسکے والدین افواہوں سے باہر نہیں۔ سی ایم او بی ایس سوڑھی نے مدارس کے ذمہ داران سے اپیل کی کہ وہ اس ٹیکا کاری کیمپ میں معاون ثابت ہوں اور آگے درمیان ٹیکے کو لیکر جو بھی شبہ ہو انکے بارے میں معلومات حاصل کر لیں۔ انھوں نے کہا کہ تمام بچوں کو یہ ٹیکے لگائے جانے بہت ضروری ہے تاکہ وہ خطرناک بیماریوں سے بچ سکیں۔

سچ کا ساتھ کو کرو اپنا کے لیے سچ ایک باشعور اخبار کو اپنانے کے لیے
سچ کی آواز
SACH KI AWAZ • सच की आवाज
Published from New Delhi
اسلامی دنیا
www.sachkiawaz.com

افغان طالبان اور امریکہ کے درمیان مذاکرات شروع

مذاکرات میں افغان حکومت کا کوئی نمائندہ شامل نہیں ☐ پاکستان، سعودی عرب اور عرب امارات بات چیت میں شامل

دینی (پی این این)

افغانستان میں قیام امن کے سلسلے میں افغان طالبان کے نمائندے پیر کو متحدہ عرب امارات میں امریکی نمائندہ خصوصی زلمے خلیل زاد سے ملاقات کر رہے ہیں۔ اگرچہ اس ملاقات میں افغان حکومت کا کوئی نمائندہ شامل نہیں تاہم پاکستان، سعودی عرب اور متحدہ عرب امارات کے حکام اس بات چیت میں شامل ہوں گے۔ پاکستان نے کہا ہے کہ وہ دعائی برادری کے تعاون سے افغانستان میں مفاہمت اور امن کے قیام کے لیے پرعزم ہے جبکہ افغانستان نے اس ملاقات کو پاکستان کی جانب سے افغان امن عمل کے سلسلے میں پہلا عملی قدم قرار دیا ہے۔ یہ زلمے خلیل زاد اور افغان طالبان کے نمائندوں کے درمیان کم از کم تیسری ملاقات ہے۔ اس سے قبل یہ قطر میں کم از کم دو مرتبہ مل چکے ہیں۔ افغان طالبان کے ترجمان ذبیح اللہ مجاہد نے ٹوئٹر پر اپنے پیغام میں تصدیق کی کہ قطر میں افغان طالبان کے نمائندے اس بات چیت میں شریک ہوں گے۔

افغان طالبان کا موقف رہا ہے کہ افغان سرزمین پر غیر ملکی افواج کی موجودگی ملک میں امن کے قیام کی راہ میں مرکزی رکاوٹ ہے تاہم وہ یہ کہہ چکے ہیں کہ کابل حکومت کو تسلیم کرنے، آئین میں تبدیلیوں اور خواتین کے حقوق جیسے معاملات پر بات ہو سکتی ہے۔ امریکہ نے ستمبر میں زلمے خلیل زاد کو افغانستان میں قیام امن کے لیے نمائندہ خصوصی مقرر کیا تھا اور اس نے طالبان کو افغان حکومت کے ساتھ براہ راست بات چیت پر رضامند کرنے کے لیے سفارتی کوششیں تیز کر دی ہیں۔ افغانستان کی چیں بائی کونسل کے ترجمان احسن طاہری نے پی ٹی سی سے بات کرتے ہوئے کہا ہے کہ وہ اس ملاقات پر نظر رکھے ہوئے ہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ اس ملاقات کا ایجنڈا یہ طے کرنا ہے کہ 'امن عمل کا آغاز کیسے ہو اور اس سلسلے میں کیسے آگے بڑھا جائے'۔

پاکستانی دفتر خارجہ کے ترجمان ڈاکٹر فیصل نے ٹوئٹر پر اپنے پیغام میں کہا ہے کہ ثالثی برادری اور دیگر سٹیک ہولڈرز کے ہمراہ پاکستان بھی افغانستان میں امن اور مفاہمت کے لیے پرعزم ہے۔

انہوں نے امید ظاہر کی کہ اس سلسلے میں متحدہ عرب امارات میں ہونے والی بات چیت سے 'افغانستان میں خونریزی کا خاتمہ اور خطے میں امن آئے گا'۔ اتوار کی شب افغانستان کی وزارت خارجہ نے ایک بیان میں کہا کہ متحدہ عرب امارات میں ہونے والی بات چیت پاکستان کی جانب سے افغان امن عمل کے سلسلے میں لیا جانے والا پہلا عملی قدم ہے۔ پاکستانی وزارت خارجہ کے ترجمان صفدت احمدی کا کہنا تھا کہ افغانستان میں قیام امن کے لیے پاکستان کا کردار بڑھایا جائے جس سے کچھ نتائج سامنے آتے ہیں۔

ہم پر امید ہیں کہ یہ نتائج دستیاب ہونے پر حاصل کیے جائیں گے۔ اس سے قبل سٹیزن کو پاکستانی وزیر خارجہ شاہ محمود قریشی نے ایک بیان میں کہا تھا کہ پاکستان نے طالبان سے ہتھیار پھینک کر مذاکرات کے لیے تیار رہنے کو کہا ہے۔ ان کا یہ بھی کہنا تھا کہ جب پاکستان ان مذاکرات میں مدد کر رہا ہے تو افغان حکومت، طالبان اور دیگر گروہوں کو مفاہمت اور مذاکرات کا آغاز کرنا چاہیے۔

عراق کی تاریخی مسجد کے منہدم مینار پھر بلند ہوں گے

موصول (پی این این)

شمالی عراقی شہر موصل میں یہ مسجد داعش کے جارحیوں نے گزشتہ برس اس وقت تباہ کر دی تھی، جب وہ عراقی فورسز کا مقابلہ کر رہے تھے۔ النوری مسجد کو ان جہادیوں نے مسجد کی تعمیر نو میں اقوام متحدہ کا ادارہ برائے ثقافت یونیسکو بھی مدد کر رہا ہے، جب کہ متحدہ عرب امارات نے بھی اس مسجد کی تعمیر کے لیے پچاس ملین ڈالر ادا کیے ہیں۔ اتوار کے روز اس مسجد کی تعمیر نو کا سنگ بنیاد رکھتے ہوئے سنی عراقی حکومتی عہدیدار عبداللطیف اُجیم نے کہا کہ اس مسجد کے منہدم ہونے والے میناروں کو دوبارہ سے تعمیر کیا جائے گا۔ عراقی تعمیراتی ٹیموں کے علاوہ متعدد غیر ملکی کمپنیاں بھی تعمیر نو کی اس کاوش میں ساتھ ساتھ ہیں۔ نینوا صوبے کے گورنر نواف الحقوب کے مطابق مقامی اور غیر ملکی اداروں کے اشتراک سے اس مسجد کے میناروں کو دوبارہ بلند کیا جائے گا۔ واضح رہے کہ النوری مسجد ہی میں سن 2014ء میں دہشت گرد تنظیم 'اسلامک اسٹیٹ' کے سربراہ ابوبکر البغدادی نے خود ساختہ خلافت کا اعلان کیا تھا۔

البغدادی پہلی اور آخری مرتبہ اسی مسجد میں عوامی سطح پر دکھائی دیے تھے۔ اس مسجد میں البغدادی کا یہ خطاب اس نام نہاد 'اسلامک اسٹیٹ' کی جانب سے بعد میں بھی اس گروہ کے زیر اثر چلنے والی ویب سائٹس پر موجود رہا تھا۔ سن 2014ء میں 'اسلامک اسٹیٹ' نے موصل پر قبضہ کیا تھا، تاہم گزشتہ برس جولائی میں عراقی وزیر اعظم حیدر العبادی نے اس شہر سے داعش کے جنگجوؤں کی پسپائی اور عراقی فورسز کی فتح کا اعلان کیا تھا۔ اس شہر پر قبضے کے لیے عراقی فورسز کو نو ماہ کا عرصہ لگا تھا۔ گزشتہ برس دسمبر میں بغداد حکومت نے عراق بھر میں 'اسلامک اسٹیٹ' کے خلاف مکمل فتح کا اعلان کیا تھا۔ 'اسلامک اسٹیٹ' کے خلاف عسکری آپریشن میں عراقی فورسز کی مدد امریکی قیادت میں بین الاقوامی عسکری اتحاد کے فضائی حملوں کے تناظر میں ممکن ہوئی تھی۔

بشار الاسد جمہوری طور پر منتخب ہوں تو کام کرنے پر غور کریں گے: ترکی

استنبول (ایجنسیاں)

ترکی کے وزیر خارجہ مولود چاوش اوگلو نے کہا ہے کہ اگر شام میں شفاف، آزادانہ اور غیر جانب دار صدارتی انتخابات کرائے جائیں اور ان کے نتیجے میں بشار الاسد صدر منتخب ہوں تو ترکی ان کے ساتھ کام کرنے پر غور کرے گا۔ دوحہ میں منعقدہ ایک ایک کانفرنس سے خطاب میں ترک وزیر خارجہ نے کہا کہ اس وقت ہم سب کی پہلی ترجیح شام میں نئے دستور کی تیاری ہے اور دستور کسی ایک فریق کی طرف سے نہیں بلکہ شامی عوام کو بنانا ہوگا۔

انہوں نے شام میں اقوام متحدہ کی زیر نگرانی انتخابات کرانے کی ضرورت پر بھی زور دیا اور کہا کہ شام کے بحران کا واحد حل جمہوری اور شفاف انتخابات کا انعقاد ہے شامی عوام کو اپنے حکمرانوں کے انتخاب کا موقع ملنا چاہیے۔

ایک دوسرے سیاق کے حوالے سے انہوں نے کہا کہ انہیں یقین ہے کہ امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ شام سے اپنی فوج نکالنے پر غور کریں گے۔

ترکی وزیر خارجہ کا کہنا تھا کہ صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے یقین دلایا ہے کہ واشنگٹن سنہ 2016ء کو ترکی میں ہونے والی ناکام فوجی بغاوت کے منصوبہ ساز فتح اللہ گولن کو ترکی کے حوالے کرنے کے لیے کام کر رہا ہے۔

شام میں ترکی کے زیر انتظام علاقوں میں کار بم دھماکہ، 9 افراد ہلاک

دمشق (ایجنسیاں)

شمالی شام میں ترکی کے زیر انتظام عفرین شہر میں اتوار کے روز ایک بازار میں ہونے والے کار بم دھماکے کے نتیجے میں کم سے کم نو افراد ہلاک اور متعدد زخمی ہو گئے۔ شام میں انسانی حقوق کی صورت حال پر نظر رکھنے والے ادارے "آبزرویٹری" کے مطابق مقامی میں دو دھماکے کیا ایک بازار میں ہوا جس کے لیے بارود سے بھری ایک کار کو استعمال کیا گیا۔ رسیورٹ کنٹرول کے ذریعے کیے گئے دھماکے میں وسیع پیمانے پر تباہی پھیلی ہے۔

انسانی حقوق آبزرویٹری عبدالرحمان نے "اے ایف پی" کو بتایا کہ ترکی کیمانی جنگجوؤں کی ایک چیک پوسٹ کے قریب احال بازار میں ہونے والے دھماکے میں 8 افراد ہلاک ہوئے۔ ان میں سے چار عام شہری اور چار ترک نواز جنگجو شامل ہیں۔ واقعے میں 20 افراد زخمی ہو گئے جن میں شہری اور جنگجو دونوں شامل ہیں۔ بعض زخمیوں کی حالت خطرناک بیان کی جاتی ہے۔ دھماکے سے جائے وقوعہ پر بڑے پیمانے پر تباہی پھیل گئی۔

کار بم دھماکہ 5 افراد ہلاک

دمشق (ڈنیوا)

شمالی شام کے آفرین شہر میں اتوار کے روز ہوئے ایک کار بم دھماکے میں پانچ شہریوں کی موت اور کئی دیگر افراد زخمی ہو گئے۔ اس دھماکے میں چار دہشت گردوں کے بھی مارے جانے کی تصدیق کی گئی ہے۔ شام میں انسانی حقوق کے آبزرویٹری گروپ کے مطابق یہ دھماکہ ایک مصروف صوبے کے آفرین شہر کے ایک مصروف بازار میں ہوا۔ آفرین شہر پر ترکی حمایت یافتہ دہشت گرد تنظیموں کا قبضہ ہے۔

امریکی پابندیوں کے دباؤ میں اپنی پالیسیاں تبدیل نہیں کریں گے: ایران

دوحہ (ایجنسیاں)

ایرانی وزیر خارجہ نے کہا ہے کہ ایران امریکی پابندیوں کے دباؤ میں آکر اپنی پالیسی تبدیل نہیں کرے گا۔ خبر رساں ادارے کے مطابق ایران نے اس تاثر کو رد کیا ہے کہ ایران امریکی معاشی پابندیوں کے آگے گھٹنے ٹیکنے پر مجبور ہو گیا ہے اور اپنی پالیسیوں میں بڑے پیمانے تبدیلیاں کر رہا ہے۔ ایرانی وزیر خارجہ جواد ظریف نے قطر میں ایک تقریب سے خطاب میں کہا کہ ایران پر امریکی پابندیوں کی وجہ سے دباؤ ضرور ہے لیکن ایران اپنی پالیسیوں پر کاربند رہتے ہوئے پابندیوں کا دلیرانہ سامنا کرنا جانتا ہے۔ وزیر خارجہ نے مزید کہا کہ ایران پر پابندیاں بلا جواز ہیں، جو دہشت گردی کی معاونت کا الزام لگا رہے ہیں وہ خود براہ راست دہشت گردی میں ملوث ہیں۔ ایران اپنے دفاع میں ہر جائز قدم اٹھانے کے لیے آزاد ہے۔

ایرانی وزیر خارجہ جواد ظریف نے دہشت گردی میں معاونت کے الزامات کو بے بنیاد قرار دیتے ہوئے کہا کہ ایران خود اپنی پالیسیوں کو تشہیر فراہم نہیں کرتا اور نہ ہی کسی دہشت گرد گروپ کی پشت پناہی کر رہا ہے۔ دوحہ پالیسی فورم سے قطر کے اعلیٰ سطح کے حکام نے اپنی خطاب کیا اور مشرقی ممالک کی جانب سے سفارتی تعلقات منقطع کرنے کے بعد سے قطر میں کیے جانے والے انقلابی اقدامات کا ذکر کیا۔

واضح رہے کہ دوران برس امریکا نے ایرانی جوہری معاہدے میں توسیع سے انکار کرتے ہوئے جوہری معاہدے سے دستبردار ہو گیا تھا اور ایران پر سخت معاشی اور تجارتی پابندیاں عائد کر دی تھیں۔

فیس بک نے مسلم مخالف پوسٹ کے چلتے اسرائیلی وزیر اعظم کے بیٹے کا اکاؤنٹ کیا بند

یروشلم (پی این این)

اسرائیلی وزیر اعظم بنیامن نیتن یاہو کے سب سے بڑے بیٹے یائیر نیتن یاہو نے ٹوئٹ کیا ہے کہ مسلم مخالف پوسٹ کی وجہ سے فیس بک نے ان کا اکاؤنٹ 24 گھنٹے کیلئے بند کر دیا۔ انہوں نے سوشل نیٹ ورکنگ سائٹ کے اس قدم کو "ناٹا شاہی" قرار دیا۔ فلسطین کی جانب سے ہوئے جان لیوا حملوں کے بعد یائیر نیتن یاہو نے اپنے فیس بک پیج پر پوسٹ کیا تھا کہ سبھی مسلمان اسرائیل چھوڑ دیں۔ یائیر نے ایک دوسری پوسٹ میں لکھا تھا کہ امن کے صرف دو ہی تمکدہ طریقے ہیں، یا تو سبھی یہودی اسرائیل چھوڑ دیں یا پھر سبھی مسلمان اسرائیل چھوڑ دیں۔ انہوں نے لکھا تھا میں دوسرے متبادل کو ترجیح دیتا ہوں۔ یائیر نے یہ تبصرہ جب کیا جب وسطی ویسٹ بینک میں ایک بستی کے پاس ایک بس اسٹیشن پر ہوئے حملے میں دو نوجوان کو گولی مار کر قتل کر دیا گیا۔ اسی دن پائیں میں بھی ہوئے ایک دوسرے حملہ میں ایک عورت گولی لگنے سے زخمی ہوگئی، جس سے اس عورت کو وقت سے پہلے ہی دردِ زہ ہو گیا۔ بعد میں نوزائیدہ بچے کی بھی موت ہو گئی۔ فیس بک نے یائیر نیتن یاہو کی پوسٹ کو سائٹ سے ہٹا دیا۔

ایرانی وزیر نے کی اوپیک ممالک کی ستائش

تہران (ایجنسیاں)

ایران کے وزیر تیل بیژن نامدار زنگنہ نے تیل برآمد کرنے والے ممالک کی تنظیم "اوپیک" کو سراہتے ہوئے کہا ہے کہ تنظیم اختلافات کے باوجود اتفاق رائے تک پہنچنے کی قدرت رکھتی ہے۔ اوپیک اور روس کی قیادت میں تنظیم کے حلیف ممالک نے سات دسمبر کو تیل کی پیداوار میں توقع سے زیادہ کمی لانے پر اتفاق رائے کیا اگرچہ امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ خام تیل کی قیمت میں کمی کے لیے دباؤ ڈال رہے تھے۔ ایرانی وزیر تیل زنگنہ نے ہفتے کے روز اپنی ٹویٹ میں کہا کہ اوپیک تنظیم نے اس قدرت کا اظہار کیا کہ اس کے رکن ممالک شدید سیاسی اختلافات کے باوجود بات چیت کے ذریعے اپنے مشترکہ مفادات سے متعلق اہم نتائج تک پہنچ سکتے ہیں۔ اوپیک تنظیم اور اس کے رکن ممالک آئندہ سال کی ابتدا سے یومیہ پیداوار میں 12 لاکھ بیرل کی کمی لانے پر متفق ہو گئے۔

آئندہ سال اپریل میں اوپیک کے اجلاس میں اس اقدام پر نظر ثانی کی جائے گی۔ عراقی وزیر تیل عادل عبدالمہدی نے ویانا میں اوپیک کی دو روزہ بات چیت کے اختتام کے بعد بتایا تھا کہ تنظیم یکم جنوری سے اپنی یومیہ پیداوار میں 18 لاکھ بیرل کی کمی کرے گی جب کہ اوپیک کے حلیف ممالک اپنی مجموعی پیداوار میں یومیہ 4 لاکھ بیرل کی کمی کریں گے۔

سعودی عرب نے امریکی سینیٹ کے خاشقجی قتل کے الزامات کو کیا مسترد

ریاض (یو این آئی)

سعودی عرب نے امریکی سینیٹ کے صحافی جمال خشوگی کے قتل معاملے کے سعودی شہزادے محمد بن سلمان پر لگائے گئے الزامات کو پوری طرح مسترد کر دیا ہے۔ سعودی عرب کی وزارت خارجہ نے پیر کو ایک بیان جاری کرتے ہوئے کہا کہ سعودی عرب امریکی سینیٹ کی اس سلسلے میں منظور کردہ قرارداد کو مکمل طور پر مسترد کرتا ہے کیونکہ امریکی سینٹ کا یہ موقف غیر مرتب شدہ دعووں اور الزامات پر مبنی ہے۔

زرد صدریوں کا احتجاج ترکی پہنچا، اردغان کیلئے چیلنج

دیار بکر (ایجنسیاں)

ترکی کے جنوب مشرقی شہر دیار بکر میں پیر کے روز ہزاروں افراد نے حالیہ چند ماہ میں کے دوران ساختہ آئے والی مہنگائی کے خلاف احتجاجی مظاہرہ کیا۔ گرد اکثریت والے جنوب دیار بکر کے مشی علاقے میں ہونے والے اس احتجاج کی کال خدمات عامہ۔ متعلق تنظیم ریشن آف ٹریڈ یونینز نے دی تھی۔ اس موقع پر سکیورٹی کے سخت اقدامات کیے گئے تھے۔ بعض میڈیا رپورٹوں کے مطابق کم از کم 400 مظاہرین کو حراست میں لیا گیا۔ مظاہرین کی تعداد کا اندازہ یہ لگایا گیا کہ ان کی تعداد ہزاروں میں تھی۔ مظاہرین نے زرد صدریوں" کی تحریک کو سراہتے ہوئے ملک میں مزید سماجی انصاف کا مطالبہ کیا گیا۔ اس سے قبل ترکی کے صدر رجب طیب اردوآن اپنے حلیفوں کو دھمکی دے چکے ہیں کہ اگر فرانس میں زرد صدریوں کی طرز پر باہر نکالا گیا تو اس کے نتیجے میں نتائج سامنے آئیں گے۔

ترکی 120 ایف 35- لڑاکا طیارے خریدے گا: اردغان

استنبول (اسپوتنک)

ترکی امریکہ سے 120 ایف 35- لڑاکا طیارے خریدنے کا منصوبہ بنا رہا ہے۔ ترکی کے صدر طیب اردغان نے اتوار کو استنبول میں ایک ریلی سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ "ہم امریکہ میں تیار 120 ایف 35- لڑاکا طیارے خریدیں گے"۔ این ٹی وی پر براہ کاسٹ نشر کیا۔ اس سے قبل سٹیزن کے روز مسٹر اردغان کے ساتھی ابراہیم کالن نے دوحہ فورم سے علیحدہ صحافیوں سے کہا کہ ترکی کو شبہ ہے کہ اگر وہ روس سے ایئر ڈیفنس سسٹم ایس 400- خریدتا ہے تو امریکہ۔ ایف 35- لڑاکا طیارے سپلائی نہیں کرے گا۔ مسٹر اردغان کا یہ بیان ایسے وقت آیا ہے جب ایف 35- لڑاکا طیاروں کی فراہمی کے سلسلے میں خدشات ابھر کیا جا رہے ہیں۔

مختصر مختصر

سوڈان کے صدر کا شام میں غیر اعلانیہ دورہ

دمشق (پی این این)

سوڈان کے صدر عمر البشیر اتوار کی دوپہر غیر اعلانیہ دورے پر اچانک دمشق پہنچ گئے جہاں انہوں نے شامی صدر بشار الاسد سے ملاقات کی۔ اس دوران دونوں سربراہان کے درمیان شام اور خلیجی کی صورت حال پر تبادلہ خیال ہوا۔ عمر البشیر مارچ 2011 میں شام کا نازک بحران کے بعد دمشق کا دورہ کرنے والے پہلے عرب سربراہ ہیں۔ بشار الاسد اور عمر البشیر نے بات چیت کے دوران باہمی تعلقات کو مزید مضبوط کرنے کی کوششوں کا جائزہ لیا۔ دونوں ممالک کے درمیان تجارت، زراعت اور سرمایہ کاری کے شعبوں میں تعاون کو مزید بڑھانے پر اتفاق کیا گیا۔ دونوں ممالک کے درمیان سیاسی مشاورت کو مزید مضبوط کرنے کے طریقوں پر بھی تبادلہ خیال

سچ کی آواز
SACH KI AWAZ • सच की आवाज़
Published from New Delhi
@sachkiawazdaily @sachkiawazdaily
www.sachkiawaz.com
بہار، جھارکھنڈ

2020 تک پختہ سڑک سے جڑ جائیں گے گاؤں: شرون

صاف پانی کی بھی سہولیات کرائے جائیں گے فراہم

اورنگ آباد: (یو این آئی) بہار کے دیہی ترقیات اور پارلیمانی امور کے وزیر شرون کمار نے آج کہا کہ سال 2020 تک بہار کے سبھی نولوں، بستیوں اور سوکھی آبادی والے بھی گاؤں کو پختہ سڑک سے جوڑ دیا جائے گا۔ منسٹر کمار نے یہاں ایک مقامی ہندی روزنامہ کی یوم تاسیس تقریب پر منعقد تقریب کا افتتاح کرتے ہوئے کہا کہ ریاست میں سڑک سے محروم سبھی نولوں اور گاؤں کے سروے کا کام لگ بھگ مکمل کرلیا گیا ہے۔

انہوں نے بتایا کہ دسمبر 2020 تک سبھی سو کی آبادی والے ٹولے اور گاؤں سڑک سے جڑ جائیں گے۔ وزیر نے بتایا کہ ریاستی حکومت نے دیہی سڑکوں کے رکھ رکھاؤ کیلئے نئی پالیسی بنائی ہے اور اب بھی سڑکوں کا رکھ رکھاؤ پانچ سالوں تک ٹھیکیداروں کے توسط سے کرایا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ سبھی سڑکوں کو اب ایک ہی زمرہ میں شامل کرلیا گیا ہے اس کے لئے ان کی مرمت اور رکھ رکھاؤ کا کام یکساں طریقے سے ہوگا۔

انہوں نے کہا کہ سال 2019 کے اختیر تک سبھی گاؤں میں صاف پانی کی سہولیات دستیاب کرادی جائیں گی۔ گاؤں کے لوگوں کو پانی میں آرسینک، فلو رائیڈ اور آئرن سے آزادی دلانا ریاستی حکومت کی ترجیحات میں شامل ہے۔ اس کے لئے تیزی سے کام ہو رہا ہے۔

منسٹر کمار نے کہا کہ بہار میں مقامی اخبارات دیہی مسائل کو اجاگر کرنے میں اہم کردار ادا کرتے ہیں اور موثر طریقے سے عوام کی باتوں کو حکومت تک پہنچا رہے ہیں۔

انہوں نے کہا کہ ایسے اخبارات کی حوصلہ افزائی کئے جانے کی ضرورت ہے تاکہ ایسے اخبارات عوام کی آواز بنیں اور پہلے کے مقابلے زیادہ کارگر اور مضبوط ہوسکیں۔ تقریب کو خطاب کرتے ہوئے رکن کونسل پروفیسر رودیرنتدن نے کہا کہ جنگ میں ملک کے اخبارات نے اہم کردار ادا کیا اور اب ملک کی بہتر جہت ترقی میں اخبارات کا کافی اہم کردار ہے۔

انہوں نے دور دراز اور دیہی علاقوں سے شائع ہونے والے اخبارات کو خصوصی طور سے مدد دینے کی اپیل کی۔ وہیں ایم ایل اے آنند شنکر نے ضلع سے شائع ہوکر ریاست کے مختلف علاقوں میں پہنچنے والے اخبارات کی تعریف کی اور کہا کہ بہت سارے مسائل کی معلومات انہیں ان اخبارات کے توسط سے ہی مل پاتی ہیں۔ جنتا دل یونائیٹڈ (جے ڈی یو) کے ریاستی نائب صدر وشوناتھ سنگھ اور جے ڈی یو کے ضلعی صدر دھریندر کمار سنگھ نے بھی تقریب سے خطاب کیا۔

تاجر کے گھر 20 لاکھ روپے املاک کی لوٹ

سپول: (یو این آئی) بہار میں سپول ضلع کے راگھو پور تھانہ علاقہ کے کنہت بازار میں ڈاکوؤں نے آج علی الصبح تاجر کے گھر ڈاکہ ڈال کر 20 لاکھ روپے سے زائد کی املاک لوٹ لی۔ پولیس ذرائع نے بیہاں بتایا کہ قریب 20 کی تعداد میں ڈاکوؤں نے کنہت بازار باشندہ اور کپڑا تاجر راجو اگروال کے گھر میں علی الصبح داخل ہو گئے۔

اس کے بعد ڈاکوؤں نے اسلحہ کا خوف دکھا کر اہل خانہ کے سبھی اراکین کو یرغمال بنا لیا اور گھر میں موجود نقد اور زیورات سمیت 20 لاکھ روپے سے زائد کی املاک لوٹ کر فرار ہوگئے۔ ذرائع نے بتایا کہ اس سلسلے میں متعلقہ تھانہ میں ایف آئی آر درج کرکے پولیس ڈاکوؤں کی گرفتاری کیلئے چھاپے مار رہی ہے۔

وزیر کی رہائش گاہ پر دھرنا، پیرا ٹیچر کی موت پر ہنگامہ

رانچی: (پی این این) رانچی میں جھارکھنڈ یوم تاسیس اجلاس کے دوران پیرا ٹیچروں پر ہوئے لاٹھی چارج کے خلاف سماجی بہبود کے وزیر ڈاکٹر لوئس مرانڈی کے جھنڈیا پاتھر میں موجود رہائش گاہ پر پیرا ٹیچر دھرنا دے رہے ہیں۔ دھرنے پر بیٹھے ایک پیرا ٹیچر کنچن کمار داس کی شنٹ لگنے کی وجہ سے موت ہوگئی۔

وہ رام گڑھ پرکھنڈ کی بھلاتو ڈیا چایات کے پیچاؤ ٹکال حوصلہ افزا مڈل اسکول میں 2005 سے بطور پیرا ٹیچر کام کر رہے تھے۔ ساتھی کی موت سے ناراض پیرا ٹیچروں نے پوسٹ مارٹم ہاؤس کے باہر وزیر علی، سماجی بہبود و ایجوکیشن وزیر کے خلاف زبردست مظاہرہ کرتے ہوئے نعرے بازی کی۔

پیرا ٹیچر علی کی لاش کو وزیر کی رہائش گاہ کے سامنے رکھ مظاہرہ کرنے کی تیاری کر رہے ہیں، لیکن انتظامیہ نے اس کی اجازت نہیں دی۔ پولیس کی سخت حفاظتی انتظامات کے درمیان پیرا ٹیچروں نے شہر میں مٹھو پاترا نکالی۔ اس کے بعد لاش کنچن کے آبائی گھر نوئی بات لے گئے۔

پیرا ٹیچروں نے متقول کے گھر والوں کو 25 لاکھ روپے معاوضہ و کنبہ کے ایک فرد کو نوکری دینے کا مطالبہ حکومت سے کیا ہے۔ پیرا ٹیچر کی موت کے معاملے میں پولیس کو کسی طرح کی درخواست نہیں دیا گیا ہے۔ ٹھنڈ سے موت کی بات سامنے آئی ہے۔ پوسٹ مارٹم رپورٹ کا انتظار ہے۔

پولیس پر پتھراؤ، تھانہ انچارج سمیت 4 پولیس اہلکار زخمی

مہاگامہ: (پی این این) پرکھنڈ کے نیا نگر میں پاور سب اسٹیشن کی تعمیر شروع کرانے کے لئے پولیس پہنچی، جس کے بعد گاؤں والوں پتھراؤ کر دیا۔ مہاگامہ تھانہ انچارج پون کمار، ہنوار اتھانہ کے افسر اؤ دیا یاد اور دو جوان زخمی ہوگئے۔ حالات کو کنٹرول کرنے کے لئے پولیس نے لاٹھی چارج کیا۔ اس میں چار دیہاتیوں کو بھی چوٹ لگی۔ سبھی کا علاج مہاگامہ اسپتال میں چل رہا ہے۔ پولیس نے زخمی دیہاتیوں کو گرفتار کرلیا ہے۔ ایس ڈی او بکا رام نے بکھرا لوگوں پر دفعہ 107 کے تحت کارروائی کی تھی۔

پولیس فورس کی موجودگی میں کام شروع کیا گیا۔ اسی وقت گاؤں والے اکٹھا ہوگئے اور اعتراض کیا۔ ان کا کہنا تھا کہ سب اسٹیشن کی تعمیر دوسری جگہ ہو۔ جبکہ افسر وہیں پر تعمیر کرنے کی بات کر رہے تھے۔ اس سے گاؤں والے بھڑک گئے۔ بتا دیں کہ نقصان پہنچایا۔ پولیس نے جب روکنا چاہا تو پتھراؤ کر دیا۔

مہاگامہ تھانہ انچارج پون کمار کے سینے اور ہنوار تھانہ کے افسر اؤ دیا کمار کے سر پر پتھر لگنے سے چوٹ آئی۔ دو دیگر پولیس اہلکار بھی پتھراؤ میں زخمی ہوگئے۔ تب پولیس نے لاٹھی چارج کیا۔ اس میں محمد نور الدین، زبیدہ خاتون، محمد صابر اور ایک دیگر شخص کو چوٹ آئی۔

فی الحال حالات کنٹرول میں ہیں۔ مہاگامہ فی ڈی او دھیرج پرکاش، سی او اروند دیوانشش نوید، مہاگامہ پولیس انسپکٹر اشوک سنگھ، مہرا تھانہ انچارج زین العابدین، ہنوار تھانہ انچارج گھنشیام گوسوامی وغیرہ موقع پر گئے تھے۔

نیا نگر کی زمین پر پاور سب اسٹیشن کی تعمیر کے لئے انجینئر سے این او کی ملا ہے۔ کچھ لوگ تعمیر میں رخنہ ڈال رہے ہیں۔ ان کی نشاندہی کیں ہوئے دیں گے۔ پتھراؤ کرنے والوں پر سخت کارروائی ہوگی۔

نوجوان کا پیٹ پیٹ کر قتل، مندر کے قریب ملی لاش

مظفر پور: (پی این این) مشرقی چمپارن میں ایک نوجوان کا پیٹ پیٹ کر قتل کر دیا گیا ہے۔ واقعہ ضلع کے ہرسدھی تھانہ علاقہ کا ہے جہاں جگھو بن ٹیلا (قریب 30 سال) کی نامعلوم بدمعاشوں نے پیٹ پیٹ کر قتل کر دیا۔ متقول وارڈ نمبر دو کا باشندہ تھا۔ قتل کے بعد اس کی لاش کو وارڈ نمبر ایک میں لے جا کر پھینک دیا۔

متقول کی بیوی نے بتایا کہ اس کے شوہر ہرسدھی میں کپڑہ دکاندار پوکھنڈیوال کے یہاں نوکری کرتے تھے۔ بیوی نے بتایا کہ وہ اپنے مالک کے ساتھ بلوا کا باشندہ ابھیمنو سنگھ کے یہاں پارٹی میں شامل ہونے جا رہے ہیں۔ وہ رات میں لوٹیں گے۔ آج اسے جانکاری ملی کہ اس کے شوہر کی لاش وارڈ نمبر ایک میں موجود سارے مالی کے مندر کے پاس پڑا ہے۔

کہا کہ شک ہے کہ اس کے شوہر کی دوسری جگہ قتل کرنے کے بعد یہاں لا کر پھینک گیا ہے۔ اطلاع ملنے کے بعد ہرسدھی پولیس جائے واقعہ پر پہنچ کر لاش قبضے میں لے کر پوسٹ مارٹم کے لئے موتیہاری بھیج دیا ہے۔ ابھی تک رشتے دار کے ذریعے درخواست نہیں دیا گیا ہے۔

والدین نے دی بیٹے کی معشوقہ کی سپاری

گڑوا: (پی این این) والدین نے اپنے بیٹے کا گھر بسنے سے پہلے ہی اجاڑ دیا۔ والد نے بیٹے کی معشوقہ کی سپاری دے کر قتل کرا دیا۔ قتل میں شامل لڑکے کے والدین اور بہن کو پولیس نے گرفتار کر کے جیل بھیج دیا ہے۔ قتل میں استعمال کیا گیا موٹر سائیکل بھی برآمد کر لیا گیا ہے۔ گڑوا تھانے میں رنکا کے ایس ڈی او وجے کمار نے صحافیوں سے گفتگو کے دوران جانکاری دی۔

انھوں نے کہا کہ بھرر یا تھانہ علاقہ کے سکری گاؤں کا باشندہ اومون کیر نکانے اپنی لڑکی کرتی کے اغوا کا معاملہ بھرر یا تھانے میں درج کرایا تھا۔ پولیس معاملے کی چھان بین کرتے ہوئے کرتی کے موبائل کال تفصیل سے تحقیق میں ملوث چار افراد کو گرفتار کرنے میں کامیاب ہوئی۔

گرفتار ہونے والوں میں مذی آؤں تھانہ علاقہ کے اوڈیری کا باشندہ پرمیش پانڈے، بھرر یا تھانہ علاقہ کے جھوتی گاؤں کا باشندہ انل کمار، دیوی اُمرا ؤ ناٹھور بنی اُرس کسپ ناگا کا نام شامل ہے۔

وجے کمار نے بتایا کہ متقول انل کسپ ناگا بیٹا ابھیمنو سے پیار کرتی تھی۔ اس سے شادی کرنا چاہتی تھی لیکن گھر والوں نے اسے نہیں ہونے دینا چاہتے تھے۔ کیونکہ لڑکی کافی غریب تھا۔ سے تعلق رکھتی تھی۔ اس لئے انل کسپ نا نے کرتی کو قتل کا منصوبہ بنایا۔

مختصر مختصر

نوجوان کی لاش برآمد

اورنگ آباد: (پی این این) بہار میں اورنگ آباد ضلع کے مخفصل تھانہ علاقے کے منجوراہی گاؤں کے نزدیک پولس نے آج ایک نوجوان کی لاش برآمد کی۔ پولس نے بیہاں مقامی لوگوں سے ملی اطلاع کی بنیاد پر نچوراہی گاؤں کے نزدیک سڑک کنارے سے ایک نوجوان کی لاش برآمد کی۔ نوجوان کے سر پر چوٹ کے نشان پائے گئے ہیں۔ لاش کی شناخت ضلع کے گمر تھانہ کے ہری محلہ کے رہنے والے پون شرما (32) کی شکل میں ہوئی ہے۔

دو بدمعاش گرفتار

حاجی پور: (پی این این) بہار میں ضلع ویشالی کے بیکسر پولیس آؤٹ پوسٹ کے بیلور چوک کے قریب پولیس اہلکاروں نے دو بدمعاشوں کو گرفتار کرلیا۔ پولیس ذرائع نے آج بیہاں بتایا کہ اطلاع موصول ہوئی تھی کہ بیلور چوک پر کچھ لوگ ایک بڑی واردات کو انجام دینے کا منصوبہ بنا رہے ہیں۔ اس بنیاد پر پولیس نے دیر رات بیلور چوک کے قریب چھاپہ ماری کی اور دو بدمعاشوں کو نیند رام تیواری اور چندن کمار تھیجی کو گرفتار کرلیا۔

غلہ تاجر سے 2 لاکھ روپے کی لوٹ

شیوہر: (پی این این) بہار میں شیوہر ضلع کے پیرا ہی تھانہ علاقے کے وشن کول بازار کے نزدیک بدمعاشوں نے آج غلہ تاجر سے دو لاکھ روپے لوٹ لئے۔ پولس نے بیہاں بتایا کہ ضلع کے شیوہر ہرتھانہ کے گنروان گاؤں کے رہنے والے غلہ تاجر پلدیو رام ساہ وشن کول بازار موٹر سائیکل سے جا رہے تھے جبھی بازار کے نزدیک ایک دیگر موٹر سائیکل پر سوار دو بدمعاشوں نے ہتھیار کا خوف دلا کر اسے روک لیا۔ اس کے بعد بدمعاشوں نے تاجر کے پاس نقد میں رکھے دو لاکھ روپے لوٹ لئے اور فرار ہوگئے۔

سخت سردی میں فرش پر رات گزارنے پر مجبور مریضوں کے لواحقین

رانچی: (پی این این) ریاست کے سب سے بڑے اسپتال رمس میں ایک میونسپل کارپوریشن کا اور ایک رمس انتظامیہ کے ذریعے چلنے والا رین بسیرا ہے۔ رمس انتظامیہ نے ایک نجی ایجنسی کو رین بسیرا کو چلانے والوں کی ذمہ داری سونپی ہے۔ یہاں 24 گھنٹے کے حساب سے 50 روپے فی دن اوگاہی سے مریض کو رہنے کے لئے کمرہ مہیا کرایا جاتا ہے۔

رین بسیرا میں صرف 50 کمرے ہونے کی وجہ سے دور دراز سے آئے مریض اور ان کے رشتے داروں کو سردی سے بچنے کے لئے رین بسیرا کے فرش کا سہارا لینا پڑ رہا ہے۔

وہیں کئی مریض باہر کسی ہوٹل میں رات گزار رہے ہیں۔ ان دنوں سردی بڑھنے سے رات میں زبردست اوس کی بوندیں گرتی ہیں، جس سے مریضوں کی طبیعت اور زیادہ خراب ہو رہی ہے۔

دھنباد سے اپنے بیٹے کا علاج کرانے آئے مسور مہتو نے بتایا کہ گزشتہ چار دنوں سے اپنے بیٹے اور بیوی کے ساتھ رمس میں چکر لگا رہے ہیں۔

چار سالہ بیٹے کے ماتھے میں پانی جم جانے کی وجہ سے حالت کافی نازک ہوگئی ہے۔ ایسے میں چار سالہ کے بیمار بیٹے کو لے کر سردی میں بھٹک رہے ہیں۔ رین بسیرا میں کمرے کے لئے جانے پر پتہ چلا کہ کمرہ خالی نہیں ہے۔

ایسے میں مسور اپنے بیٹے اور بیوی کے ساتھ رین بسیرا کے فرش پر ہی چٹائی بچھا کر سخت سردی میں جم گئے۔ وہیں چمپارن سے علاج کے لئے آئی 37 سالہ ممادیوی نے بتایا کہ برین ٹیومر کی بیماری کا علاج کئی مہینوں سے رمس میں چل رہا تھا۔ حالت میں تھوڑی بہتری ہونے پر 15 دن بعد آنے کے لئے کہا گیا تھا۔

ایسے میں پچھلے دو دن سے ممتا رمس کا آرکا علاج کرانے میں ناکام ہے۔ ممتا بھی رین بسیرا میں زمین پر چادر بچھا کر پڑی ہے۔ اس پر سخت سردی کی وجہ سے رمس اور رین بسیرے میں مریضوں کو کافی پریشانی کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے۔

لالو کی صحت میں بہتری، سیاسی سرگرمیاں ہوئیں تیز

رانچی: (پی این این) ملک کے تیز ہوری سیاست کی خبر کے بعد لالو پرساد یادو کی صحت میں تیزی سے سدھار آنا گفتگو کا موضوع بنا ہوا ہے۔ اس کے ساتھ ہی سیاسی پارٹیوں میں سرگرمیاں اور ذکر اذکار کا دور بھی تیز ہو چکی ہے۔

واضح کردیں کہ رمس کے پے ایگ وارڈ میں بھرتی سزا یافتہ لالو پرساد کی صحت میں بتدریج بہتری دکھائی دینے لگی ہے۔ ان دنوں رمس کے بیے ایگ وارڈ کے برآمدے میں چہل قدمی بھی کر رہے ہیں۔ اس سے پہلے لالو پرساد کا علاج کرنے والے ڈاکٹر ڈی کے جھا نے بتایا تھا کہ ابھی بھی لالو پرساد کی حالت بہت اچھی نہیں ہے، لیکن طبیعت پہلے کے مقابلے مستحکم ہے۔ اب انھوں نے بات چیت کرنا اور ٹہلنا شروع کر دیا ہے۔

ڈاکٹر ڈی کے جھا کا کہنا ہے کہ انھیں کرونک کڈنی ڈزیز اور ذیابیطس ہے۔ اس کا علاج کیا جا رہا ہے۔ اس کا سانسوں میں بھی کوئی تنگیاں نہیں ہے۔ کچھ دن پہلے ڈاکٹروں نے لالو پرساد کے پیشاب کے راستے میں انفیکشن ہونے کی بات کہی تھی، جس کی تنخیص کے لئے انھیں دوائیاں دی جا رہی ہیں۔ لالو پرساد کو کچھ مہینے بعد رمس میں علاج کے لئے سپرم اسپیشلٹی وگ کے وارڈ زیونیٹ میں داخل کرایا گیا تھا۔

جہاں پرانھوں نے کتوں کے بھونکنے کی آواز سے نیند کے خراب ہونے کی شکایت کی۔ جس کے بعد انھیں رمس کے پے ایگ وارڈ میں شفٹ کر دیا گیا۔ وہاں پر ان سے ملاقات کرنے کے لئے تیجسوی یادو اور دیگر بیٹیاں آچکی ہیں۔ ایسے میں ان کی صحت میں سدھار کی خبر سے رشتے دار بھی راحت محسوس کر رہے ہیں۔

رام مندر تعمیر کیلئے بی جے پی سنجیدہ

بھاگلپور: (پی این این) حال میں ہوئے پانچ ریاستوں کے انتخاب میں بی جے پی کی شکست کے بعد کارکنان میں تھوڑی مایوسی ہے۔ حالانکہ کارکنان کے حوصلے کو بڑھانے کے لئے وزیر سمیت پارٹی کے کئی بڑے لیڈر دن رات دورہ کر رہے ہیں۔ اس درمیان رام مندر کی تعمیر کی بھی گفتگو ہوئی ہے۔ پارٹی عہدیداران اس بات کو لے کر سنجیدہ دکھائی دیتے ہیں کہ رام مندر بی جے پی کا وعدہ ہے اور عظیم الشان مندر کی تعمیر بی جے پی ہی کرائے گی۔

سلطان گنج کے کرن گڑھ میں موجود یاتری نواس دھرمشالہ میں بی جے پی کی بھاگلپور اور بانکا علاقائی لوک سبھا کی میٹنگ بانکا کے بی جے پی ضلع دکاش سنگھ کی صدارت میں اختتام پذیر ہوئی۔ پروگرام میں کلیدی اہتمام کے طور پر سوبھ کی زمین سدھارہ مایاتی وزیر رام نارائن منڈل نے کارکنان کو جیت کے گر سکھائے۔ میٹنگ میں آئندہ انتخابات کو لے کر جامع گفتگو کی گئی۔ وزیر نے کہا کہ بی جے پی میں کارکنان کا کمیونیکیشن ہوتا ہے۔ انھوں نے کہا کہ رافیل پر کانگریس کی جھوٹ کا سپریم کورٹ نے پردہ فاش کر دیا ہے۔ اب کارکنان اسے عوام تک پہنچائے۔

رام مندر تعمیر میں ہو رہی دیر پر صفائی دیتے ہوئے وزیر نے کہا کہ رام مندر بی جے پی کے کھاتے سے ہی بنے گا۔ بی جے پی دوست وپنگ اور اقتدار کے لئے حکمت عملی نہیں کرتی ہے۔ بی جے پی کے لئے ملک کے مفاد و ہماری ترجیحات میں سے ہے۔

پریتی سنگھیہ کے جنرل سکریٹری راوھا موہن شرما نے کہا کہ نریندر مودی کی بڑھتی عوامی شہرت سے اپوزیشن گھبرا گئی ہے۔

مختلف حادثات میں 10 لوگوں کی موت

پٹنہ: (یو این آئی) بہار میں کلیبار، سارن، بیگو سرائے اور مدھوبنی اضلاع میں مختلف حادثات میں دس لوگوں کی موت ہوگئی اور چھ دیگر زخمی ہو گئے۔ کلیبار سے موصولہ خبر کے مطابق ضلع کے کرسیلا تھانہ کے کرسیلا چوک پٹرول پمپ کے نزدیک نیشنل ہائی وے نمبر 31 پر آج علی الصبح کار اور ٹرک کے مابین ہوئی ٹکر میں چار لوگوں کی موت ہوگئی اور تین دیگر زخمی ہوگئے۔

کار پر سوار لوگ پورنیہ سے کھگویا جا رہے تھے تبھی پٹرول پمپ کے نزدیک نیشنل ہائی وے نمبر 31 پر تیز رفتار ٹرک نے کار میں ٹکر مار دی۔ اس حادثہ میں کار پر سوار میاں۔ بیوی سمیت تین لوگوں کی موقع پر ہی موت ہوگئی اور تین دیگر زخمی ہوگئے۔

اس دوران ٹرک نے جائے کی دکان میں سو رہے دکاندار کو بھی کچل دیا جس سے اس کی بھی موت ہوگئی۔ متوفی دکاندار کی پہچان پنچایت کمار منڈل (25) کے طور پر کی گئی ہے جبکہ مرنے والوں کی شناخت نہیں کی جاسکی ہے۔

زخمیوں کو فوراً مقامی پرائمری ہیلتھ مرکز میں داخل کرایا گیا جہاں ابتدائی علاج کے بعد بھی کو بہتر علاج کیلئے کلیبار صدر اسپتال بھیج دیا گیا ہے۔

چھپرہ سے موصولہ اطلاع کے مطابق سارن ضلع کے دگھوارہ تھانہ علاقہ کے بستی جلال گاؤں میں ایک ٹرک اور موٹر سائیکل کے مابین ہوئی ٹکر میں تین نوجوانوں کی موت ہوگئی۔ ضلع کے ترایا تھانہ علاقہ کے تریا گاؤں میں باشندہ منوج نجی پاٹھک (25) ،ملیک شرما (19) سودھ شرما کے ساتھ سونپر میلہ سے دیر رات موٹر سائیکل سے واپس لوٹ رہے تھے تبھی سمت مخالف سے آرہے ٹرک نے موٹر سائیکل میں ٹکر مار دی۔

اس حادثہ میں منوج نجی پاٹھک اور ملیک شرما کی موقع پر ہی موت ہوگئی۔ زخمی سودھ شرما کو علاج کے لئے چھپرہ صدر اسپتال لے جایا جا رہا تھا تبھی راستے میں اس کی موت ہوگئی۔ حادثہ کے بعد ٹرک کا ڈرائیور گاڑی لیکر فرار ہوگیا۔ لاشیں پوسٹ مارٹم کیلئے صدر اسپتال بھیج دی گئی ہیں۔

بم دھماکہ میں نوجوان زخمی

گیا: (یو این آئی) بہار میں گیا شہر کے شنتو پوری تھانہ علاقہ کے شنتو پوری کالونی علاقے میں آج دوپہر کے دس بجے ایک نوجوان سنگین طور سے زخمی ہوگیا۔ پولیس ذرائع نے بیہاں بتایا کہ 13 ستمبر نکسلیٹس کمار کی پیٹنگ لینے کیلئے ایک باشخص گیا تھا تبھی اچانک بم دھماکہ ہوگیا۔

دھماکے کی آواز سن کر آس پاس کے لوگ موقع پر پہنچے اور واقعہ کی اطلاع مقامی پولیس کو دی۔ واقعہ کی اطلاع ملتے ہی موقع پر پہنچی پولیس ٹیم نے زخمی نوجوان کو اسپتال میں داخل انکوائری ظاہر کیا جا رہا ہے کہ بدمعاشوں نے کسی واردات کو انجام دینے کے لئے بم کو باشخص میں چھپا کر رکھا تھا۔

تیاگ راجن نے دھان خریداری ہدف کو جلد پورا کرنے کا دیا حکم

بہار شریف (مزمل) مقامی ہرنو بیگھہ میں موتی سیپالی ٹاسک فورس کی میٹنگ کے دوران ضلع کلکٹر تیاگ راجن نے کہا کہ دھان خریداری کے لئے دیے گئے ہدف کو پورا جلد کیا جائے۔ انھوں نے کہا کہ ضلع میں 1.5 لاکھ میٹرک ٹن دھان خریداری کا ہدف مقرر کیا گیا ہے۔

انھوں نے کہا کہ ضلع میں دھان خریداری کا کام شروع کر دیا گیا ہے جس کے تحت اب تک ایک سو بیس میٹرک ٹن دھان کی خریداری کی جا چکی ہے دھان خریداری کے لئے اب تک ضلع میں 213 سنٹرس کا انتخاب کیا گیا ہے ضلع کلکٹر نے ضلع کے ڈپٹی کلکٹر سنٹرس کی ٹیکنیک کمیٹی سنٹرس کا ہدف تعینی بنانے کی ہدایت ضلع کو پہنچا دی گئی ہے۔ کلکٹر نے کہا کہ ضلع میں قریب پانچ ہزار 900 کسانوں کا رجسٹریشن مکمل کر لیا گیا ہے۔

کلکٹر نے اس دوران ہدایت دی کہ زیادہ سے زیادہ خواہش مند کسانوں کا رجسٹریشن کراتے ہوئے دھان خریداری کے کاموں میں تیزی لائی جائے۔ انہوں نے کہا کہ چاول تیار کرنے کے لئے ضلع کے رجسٹرڈ چکی رائس ملوں کا سبھی طریقے سے جانچ کا کام ایک ہفتہ میں پورا کرایا جائے یہ ہدایت کلکٹر نے بھی اس ڈی او کو دی انہوں نے بتایا کہ بہار شریف سبڈویژن میں چھ بلاک سب ڈویژن میں 25 اور راجگیر سب ڈویژن میں 11 رائس مل کا رجسٹریشن کیا گیا ہے۔

اسکولی بچوں کی صحت کیلئے کرائی راجگیر کی سیر

بہار شریف (پی این این) شہر کے محلہ شیر پور سالوتیج میں موجود ایس ایس انگلش سکول کے طالب علموں کی حوصلہ افزائی و ان کی صحت بہتر رہے اس کے لئے سکول کے پرنسپل محمد بابر نے سکول کے بچوں کو راجگیر کی سیر کرائی اس دوران انہوں نے سیاحتی سرڈیشن راجگیر کے کئی مقاموں کا سیر کرایا اس متعلق سکول کے محمد بابر و محمد مظفر نے کہا کہ بچے لگاتار پڑھائی کرنے کی وجہ سے دماغی بیماری کے شکار ہو جاتے ہیں۔

ایسے حالات میں ان کی صحت پر بھی برا اثر پڑتا ہے اسی کے مدنظر تعلیمی سکول کبھی کبھی مقابلہ تو کبھی کوئز مقابلہ اور کبھی بچوں کو تفریح لے جاتی ہے تاکہ بچے بہتر تعلیم کے ساتھ ساتھ بہتر صحت کے مالک بن سکیں انہوں نے کہا کہ سکول کی کوشش رہتی ہے کہ انہیں بہتر تعلیم تربیت کے ساتھ ساتھ بہتر صحت کے مالک بن سکیں۔

"گھر گھر کا گھر کو پڑھنے کے لیے سچ کی آواز ایک باشعور بیدار اخبار ہے"
سچ کی آواز
BACH KI AWAZ • सच की आवाज
Published from New Delhi

شمالی کوریا کی جانب سے تازہ امریکی پابندیوں کی مذمت

بیانگ یانگ (ایجنسیاں)

شمالی کوریا نے تازہ ترین امریکی پابندیوں کی مذمت کی ہے اور کہا ہے کہ ان سے 'جزیرہ نما جوہری کوریا کو ایٹمی ہتھیاروں سے پاک کرنے کا راستہ ہمیشہ کے لیے مسدود ہو جائے گا۔' واشنگٹن کا کہنا ہے کہ اس نے تین اہم کوریائی حکام پر پابندیاں لگائی ہیں۔ اس سے قبل ایک رپورٹ منظر عام پر آئی تھی جس سے شمالی کوریا میں بڑے پیمانے پر انسانی حقوق کی پامالی کا پتہ چلا تھا۔ رواں سال کے وسط میں امریکہ اور شمالی کوریا کے رہنماؤں کے درمیان ایک تاریخی ملاقات ہوئی تھی جس سے یہ امید پیدا ہوئی تھی کہ دونوں ملکوں کے تعلقات بہتری کی طرف گامزن ہیں۔ تاہم اس کے بعد سے صورت حال مسلسل خرابی کی طرف جاتی نظر آ رہی ہے۔ بعض اطلاعات کے مطابق دونوں ملکوں کے سربراہ ایک اور ملاقات کی منصوبہ بندی کر رہے ہیں تاہم صدر ٹرمپ نے اسی ہفتے کہا ہے کہ انھیں اس کی کوئی جلدی نہیں ہے۔

ایک بیان میں شمالی کوریا کی انتظامیہ نے نئی امریکی پابندیوں پر 'ظلم و ستم' کا الزام لگایا۔ سرکاری خبر رساں ادارے کے سی این اے پر جاری کردہ بیان میں شمالی کوریا نے امریکی حکام پر جارحیت پر الزام لگایا کہ وہ 'دونوں ملکوں کے تعلقات کو گذشتہ سال کی اسی نہج پر لانے پر تلا ہوا ہے جب فائرنگ کا تبادلہ ہو رہا تھا۔' گذشتہ سال صدر ٹرمپ نے شمالی کوریا کے رہنما کم جونگ ان کو 'راکٹ مین' کہا تھا جب کہ شمالی کوریا نے صدر ٹرمپ کو 'پاگل بڈھا' قرار دیا تھا۔ شمالی کوریا نے حالیہ بیان میں کہا ہے کہ امریکہ کی جانب سے شمالی کوریا پر دباؤ ڈالنے کی حکمت عملی اس کی سب سے بڑی غلطی ہوگی اور اسے ان اقدامات کی بجائے دونوں ملکوں کے درمیان اعتماد سازی پر توجہ مرکوز کرنی چاہیے۔ حال ہی میں امریکی محکمہ خارجہ نے گوانتاناموبے کے کیمپ پر شمالی کوریا کے بارے میں ایک رپورٹ جاری کی ہے۔

محکمہ خارجہ کے ترجمان رابرٹ پیلاڈینو نے کہا: 'شمالی کوریا میں انسانی حقوق کی خلاف ورزیاں دنیا میں بدترین ہیں جن میں ماورائے عدالت قتل، جبری مشقت، تشدد، من مانی قید، ریپ، جبری اسقاط حمل اور جنسی تشدد شامل ہیں۔ اس کے بعد امریکہ نے کہا ہے کہ وہ کم جونگ ان کے دست راست پوریونگ ہائے، سلاخی کے وزیر جونگ کیونگ ٹاک اور ریونگ ہائے کے وزیر پاک کوانگ ہو کے امریکہ میں اثاثے منجمد کر رہا ہے۔ جون 2018 میں کم جونگ ان اور صدر ٹرمپ کے درمیان سنگاپور میں ملاقات ہوئی تھی جس میں جزیرہ نما کوریا کو ایٹمی ہتھیاروں سے پاک کرنے کے معاہدے پر دستخط ہوئے تھے۔ تاہم اس میں تفصیلات اور لائحہ عمل طے نہیں کیا گیا تھا۔

جاپان: سیپورو میں زبردست دھماکہ، 42 افراد زخمی

سیپورو (ایجنسیاں)

جاپان کے شمالی شہر سیپورو میں واقع ایک ریستوراں میں ایک زوردار دھماکا ہوا ہے جس کے نتیجے میں پولیس افراد زخمی ہو گئے ہیں۔ جاپانی پولیس کے مطابق شمالی جزیرے ہوکیڈو کے دارالحکومت سیپورو میں اتوار کی رات ساڑھے آٹھ بجے کے قریب دھماکا ہوا ہے۔ بحرمعین میں اکثر کو معمولی زخم آئے ہیں۔ البتہ ایک شخص شدید زخمی ہوا ہے۔ زخمیوں کو نزدیک واقع اسپتالوں میں منتقل کر دیا گیا ہے اور ان کا دوبا علاج جاری ہے۔ پولیس کا کہنا ہے کہ دھماکے کی وجوہ کی تحقیقات کی جاری ہے اور اس کے پاس واقعے کی مزید کوئی تفصیل نہیں ہے۔ جاپان کے مقامی ٹی وی چینلز کی فوٹیج میں ریستوراں کو شعلوں کی لپیٹ میں دیکھا جا سکتا ہے اور آگ بجھانے والا عملہ امدادی کارروائی میں مصروف ہے۔

خاشقجی قتل کی تحقیقات کیلئے اقوام متحدہ کا مطالبہ

اقوام متحدہ (ایجنسیاں)

اقوام متحدہ کے سربراہ انٹونیو گٹیرس نے اتوار کے دن صحافی جمال خاشقجی کی استنبول کے سعودی سفارتخانہ میں قتل کی قابل اعتماد تحقیقات کا مطالبہ کیا ہے۔ انھوں نے کہا کہ یہ انتہائی ضروری ہے کہ قابل اعتماد تحقیقات کی جائیں اور خاطی افراد کو سزا دی جائے۔ وہ دو دن میں ایک پریس کانفرنس سے خطاب کر رہے تھے۔

اقوام متحدہ کے سربراہ نے کہا کہ انھیں اس مقدمہ کے بارے میں وہی اطلاعات ہیں جو اخبارات میں شائع ہو چکی ہیں۔ خاشقجی ایک سعودی شہری تھا جو واشنگٹن پوسٹ میں مضامین تحریر کیا کرتا تھا۔ وہ 2017 سے ناشاد ہا ہوا ہے کہ کم سے کم کسی کی معلومات کا پتا تحقیقات کی رپورٹ کا جو سعودی عرب نے گروانی تھی کوئی پہ نہیں چلا ہے۔ ترکی یہ کوشش ترک نہیں کرے گا اور ہم اس معاملے کی تہہ تک پہونچیں گے۔ انھوں نے تیقن دیا کہ آئندہ ماہ کے اوائل تک تحقیقات مکمل کر دی جائیں گی۔ انھوں نے کہا کہ ترکی اقوام متحدہ کے ساتھ تحقیقات کے بارے میں مذاکرات میں مصروف ہے۔

میاف کا ؤس اوگلو نے جو قطر کے دورہ پر ہیں جو سعودی زیر قیادت بائیکاٹ کا جون 2017 سے نشانہ بنا ہوا ہے کہا کہ ہم نے کسی کی معلومات کا پتا تحقیقات کی رپورٹ کا جو سعودی عرب نے گروانی تھی کوئی پہ نہیں چلا ہے۔ ترکی یہ کوشش ترک نہیں کرے گا اور ہم اس معاملے کی تہہ تک پہونچیں گے۔ انھوں نے تیقن دیا کہ آئندہ ماہ کے اوائل تک تحقیقات مکمل کر دی جائیں گی۔ انھوں نے کہا کہ ترکی اقوام متحدہ کے ساتھ تحقیقات کے بارے میں مذاکرات میں مصروف ہے۔

کیٹریونا گرے، مس یونیورس 2018 منتخب

بینکاک (ایجنسیاں)

فلپائن کی کیٹریونا گرے یہاں منعقدہ آخری مرحلے کے مقابلے کے بعد مس یونیورس 2018 قرار دی گئیں۔ ویٹز ویلا کے ماڈل اور اداکارہ آشٹن کلیر اس مقابلے میں دوسرا مقام حاصل کیا جبکہ مس جنوبی افریقہ تارین گرین تیسرے نمبر پر رہیں۔ مس رشیا 2018 یولیا پولپی چھٹا کی ذریس کو لوگوں اور میڈیا نمائندوں نے بہترین قرار دیا۔ یولیا اس سے پہلے آج صبح ہوئے سی فائنل کے دوران مقابلے سے باہر ہو گئی تھیں۔

بریکزٹ پر دوبارہ ووٹنگ سے ہونے والے نقصان پر چیلنج دے سکتی ہیں: وزیر اعظم

لندن (پی این این)

وزیر اعظم تھریسا مے بریکزٹ پر دوسرے ریفرینڈم کی حمایت کرنے والے ارکان پارلیمنٹ کو چیلنج دے سکتی ہیں۔ وہ کہہ سکتی ہیں کہ اس سے برطانیہ کی سیاست کو ناقابل تلافی نقصان پہنچے گا۔

وزیر اعظم دفتر 10 ڈاؤننگ اسٹریٹ سے جاری بیان کے مطابق، میں پارلیمنٹ سے کہہ سکتی ہیں کہ

"ایک اور ریفرینڈم کر کر برطانیہ کے لوگوں کا اعتبار نہ توڑیں۔ وہ کہیں گی ایک اور ریفرینڈم ہماری سیاست کی ایمان داری کو ناقابل تلافی نقصان پہنچائے گا۔ ساتھ ہی دوسری بار ریفرینڈم سے بھی ہمارا راستہ کچھ آسان نہیں ہوگا۔ وہ تنبیہ کریں گی ایک اور ریفرینڈم ہمارے ملک کو ایسے وقت پر اور ہانکنے کا کام کرے گا جب ہمیں اسے متحد کرنے کیلئے کام کرنا چاہیے۔

پوپ فرانسس کی 82 ویں سالگرہ

ویٹیکن سٹی (پی این این)

کیتھولک کلیسا کے روحانی پیشوا پوپ فرانسس کی 82 ویں سالگرہ منائی گئی جس میں انہوں نے بچوں کے ساتھ طریک کیک کاٹا اور لوگوں کا شکریہ ادا کیا۔ ویٹیکن سٹی میں بچوں سمیت ہزاروں افراد نے انھیں سالگرہ کی مبارکباد دی۔ پوپ فرانسس نے اپنے پیروکاروں کا شکریہ ادا کیا۔ اس موقع پر پوپ نے نائیجیریا میں اغوا ہونے والی لڑکی کی رہائی کا مطالبہ بھی کیا۔ پوپ فرانسس ارجنٹائن کے دارالحکومت بیونس آئرس کے سابق آرچ بشپ ہیں۔

وزیر داخلہ سال کے اخر تک عہدہ چھوڑ دیں گے: ٹرمپ

واشنگٹن (ایجنسیاں)

امریکی صدر ڈونالڈ ٹرمپ نے ہفتے کے روز اس بات کا اعلان کیا کہ اسکینڈل میں ملوث محکمہ داخلہ کے وزیر رائن زنکی اس سال کے آخر تک اپنا عہدہ چھوڑ دیں گے۔ ایک ہی دن کے اندر ٹرمپ کی جانب سے اعلیٰ سطحی رخصت سے متعلق یہ دوسرا اعلان ہے۔ تنازع میں الجھے ٹرمپ انتظامیہ سے الگ ہونے والے یہ تازہ ابلاغ ہیں۔ ہفتے کی صبح ایک ٹویٹ میں ٹرمپ نے کہا ہے کہ 'مرائن نے اپنے عہدے کی کافی میعاد پوری کر لی ہے اور قوم کی خدمت بجالانے پر میں ان کا مشکور ہوں'۔ انھوں نے کہا کہ زنکی کے متبادل کا آئندہ ہفتے اعلان کیا جائے گا۔ ٹرمپ کے اعلان میں اس بات کا اشارہ نہیں ملتا آیا زنکی مستعفی ہوئے یا انھیں زمہ داری سے فارغ کیا گیا۔

یہ تبدیلی ایسے میں سامنے آئی ہے جب کہا جا رہا ہے کہ محکمہ انصاف اس بات پر غور کر رہا ہے آیا ان کے خلاف مجرمانہ سازش کی تفتیش کی جانی چاہیے۔ ان کے ذاتی انداز اور انتظامی فیصلوں کی نتیجے میں یہ سوال اٹھائے جا رہے ہیں آیا انھوں نے عہدے کا ذاتی منفعت کے لیے استعمال کیا ہے، جس سے کم از کم 15 تفتیشیں ہو رہی ہیں، جن میں سے متعدد میں کسی غلط کاری کا الزام غیر درست ثابت ہو چکا ہے۔

آئی ایم ایف کا پاکستان کو قرض دینے سے صاف انکار
ہم کسی کا قرض چکانے کے لئے قرض نہیں دیں گے

واشنگٹن (پی این این)

امریکی ممبر پارلیمنٹ بریڈ شرمن نے کہا کہ بین الاقوامی مالیاتی فنڈ (آئی ایم ایف) پاکستان کو بین کا قرض ادا کرنے کے لئے قرض نہیں دے سکتا۔ ڈیموکریٹک ممبر پارلیمنٹ نے کہا کہ کئی ملکوں کو قرض کے نیٹ ورک میں پھنسا دیا گیا بین کا دولت اڑانے کے لئے کوئی آسان طریقہ نہیں ہے۔

اپنی بد حال معاشیات کو سدھارنے کے لئے پاکستان نے آئی ایم ایف سے آٹھ ارب ڈالر کا قرض دینے کی اپیل کی ہے۔ پاکستان کے غیر مطمئن دانشوروں اور صحافیوں کے ساتھ اتوار کو یہاں میٹنگ میں شرمن نے کہا، پاکستان اگر چین کا قرض چکانے کے لئے قرض لینا چاہتا ہے تو امریکہ آئی ایم ایف میں اپنے ویٹو پاور کا استعمال کر ایسا نہیں ہونے دیگا۔

بین خود ملکوں کو قرض کے جال میں پھنسانا ہے اگر وہ ویش قرض نہیں ادا کر پاتے تو یہ بین کی مسئلہ ہے اس کے لئے آئی ایم ایف جیسی تنظیموں کا غلط استعمال نہیں ہونے دیا جا سکتا۔ امریکہ پاکستان تعلقات کے مستقبل پر بات کرتے ہوئے شرمن نے کہا کہ جب تک ڈاکٹر شکیل افریدی کا معاملہ نہیں حل ہوتا، تعلقات میں دراڑ بنی رہے گی۔

امریکی انٹیلی جنس ایجنسی سی آئی اے کو اوبما دور میں چھپے القاعدہ سربراہ اسامہ بن لادین کی جاسوسی دینے والے افریدی کو پاکستان میں 33 سال کی جیل ہوئی ہے اور امریکہ افریدی کا رہائی چاہتا ہے۔

حکومتی پیکیج کے باوجود 'پیلی جیکٹ' مہم جاری

پیرس (پی این این)

حکومت کی طرف سے مکمل گھٹنے ٹیکنے کے باوجود فرانس بھر میں حکومت کے خلاف 'پیلی جیکٹ' مہم جاری ہے اور کرسمس چھٹیوں میں منانے کے انتظامات کر لئے ہیں۔ فرانسیسی وزیر اعظم ایڈوارڈ فلپ کی طرف صدر ایمانویل ماکھوں کے اعلان کے مطابق پیکیج جاری کر دیا گیا جبکہ 100 یورو اضافہ اور کم از کم تنخواہ 1560 کو بھی 'پیلی جیکٹ' والوں مسترد کر دیا ہے۔ دوسری جانب پہلے چار ہفتوں کے مقابلے میں پانچویں ہفتے 'پیلی جیکٹ' کی مظاہرے میں کم شرکت کو حکومت اپنی کامیابی قرار دے رہی ہے اور توقع کی جا رہی تھی کہ مہم ختم ہو جائے گی تاہم 'پیلی جیکٹ' کے نئے اعلان نے حکومت کی امیدوں پر پانی پھیر دیا ہے۔

مختصر مختصر

سڑک حادثہ، 12 افراد ہلاک

ہراریے (ژنہوا)

زمبابوے میں ہوئے ایک زبردست سڑک حادثے میں 11 لوگوں کی موت ہوگئی۔ پولیس نے بتایا کہ راجدھانی ہراریے سے 49 کلومیٹر دور بانی وے پر دو منی بسیں ایک دوسرے سے ٹکرا گئیں جس کے نتیجے میں 11 افراد موقع پر ہی ہلاک ہو گئے۔ پولیس کے ترجمان پال نیاتھی نے بتایا کہ ایک منی بس کا ٹائر پھٹ جانے کی وجہ سے مخالف سمت سے آ رہی دوسری بس نے ٹکر کھائی جس کی وجہ سے ایک بچہ سمیت 11 لوگوں کی موت ہوگئی۔ پولیس کے مطابق یہ حادثہ زمبابوے اور موزمبیق کی سرحد کے قریب پیش آیا ہے۔ پولیس اس حادثے کی تفصیلی معلومات حاصل کرنے کی کوشش کر رہی ہے۔

یونان میں بم دھماکہ کوئی زخمی نہیں

ایتھنس (یو این آئی)

یونان میں اسکائی ٹی وی کی عمارت میں آج ایک زبردست بم دھماکہ ہوا۔ اطلاعات کے مطابق یہ دھماکہ دوپہر بارہ بجکر 30 منٹ پر ہوا۔ ابھی تک بم دھماکے میں کسی کے زخمی ہونے کی اطلاع نہیں ہے۔ خبر رساں ایجنسی اسپوتنک کے مطابق دھماکے کے بعد عمارت کی کھڑکیاں اور دیگر سامان کو نقصان پہونچا ہے۔ ذرائع کے مطابق انتظامیہ کو پہلے ہی اس دھماکے کے بارے میں متنبہ کیا گیا تھا، ابھی تک کسی بھی دہشت گرد تنظیم نے بم دھماکے کی ذمہ داری نہیں لی ہے۔

'فرینکفرٹ پولیس میں دائیں بازو کا انتہا پسند گروہ' کا شک

جرمنی (ایجنسیاں)

جرمنی میں جرائم سے نمٹنے والی ریاستی سطح کی پولیس (LKA) کے حکام انتہائی دائیں بازو کے ایک ایسے انتہا پسند گروہ کے بارے میں شبہ سے تفتیش کر رہے ہیں، جس کے بارے میں شبہ ہے کہ اس کے ارکان فرینکفرٹ کی پولیس فورس کا حصہ ہیں۔ اس بارے میں رپورٹ 'فرینکفرٹ الگمائنے زائیتنگ' میں اتوار کے دن چھپی۔ ایل کے اے نے صوبہ ہیسے میں ایک خصوصی تحقیقاتی گروپ تشکیل دیا ہے، جو اس معاملے کی تفتیش کرے گا۔

حکام کو شبہ ہے کہ چند آفیسرز نے ایک ترک نژاد وکیل کو ایک تہنیتی خط بھیجا۔ سیدا باسے یلدیز بعض مسلم انتہا پسندوں کے مقدمات کی پیروی کر چکی ہیں۔ انھیں جو خط بذریعہ فیکس بھیجا گیا، وہ جرمنی کو برباد نہیں کر وگی۔ یہاں سے دفع ہو جاؤ جب تک زندہ بچ کر نکل سکتی ہو۔ 'اس بارے میں 'فرینکفرٹر نوئے پریسے' سے بات چیت کرتے ہوئے یلدیز نے بتایا کہ انہیں دھمکیوں والے دو تہنیتی آپ خطوط پہلے بھی موصول ہوتے رہے ہیں لیکن وہ اس بارے میں فکرمند ہیں کہ تفتیش میں کیا ہوگا۔

یلدیز کو لکھے گئے خط میں پہچی تحریر ہے، 'روڈس میں ہم تمہاری بیٹی کو قتل کر دیں گے۔' اس دھمکی کے بعد خاتون وکیل کی بیٹی کا مکمل نام اور پتہ درج ہے اور پھر ان ایس یو نو' لکھا ہے۔ یہ اسی نو نازی گروہ کا نام ہے، جو سن 2000 کی دہائی میں سرگرم تھا اور ترک نژاد یا غیر ملکیوں کے قتل میں ملوث تھا۔ یلدیز نے اخبار کو بتایا کہ ان کی دو سالہ بیٹی کا نام اور اس کا پورا پتہ انہیں نہیں معلوم۔ یہ دھمکی اور توہین آمیز خط رواں سال اگست میں یلدیز کو بھیجا گیا تھا۔ ابتدائی تفتیش سے پتہ چلا کہ اس کارروائی میں کم از کم پانچ پولیس افسران ملوث ہو سکتے ہیں۔

مشتبہ افراد ایک تھی بات چیت میں نیمانازی پیغامات اور تصاویر کا تبادلہ کرتے رہے تھے، جو کو جرمنی میں ایک سنگین جرم ہے۔ تفتیش کاروں کو اس بارے میں پتہ ایسے چلا کہ پولیس کے دفتر میں ایک پیپٹر کو لفیر کسی مبہم یلدیز کی ذاتی معلومات تک رسائی کے لیے استعمال کیا گیا تھا۔ جرمنی میں جرائم سے نمٹنے والی ریاستی سطح کی پولیس (LKA) کے مطابق اس کیس کا دائرہ کار کافی وسیع ہو سکتا ہے۔ متعلقہ پانچوں پولیس اہلکاروں، جن میں چار مرد اور ایک عورت شامل ہیں، کو ان کی ملازمت سے فی الوقت الگ کر دیا گیا ہے۔ یلدیز اس بارے میں ناخوش ہیں کہ پولیس نے انہیں تازہ پیش رفت سے آگاہ نہیں کیا بلکہ انہیں یہ معلومات ذرائع ابلاغ کے ذریعے ملی ہیں۔ وہ کہتی ہیں کہ وہ بار بار پولیس سے اس بارے میں پوچھتی رہیں لیکن انہیں کوئی جواب موصول نہیں ہوا۔

اقوام متحدہ کی فلسطینیوں کیلئے 35 کروڑ ڈالر جمع کرنے کی اپیل

اقوام متحدہ (ایجنسیاں)

اقوام متحدہ اور فلسطینی اتھارٹی نے پیر کے روز ایک اپیل میں 35 کروڑ ڈالر جمع کرنے کا مطالبہ کیا ہے تا کہ آئندہ سال فلسطینیوں کو امدادی سامان فراہم کیا جا سکے۔ سال 2019 کے لیے 203 منصوبوں کا تعین کیا گیا ہے جن پر 88 مختلف جماعتیں عمل درآمد کریں گی۔ ان میں اقوام متحدہ کی ایجنسیاں اور غیر سرکاری تنظیمیں شامل ہیں۔ غزہ پٹی، مغربی کنارے اور مشرقی بیت المقدس میں اقوام متحدہ کے انسانی امور کے رابطہ کار جیمی مک گولڈریک کے مطابق امدادی منصوبے میں اولین ترجیح ان 14 لاکھ فلسطینیوں کو دی گئی ہے جن میں اکثریت غذا، طبی دیکھ بھال، پانی اور صحت عامہ کے وسائل کی ضرورت مند ہے۔ امریکا نے گزشتہ برس برطانیہ کے لیے اپنی فنڈنگ کو کم کر دیا تھا۔ اس فنڈنگ میں فلسطینی پناہ گزینوں کے لیے اقوام متحدہ کی ایجنسی اونروا کے لیے 36.5 کروڑ ڈالر پیش کرنے کا ارادہ کیا تھا تاہم اس نے 6 کروڑ ڈالر کی پہلی قسط ادا کرنے کے بعد اگست میں یہ اعلان کر دیا کہ وہ مزید عطیات فراہم نہیں کرے گا۔ اس اقدام پر فلسطینی قیادت پر دباؤ کا ذریعہ قرار دیا جا رہا ہے تا کہ وہ اسرائیل کے ساتھ امن مذاکرات میں شریک ہو جائے۔

ٹرمپ نے اپنے سابق وکیل کو کہا چوہا

واشنگٹن (پی این این)

امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے اپنے سابق وکیل مائیکل کوہن کو چوہا بتایا ہے۔ کوہن کو سال میں سال 2016 کے صدارتی انتخاب میں روس کے مبینہ دخل سیسے کی معاملوں میں قانون کی خلاف ورزی کے لئے تین سال قید کی سزا سنائی گئی ہے۔ یہی ٹرمپ کے لئے کوئی کھانے کی بات کرنے والے کوہن اب ان معاملوں کی جانچ میں پراسیکیوٹر کی مدد کر رہے ہیں۔ اسی سے ناراض ٹرمپ نے کہا، ایف بی آئی (سنگھی جانچ ایجنسی) نے کچھ ایسا کیا ہے جس کے بارے میں نہ کبھی سوچا تھا نہ کی سنا گیا تھا۔ اس کے بعد کوہن صرف ایک چوہا بن کر رہ گیا۔ عام طور پر اس الفاظ کا استعمال اخلاقی جرم کے میدان میں ان لوگوں کے لئے کیا جاتا ہے جو دل بدل کر سرکاری افسران کے مخبری بن جاتے ہیں۔

سچ کی آواز
SACH ki AWAZ • सच की आवाज़
نئی دہلی، 18 دسمبر 2018 منگل



'زیرو' کی ایڈوانس بکنگ شروع

شاہ رخ خان کی آنے والی فلم 'زیرو' کے لئے ایڈوانس بکنگ شروع ہو چکی ہے۔ فلم کے لئے ٹکٹ بکنگ 16 دسمبر سے بکنگ شروع ہو چکی ہے۔ بکنگ کی شرعات شاہ رخ نے اپنے کردار، او انشگھ کے برتھ ڈے کو انجیکشن بنانے کے لئے کی۔ شاہ رخ خان نے اپنے ٹوئٹر اکاؤنٹ پر لکھا 'بھائی، او انشگھ تج سے اسی سوچ میں ہوں کہ تمہیں کیا تحفہ دوں اتم نے میرے برتھ ڈے پر سبھی کو، او، او انشگھ کیا تھا، تو تمہارے برتھ ڈے پر میری طرف سے زیرو کے لئے بکنگ شروع ہوتی ہے۔' اس ٹوئٹ پر، او انشگھ نے بھی ری ٹوئٹ کیا۔ 'سمپل تو ہے خان صاحب۔ آپ کے برتھ ڈے پر ہم کے، او انشگھ گفٹ کیا تھا، او انشگھ کے برتھ ڈے پر آپ شاہ رخ خان گفٹ کر دو! اتنی دعا کر دو ہمارے لئے کہ جتنا پیار دیا نے آپ کو دیا ہے بس اتنا ہی ہمیں بھی مل جائے۔' واضح ہو کہ شاہ رخ خان کی سالگرہ 2 نومبر کو ہوتی ہے۔ اس دن فلم 'زیرو' کی ٹیم نے کردار، او انشگھ کے کردار کا سوشل میڈیا اکاؤنٹ شروع کیا تھا۔ اس کردار کو شاہ رخ ہی فلم میں نبھا رہے ہیں۔ 21 دسمبر کو ریلیز ہو رہی 'زیرو' میں شاہ رخ ایک بونے شخص کا کردار نبھا رہے ہیں فلم میں ان کے علاوہ کیٹرینا کیف اور انوشکا شرما بھی اہم رول میں ہیں۔ اس فلم کو آنند ایل رائے نے ڈائرکٹ کیا ہے، میں شاہ رخ کی بیوی گوری اس کی پروڈیوسر ہیں۔

شاہ رخ خان چار سال بعد سہانا کو لانچ کریں گے

مشہور اداکار شاہ رخ خان کا کہنا ہے کہ وہ چار سال بعد اپنی بیٹی سہانا کو لانچ کریں گے۔ شاہ رخ کی بیٹی سہانا ان دنوں لندن میں ایکٹنگ اور فلم سے متعلق تعلیم حاصل کر رہی ہیں۔ سہانا کا یہ کورس تقریباً چار سال کا ہے۔ شاہ رخ چاہتے ہیں کہ سہانا پہلے اپنی تعلیم پوری کریں اور اس کے بعد وہ اداکاری کی دنیا میں قدم رکھیں۔ سہانا اداکارہ بننا چاہتی ہیں۔ شاہ رخ اپنی بیٹی کے اس فیصلے کا احترام کرتے ہیں، لیکن وہ چاہتے ہیں کہ سہانا سب سے پہلے اداکاری اور فلم سے متعلق اپنی پڑھائی مکمل کریں اس کے بعد ہی، وہ فلم انڈسٹری سے جڑ سکتی ہیں۔

شاہ رخ کا خیال ہے کہ اداکاری کی تعلیم حاصل کئے بغیر اچھا اداکار نہیں بنا جا سکتا۔ انہوں نے کہا: 'سہانا اس وقت سیکھ رہی ہیں کہ اداکارہ کیسے بنتا ہے، وہ لندن میں پڑھائی کر رہی ہیں۔ پڑھائی کے دوران ایک ڈیپارٹمنٹ انٹرنیٹ تھیٹر ہوتا ہے۔ گزشتہ سال جب ان کو انٹرنیٹ کرنا تھی، تب میں نے انہیں زیرو کے سیٹ پر بلا لیا تھا کہ انٹرنیٹ میرے سیٹ پر کرلو، ہم ساتھ میں وقت بھی گزار پائیں گے۔ سیٹ پر آنے نے انہیں کوئی دوسرا کام دینے کے بجائے بہت ہی چالاکی سے مجھے سیٹ پر وقت پر لانے کا کام دے کر میرا اسسٹنٹ ڈائریکٹر بنا دیا تھا۔' شاہ رخ نے کہا کہ سہانا نے یہ کام اچھی طرح انجام دیا، وہ ہر روز گھر سے پوری طرح تیار کر کے مجھے سیٹ پر بروقت لانے کا کام کرتی تھی۔ میں سہانا کو انوشکا اور قطرینہ کا کام بھی دکھانا چاہتا تھا کیونکہ دونوں ہی مختلف اداکارہ ہیں۔ وہ بچپن سے ہی دونوں کو اچھی طرح جانتی ہے۔ انوشکا سہانا کے زیادہ قریب ہے۔ میں چاہتا تھا سہانا سیٹ پر انوشکا اور قطرینہ کو دیکھے اور انہیں اچھی طرح سمجھے کہ سیٹ پر اداکارہ کے کام کرنے کا کیا طریقہ ہوتا ہے۔

شادی کی پلاننگ کرنا مشکل

اداکارہ قطرینہ کیف کا کہنا ہے کہ ابھی شادی کی پلاننگ کرنا مشکل ہے۔ حال ہی میں دیپیکا پڈوکون، رنویر سنگھ اور پرینکا چوپڑا کی شادی ہوئی ہے۔ قطرینہ کیف سے جب پوچھا گیا کہ وہ شادی کب کرنے والی ہیں تو انہوں نے جواب دیا کہ شادی کے سلسلے میں ہر کوئی ان سے یہ سوال کر رہا ہے۔ لیکن ان کا خیال ہے کہ اسے پلان کرنا بہت مشکل ہے۔ قطرینہ نے کہا کہ یہ ممکن نہیں ہے کہ آپ انٹرنیٹ پر گئے اور آپ نے بٹن پریس کیا اور اچانک آپ کو ای میل آگئے۔ یہ اس طرح نہیں ہوتا۔ میرا خیال ہے کہ ان چیزوں کو وقت پر چھوڑ دینا چاہئے۔ اگر آپ کو لگتا ہے کہ آپ صحیح انسان کی تلاش وہاں بھی کر سکتے ہیں تو کریں۔ لیکن مجھے نہیں لگتا کہ ان چیزوں کی پلاننگ ہو سکتی ہے۔ مجھے لگتا ہے کہ اگر یہ ہوتا ہے تو خود بہ خود ہو جائے گا۔ کئی بار ایسا ہوتا ہے کہ ہم جس طرح سے چیزوں کو پلان کرتے ہیں اس طرح سے چیزیں ہو نہیں پاتی ہیں یا اس طرح سے کام نہیں کر پاتی ہیں۔ لیکن کبھی کبھی کوئی نہیں جانتا بغیر پلاننگ کے بھی چیزیں ہو جاتی ہیں۔

اگلے سال یوم آزادی پر ریلیز ہونے والی سال کی سب سے بڑی فلم 'ساہو'

بالی ووڈ کی سب سے ہٹ اور معروف جوڑی اسکرین جوڑیوں میں سے ایک شاہ رخ خان اور کاجول ہیں۔ دل والے دلہنیا لے جائیں گے سے اس جوڑی کو لے کر دیوانگی شروع ہوئی، وہ آج بھی برقرار ہے۔ لوگ آج بھی اس جوڑی کو ساتھ میں سلور اسکرین پر دیکھنا چاہتے ہیں اور ان کی یہ خواہش جلد ہی ایک بار پھر پوری ہوتی دکھائی دے رہی ہے۔ ریپورٹس کی مانیں تو عرفان خان کی فلم 'ہندی میڈیم' کا سیکول بننے جا رہا ہے، جس کے لئے ایڈیٹر کے طور پر کاجول اور شاہ رخ خان کا نام سامنے آیا ہے۔ چرچا کیا جا رہا ہے کہ دونوں نے فلم کی اسکرپٹ بھی پڑھ لی ہے۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ فلم میں عرفان خان بھی نظر آئیں گے۔ فلم کی شوٹنگ اس بار یورپ میں کی جائے گی۔

اس فلم کو دیش وزن پروڈیوس کر رہے ہیں۔ سال 2017 میں آئی فلم 'ہندی میڈیم' کو ڈائرکٹ کرنے والے ساکیت چودھری اس پروجیکٹ کا حصہ نہیں ہیں۔ ان کی جگہ ہومی اداجانی اس سیکول کو ڈائرکٹ کریں گے۔ وہ پہلے بھی دیش وزن کے ساتھ فلم 'کاکٹول' اور 'فائنڈنگ فینی' کے لئے بھی کام کر چکے ہیں۔

فلم کے سیکول میں اگر شاہ رخ خان کام کرتے ہیں تو ان کی اور عرفان کی یہ ساتھ میں دوسری فلم ہوگی۔ اس سے پہلے یہ دونوں سال 2009 میں آئی مووی 'ہٹو میں ساتھ دکھائی دے چکے ہیں۔ حالانکہ 'ہندی میڈیم' کے سیکول سے جڑی ان ابھی رپورٹس کو لے کر ابھی تک دیش وزن کا کوئی ردعمل سامنے نہیں آسکا ہے۔

بالی ووڈ اداکار رشی کپور کی بیٹی ریلیز ہونے والی بھارتی فلم کے عنوان کے ساتھ یہ 2019 کی سب سے بڑی فلموں میں سے ایک ہوگی۔ پربھاس کی سالگرہ کے موقع کو لیک کرتے ہوئے سازوں نے ناظرین کے جوش و جذبے کو بڑھاتے ہوئے 'مشیئس آف ساہو' نامی ایونچیس شیڈول کی ایک جھلک کا اشتراک کیا تھا جس نے ناظرین کے مفاد میں کام کیا اور اسے ناظرین نے خوب سراہا۔ جین

بالی ووڈ کی سپر ہٹ فلم 'باہوبلی' کی بے پناہ کامیابی کے بعد پربھاس اب فلم ساہو میں نظر آئیں گے جو 15 اگست 2019 کو سینما گھروں میں دستک دینے کے لئے تیار ہے۔ یوم آزادی کی قومی چھٹی پر ملک کو سال کی سب سے بڑی فلموں میں سے ساہو دیکھنے کو ملے گی کیونکہ سپر اسٹار پربھاس باہوبلی فرنچائزی کے بعد ساہو کے ساتھ بڑے پردے پر اپنی واپسی کر رہے ہیں۔ 'ساہو' تین مختلف زبانوں میں ریلیز ہونے والی اس فلم کو ایک ساتھ ہندی، تامل اور تیلگو میں فلمایا جا رہا ہے جس نے اب تک سب رشی فلم میں سے ایک بنا دیا ہے۔ اس کے علاوہ سب سے زیادہ اسکرین پر اقوامی ایکشن ماسٹر کینی لیٹس کی طرف سے کوریوگرافی کئے گئے ایکشن سٹنٹ اور 'مشیئس آف ساہو' کے پہلے باب نے شائقین کے درمیان اور زیادہ دیکھنے کی خواہش پیدا کر دی ہے۔ سب سے زیادہ متوقع فلموں میں سے ایک 'ساہو' میں سپر اسٹار پربھاس کے ساتھ بالی وڈ اداکارہ شردھا کپور بھی اہم کردار میں نظر آئیں گی اور فلم کو ایک ساتھ ہندی، تامل اور تیلگو میں شوٹ کیا جا رہا ہے۔ ساہو میں پربھاس اور شردھا کپور کے علاوہ وینل جین گلیٹس، جیکی شراف، مندرا بیدی، مہیش منجریکر اور جنکی پانڈے انٹرٹینمنٹ کا تڑکا لگاتے ہوئے نظر آئیں گے۔ کثیر باصلاحیت اپیتا بچن پانڈے کے کرکس اور شنکر احسان۔ لوئی کی حیرت انگیز تکنیکی کے مہیتگی کے ساتھ یہ آپ کی پہلے لسٹ میں جگہ بنانے کے لئے تیار ہے۔ اس فلم میں فوٹو گرافی کے ڈائرکٹر میتری، تجربہ کار ایڈیٹر شریکر پرساد اور مقبول پروڈکشن ڈیزائنر سابو سائرل کی موجودگی کے ساتھ آپ ایک ناقابل یقین اور حیرت انگیز فلم کی توقع کر سکتے ہیں۔

سارہ خان کو 'باغی تھری' میں کام کی پیشکش

بالی بھرنے کی صورت میں سارہ خان میں اسٹریم فلمز میں کمرشل اداکارہ کے طور پر سامنے آنے میں کی ممیتی، ڈیبو فلم 'کیدر ناتھ' کی کامیابی کے بعد سارہ علی خان کو ایکشن سے بھرپور فلم 'باغی' کے تیسرے سیکول میں شامل کرنے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ بالی ووڈ کے چھوٹے نواب سیف علی خان کی بیٹی سارہ علی خان ان دنوں اپنی ڈیبو فلم 'کیدر ناتھ' کی کامیابی کا جشن منانے میں مصروف ہیں۔ پہلی ہی فلم کی ذریعے سارہ نے مداحوں کے ساتھ ساتھ کئی ناموربدایت کاروں پر بھی حیرطاری کر دیا ہے۔ فلم باغی کے پروڈیوسر ساجد ناڈیاڈ والا اس کی متاثر کن اداکاری کی وجہ سے اداکارہ کے گرویدہ ہو گئے ہیں اور اسی خوشی میں انہوں نے فلم باغی کے تیسرے سیکول میں سارہ کو کام کرنے کی پیش کش کر دی۔

بھارتی میڈیا کے مطابق فلم باغی کے فلم ساز ساجد ناڈیاڈ والا کے قریبی ذرائع نے تصدیق کرتے ہوئے کہا ہے کہ فلم باغی کے تیسرے سیکول کے لیے سارہ علی خان کو ایکشن کی گئی ہے۔ اگر سارہ اس بڑے پروجیکٹ کو کرنے کی ہامی بھرتی ہیں تو وہ مین اسٹریم فلمز میں کمرشل اداکارہ کے طور پر سامنے آئیں گی۔ سارہ خان نے ایک انٹرویو میں کہا کہ 'میں ہمیشہ سے ہی یہ چاہتی ہوں کہ فلم سیٹ پر مجھے موت آئے کیوں کہ فلموں کے بنا میری زندگی خالی ہے۔' انہوں نے یہ بھی کہا کہ وہ مستقبل میں مختلف قسم کے کردار کے تجربات کرنا چاہیں گی' وہ واضح رہے کہ فلم 'کیدر ناتھ' سے ڈیبو کے بعد سارہ علی خان معروف بدایت کار ورہت سیٹھی کی فلم 'سمبا' میں رنویر سنگھ کے ہمراہ جلوہ بکھیرتی نظر آئیں گی۔ فلم رواں ماہ کی 28 دسمبر کو سینما گھروں کی زینت بنے گی۔

شاہ رخ اور کاجول کے پھر ساتھ آنے کا امکان

ان کے وہم وگمان میں بھی نہیں تھا کہ ساتھ سے آنے والی ایک معمولی اداکارہ انہیں یوں انکا سامنا جواب دے دے گی۔ وہ ذرا تیز لہجے میں بولے "اگر نام نہیں بدلنا ہے تو کم از کم اسے کچھ چھوٹا ہی کر لو۔ وحیدہ رحمان۔۔۔ یہ نام کھٹا کون لگے گا اور کسے صاحب بھی ہمارے ساتھ تھے۔ وہ ہماری فلمی کے بہت پرانے جانے والے، ہمدرد اور خیر خواہ تھے۔ 1955 کے اختتام پر ہم بمبئی پہنچے اور چرچ گیٹ پر واقع رنز ہوٹل میں قیام کیا۔

دوسرے روز ہم "گرودت فلمز" کے دفتر پہنچے جو مہالکشمی کے علاقہ میں واقع "بنس اسٹوڈیو" کی پہلی منزل پر تھا۔ وہاں فلم پروڈکشن سے متعلق کئی افراد موجود تھے۔ ان میں ڈائرکٹر راج کھوسلہ بھی تھے جو فلم "سی آئی ڈی" ڈائرکٹ کر رہے تھے۔ مجھے اسی فلم میں کاسٹ کرنے کی غرض سے بلایا گیا تھا۔ میرا کوئی آڈیشن یا کیمرا ٹیسٹ نہیں ہوا۔ میری صرف چند تصاویر بھیجی گئیں۔ پھر کنٹریکٹ سائن کرنے کا مرحلہ آیا تو ڈائرکٹر راج کھوسلہ نے مجھ سے کہا "تمہارا نام بہت لمبا ہے۔ تمہیں اس کو تبدیل کرنا ہوگا۔"

میں نے بلا تامل کہا "یہ نام مجھے میرے والدین نے دیا ہے۔ میں اسے تبدیل نہیں کروں گی۔"

کمرے میں سناٹا چھا گیا اور راج کھوسلہ کا چہرہ غصے سے سرخ ہو گیا۔ شاید یہ اچھا لگے گا؟ تمہارا نام صرف 'وحیدہ' ہوگا 'رحمان' اپنے نام سے ہٹاؤ۔"

میں نے پہلے ہی کی طرح فیصلہ کن لہجے میں کہا "میرے نام سے رحمان نہیں ہٹے گا۔ میں اگر بمبئی کی فلموں میں کام کروں گی تو وحیدہ رحمان کے نام سے ہی کروں گی، ورنہ نہیں کروں گی۔"

راج کھوسلہ شاید بڑی مشکل سے اپنا غصہ ضبط کرتے ہوئے بولے "ہم تمہیں کوئی بڑا یا انہونا کام کرنے کے لئے نہیں کہہ رہے ہیں۔ یہ بمبئی کی فلم انڈسٹری کا عام سا رواج ہے۔ یہاں تقریباً ہر ایک کا خوصلہ آگیا تھا۔ میں نے پہلے ہی کی طرح مضبوط لہجے میں کہا "میں ہر ایک نہیں ہوں"۔

کمرے میں ایک بار پھر گہرا سناٹا چھا گیا۔ ایک لمحہ کے توقف کے بعد میں نے مزید کہا "میں اپنے ای نام کے ساتھ دو فلمیں کر چکی ہوں دو سرے

> یہ نام مجھے میرے والدین نے دیا ہے میں اسے تبدیل نہیں کروں گی

> قانونی طور پر ابھی میں بالغ نہیں تھی، کنٹریکٹ کے کاغذات پر سائن کرنے کیلئے قلم میری والدہ کو دیا گیا لیکن اس سے پہلے کہ وہ سائن کرتیں، میں نے اشارے سے انہیں روکتے ہوئے کہا 'ایک منٹ ...'

میں نہ تو گھر سے بھاگ کر آئی ہوں اور نہ ہی گھر والوں کے بغیر فلموں میں کام کر رہی ہوں۔ میری والدہ یہاں میرے ساتھ بیٹھی ہیں۔ اس کے علاوہ میں نہیں سمجھتی کہ میرا نام اتنا زیادہ لمبا ہے۔ اس میں صرف دو الفاظ ہیں، میرے خیال میں اسے بدلنا مجھ میں نہ جانے کہاں سے اعتماد اور حوصلہ آگیا تھا۔ میں نے پہلے ہی کی طرح مضبوط لہجے میں کہا "میں ہر ایک نہیں ہوں"۔

کمرے میں ایک بار پھر گہرا سناٹا چھا گیا۔ ایک لمحہ کے توقف کے بعد میں نے مزید کہا "میں اپنے ای نام کے ساتھ دو فلمیں کر چکی ہوں دو سرے

پہلے کہ وہ سائن کرتیں، میں نے اشارے سے انہیں روکتے ہوئے کہا "ایک منٹ۔۔۔" پھر میں نے گرودت جی اور ڈائرکٹر راج کھوسلہ کو مخاطب کرتے ہوئے کہا "کنٹریکٹ میں ایک شرط یہ بھی شامل ہوگی کہ اگر فلم کے لئے دیا گیا کوئی لباس مجھے پسند نہ آیا تو وہ میں نہیں پہنوں گی۔"

اب تو گرودت جی بھی اپنی کرسی پر سیدھے ہو کر بیٹھ گئے۔ شاید وہ بھی سوچنے پر مجبور ہو گئے تھے کہ یہ میں نے کس مصیبت کو بلا لیا ہے، ابھی اس لڑکی کی عمر اتنی نہیں ہے کہ یہ کنٹریکٹ سائن کرسکے اور یہ اپنی شرطیں منوانے کی کوشش کر رہی ہے۔ راج کھوسلہ تو اپنی کرسی پر باقاعدہ اچھل رہے تھے۔ انہوں نے شاید اب تک صرف یہی دیکھا تھا کہ کمیٹی کی فلم انڈسٹری میں آنے والے نئے اور نوجوان اداکار تو بات چیت کر، سر جھکا کر اور آنکھیں بند کر کے، یہ دیکھے بغیر کنٹریکٹ سائن کر دیتے تھے کہ اس میں لکھا کیا ہے۔ انہوں نے ساتھ ہے آنے والی، سترہ سال کی ایک لڑکی کے منہ سے شاید زندگی میں پہلی بار ایسی باتیں سنی تھیں۔

قانونی طور پر ابھی میں بالغ نہیں تھی، کنٹریکٹ کے کاغذات پر سائن کرنے کے لئے قلم میری والدہ کو دیا گیا لیکن اس سے

جاری

میری

(چوتھی قسط)

والدہ نے حسب معمول مسٹر پرشاد سے مشورہ کیا۔ فلموں کے معاملہ میں وہ انہی کو اپنا سب سے بڑا خیر خواہ اور سب سے اچھا مشیر سمجھتی تھیں۔ انہوں نے کہا کہ ہمیں بمبئی ضرور جانا چاہیے لیکن جن لوگوں سے بھی ہمیں واسطہ پڑے ہمیں ان کی ہر بات سر جھکا کر تسلیم کرنے کی ضرورت نہیں، جو بات ہمیں ٹھیک نہ لگے اسے ماننے سے ہمیں انکار کر دینا چاہیے اور اگر بمبئی میں ہمارا دل نہ لگے یا وہاں رہنا فائدہ مند دکھائی نہ دے تو ہمیں واپس آجانا چاہیے۔

ان مشوروں کو ذہن میں رکھتے ہوئے میں اور میری والدہ بمبئی روانہ ہو گئے جو ان دنوں بمبئی کہلاتا تھا۔ مسٹر لٹکم نامی ایک

سچ کی آواز
SACH KI AWAZ • सच की आवाज़
Published from New Delhi
www.sachkiawaz.com

غلط فیصلے کے سبب ٹیم انڈیا مشکل میں

غیر ذمہ دارانہ بلے بازی کی وجہ سے جیت کی پٹری سے اتر اہندوستان، آدھی ٹیم کی پویلین واپسی، گنگارووں نے کیا پلٹ وار

پرتھ (ایجنسیس)

پرتھ ٹیسٹ کے چوتھے دن محمد شمی نے اپنی گیند بازی کا جلوہ دکھاتے ہوئے تباہ کن گیند بازی کی اور کل 6 اہم وکٹ حاصل کئے، لیکن ہندوستان پھر بھی مشکل میں ہے، کیونکہ گیند بازوں نے تو شاندار گیند بازی کرتے ہوئے آسٹریلیائی بلے بازوں کے پیر اکھاڑ دیے لیکن تھرڈ امپائر کا غلط فیصلہ اور ہندوستان کی غیر ذمہ دارانہ بلے بازی خاص کر سماٹی کے بلے بازوں کی بہت بری ہی ویش کن اور غیر ذمہ دارانہ بلے بازی کی وجہ سے ہندوستان ایسا بار کے دہانے پر کھڑا ہے۔

میزبان آسٹریلیا نے دوسرے اور دلچسپ کرکٹ ٹیسٹ میچ کے چوتھے دن پنچ کو پلٹ وار کرتے ہوئے ہندوستان کے سامنے 287 رن کا مشکل ہدف رکھا، لیکن ٹیم انڈیا کی بلے بازی بالکل غیر ذمہ دارانہ رہی اور دن کا کھیل ختم ہونے تک ہندوستانی ٹیم نے دوسری اننگز میں کھل 112 رن بنا کر اپنے پانچ وکٹ گنوا دیا ہے، جس کی وجہ سے وہ مشکل میں نظر آ رہی ہے۔ آسٹریلیا نے ملے 287 رن کے ہدف کا پیچھا کرتے ہوئے ہندوستانی ٹیم دوسری اننگز میں 4 اوور میں 112 رن بنا کر پانچ وکٹ کھو چکی ہے جبکہ اسے ابھی پانچ وکٹ باقی رہتے 175 رنوں کی ضرورت ہے۔ اس کے بلے باز ہنوما وہاری 24 رن اور شبھم پنت 9 رن بنا کر کریز پر موجود ہیں۔

اس سے پہلے صبح ہندوستانی بلے بازوں نے اطمینان بخش تکمیل کا مظاہرہ کرتے ہوئے آسٹریلیا کی دوسری اننگز 243 رن پر سمیٹ دی تھی لیکن پہلی اننگز کی سبقت کی بنیاد پر اس نے ہندوستان کے سامنے 287 رن کا مشکل ہدف رکھا۔ ہندوستانی تیز گیند باز محمد شمی نے ٹیسٹ میچ میں بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے 56 رن پر چھ وکٹ لئے۔ دوسری اننگز میں ہندوستان کی شروعات خراب رہی اور اس نے افتتاحی بلے باز لوکیش راہل کا وکٹ پہلے ہی اوور کی پہلی گیند پر گنوا دیا۔

مثیل اسٹارک نے راہل کو صفر پر بولڈ کیا۔ مرلی وجے 20 رن، مائیلو ہسی پجارا چوپڑا، کپتان وراٹ کوہلی 17 رن اور وکٹ کیپر بلے باز 30 رن بنا کر آؤٹ ہو گئے۔ آسٹریلیا کے لئے آف اسپنر ناتھن لیون نے 12 اوور میں 30 رن پر دو وکٹ اور تیز گیند باز جوش ہیزلوڈ نے 24 رن پر دو وکٹ لئے جبکہ مثیل اسٹارک 28 رن پر ایک وکٹ ملا۔

صبح کے سیشن میں وراٹ اور آسٹریلیائی بلے باز ہم پنچ کے مابین نوک جھونک اور زبانی جنگ چلتی رہی جس سے میدانی امپائر کو پنچ میں دونوں کھلاڑیوں کو وارننگ دینا پڑی۔ حالانکہ ہندوستانی گیند باز اور وراٹ بھی اس کا جواب بلے سے نہیں دے سکے اور آسٹریلیائی گیند بازوں نے صرف 55 رن پر ہندوستان کے چار بلے بازوں کو پویلین بھیج دیا۔ راہل کے سستے میں آؤٹ ہو جانے کے بعد مرلی وجے نے 67 گیندوں میں تین چوکے کی مدد سے 20 رن بنائے لیکن بھروسہ مند بلے باز پجارا بیل اننگز کی طرح اس بار بھی سستے میں آؤٹ ہوئے اور ہیزلوڈ نے انہیں وین کے ہاتھوں کیچ کرا کر ہندوستان کا دوسرا اہم وکٹ نکالا۔

پجارا گیارہ گیندوں میں ایک چوکا لگا کر محض چار رن ہی جوڑ سکے۔ وہیں وراٹ نے بھی اہم موقع پر بلے سے مایوس کیا اور 40 گیندوں میں دو چوکے لگا کر 17 رن پر آؤٹ ہو گئے۔ پہلی اننگز میں سنچری بنانے والے وراٹ کوہلی نے میدان خوابہ کے ہاتھوں کیچ کرا کر تیسرے بلے باز کے طور پر آؤٹ کرایا جبکہ تھوڑی دیر بعد مرلی کا صبر بھی جواب دے گیا اور انہیں بھی لیون نے بولڈ کر دیا۔

مڈل آرڈر میں رہانے نے 47 گیندوں پر دو چوکے اور ایک چھکا لگا کر 30 رن بنائے اور ہنوما وہاری کے ساتھ 43 رن کی شراکت کی لیکن اس سے پہلے کہ وہ بڑی شراکت کرتے جیتز گیند باز ہیزلوڈ نے انہیں ٹریوس ہیڈ کے ہاتھوں کیچ کرا کر ہندوستان کی پاریوں اور دن کا آخری وکٹ لیکر مہمان ٹیم کو مشکل میں ڈال دیا۔ ہنوما 58 گیندوں میں چار چوکے لگا کر 24 رن پر ناٹ آؤٹ ہیں اور پانچویں دن ان پر رن بنانے کی بڑی ذمہ داری ہوگی۔ ان کے ساتھ پنت کریز پر موجود ہیں۔

اس سے پہلے میزبان آسٹریلیا نے پرتھ میں کھیلے جا رہے دوسرے کرکٹ ٹسٹ کے چوتھے دن پیر کے روز جیت کے لیے ہندوستانی ٹیم کو 287 رنوں کا مشکل ہدف دیا۔ ہندوستان نے پردہ وکٹ لینے جنبہ مڈیل اسٹارک کو 28 رن پر ایک وکٹ ملا۔

آسٹریلیا کی دوسری اننگز محض 93.2 اوور میں 243 رن پر سمیٹ دیا۔ پہلی اننگز میں 43 رن سے پچھڑنے والی ہندوستانی ٹیم کے لئے میں مدوی۔ پرتھ کی تیز اور اچھال بھری پچ پر آسٹریلیا نے اپنے آخری چھ وکٹ 51 رن کے دھچکے پر گنوائے، اگرچہ مثیل اسٹارک اور جوش ہیزل وڈ نے ناٹ آؤٹ وکٹ کے لئے 36 رن کی منڈیہ شراکت داری سے ٹیم کو بہتر اسکور دینے میں مدد کی۔ آسٹریلیا کی دوسری اننگز میں عثمان خواجہ 72 رن بنا کر ٹاپ اسکورر رہے۔ آسٹریلیا نے اننگز کا آغاز جارحانہ کرتے ہوئے پہلے وکٹ کے لئے 12 رن کے ناٹ آؤٹ بلے باز خواجہ اور ٹریوس ہیڈ نے پنچ کے سیشن میں ہندوستانی گیند بازوں کو کافی پریشان کیا۔

دونوں بلے بازوں نے پہلے وکٹ کے لئے 72 رن کی شراکت داری سے اپنی ٹیم کی پوزیشن میں اہم کردار ادا کیا۔ خواجہ نے کل ملا کر 71 رن اور ہیڈ نے 50 رن بنائے۔ ہیڈ نے اپنی اننگز میں 6 چوکے اور ایک چھکا لگایا۔ ہیڈ کو محمد شمی نے وکٹ کیپر رشبھ پنت کے ہاتھوں کیچ کرا کر چلتا کر دیا۔ خواجہ بھی اس کے چھ رن بعد ہی شمی کا ہی شکار بنے اور پنت نے ان کا کیچ لیا۔ باقی وکٹ بھی مسلسل گرتے رہے۔

آسٹریلیائی ٹیم نے دوسری اننگز میں اپنی 233 رنوں کی برتری میں تھوڑا اضافہ کیا لیکن چھ تیز گیند باز ہندوستانی گیند بازوں کے سامنے اس کے بلے بازوں نے 1.93 رن فی اوور کے حساب سے صرف 58 رنوں کا ہی مزید اضافہ کیا۔ اس کا اندازہ اسی سے لگایا جا سکتا ہے کہ خواجہ نے اپنی سست اننگز میں وکٹ بچاتے ہوئے سن بنائے اور اپنی 14 ویں نصف سنچری تک پہنچنے کے لئے انہیں 155 گیندوں کی ضرورت پڑی۔ شمی نے خواجہ کو ساتویں بلے باز کے طور پر آؤٹ کیا۔

پیٹ کمنس صرف ایک رن ہی بنا سکے۔ لیون نے 24 رن بنائے اور شمی نے انہیں ہنوما وہاری کے ہاتھوں کیچ کرا کے اننگز میں اپنی چوتھی وکٹ حاصل کی جبکہ لیون کی وکٹ بھی مسلسل گرتی رہی۔ شمی نے انہیں بھی ہنوما وہاری کے ہاتھوں کیچ کرا کر اننگز میں اپنی چوتھی وکٹ حاصل کی جبکہ لیون نے 24 رن بنائے اور